برخود نظر کشا ز تہی دامنی مرنج
در سینۂ تو ماہِ تمامے نہادہ اند

# پاجا سراغ زندگی

طلبائے علوم نبوّت کا منصب و مقام
مِلّت کی اُن سے توقعات
عصرِ حاضر میں اُن کی ذمّہ داریاں

مفکرِ اسلام مولانا سیّد ابوالحسن علی ندوی

www.KitaboSunnat.com

مجلسِ نشریاتِ اسلام
ا- کے-۳، ناظم آباد مینشن، ناظم آباد نمبر ا، کراچی-۷۴۶۰۰

بسم اللہ الرحمن الرحیم
قُلْ أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ
مجلس التحقیق الاسلامی کے زیر اہتمام
محدث لائبریری
کتاب وسنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

## معزز قارئین توجہ فرمائیں

- کتاب وسنت ڈاٹ کام پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب... عام قاری کے مطالعے کیلئے ہیں۔
- مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق واجازت کے بعد (Upload) کی جاتی ہیں۔
- دعوتی مقاصد کیلئے ان کتب کو ڈاؤن لوڈ (Download) کرنے کی اجازت ہے۔

## تنبیہ

ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کیلئے استعمال کرنے کی ممانعت ہے
کیونکہ یہ شرعی، اخلاقی اور قانونی جرم ہے۔

اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں

PDF کتب کی ڈاؤن لوڈنگ، آن لائن مطالعہ اور دیگر شکایات کے لیے
درج ذیل ای میل ایڈریس پر رابطہ فرمائیں۔

KitaboSunnat@gmail.com
www.KitaboSunnat.com

www.KitaboSunnat.com

برخود نظر کشا ز تہی دامنی مرنج
در سینۂ تو ماہ تمامے نہادہ اند

# ... پا جا سراغ زندگی

○ طلبائے علوم نبوّت کا منصب و مقام
○ ملّت کی ان سے توقعات
○ عصر حاضر میں ان کی ذمہ داریاں

مفکرِ اسلام مولانا سیّد ابوالحسن علی ندوی رحمہ اللہ

www.KitaboSunnat.com

مجلسِ نشریاتِ اسلام
۱ - کے ۳ ناظم آباد مینشن ناظم آباد کراچی ۷۴۶۰۰

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جملہ حقوق طباعت واشاعت پاکستان میں
بحقِ فضل ربی ندوی محفوظ ہیں۔

مفکر اسلام مولانا سید ابوالحسن علی ندویؒ
اپنی حیات میں مندرجہ ذیل اداروں کے ذمہ دار رہے

- ناظم دارالعلوم ندوۃ العلماء لکھنؤ
- رکن مجلس شوریٰ دارالعلوم دیوبند
- صدر مجلس تحقیقات ونشریات اسلام لکھنؤ
- صدر مجلس انتظامی ومجلس علمی دارالمصنفین اعظم گڑھ
- رکن عربی اکادمی دمشق
- رکن مجلس شوریٰ جامعہ اسلامیہ مدینہ منورہ
- رکن مجلس تاسیس رابطہ عالم اسلامی مکہ معظمہ
- رکن مجلس عاملہ موتمر عالم اسلامی بیروت
- صدر آل انڈیا مسلم پرسنل لابورڈ
- صدر رابطۃ الادب الاسلامی العالمیۃ
- رکن مجلس انتظامی اسلامک سینٹر جنیوا
- سابق وزیٹنگ پروفیسر دمشق یونیورسٹی ومدینہ یونیورسٹی
- صدر آکسفورڈ سینٹر فار اسلامک اسٹڈیز آکسفورڈ یونیورسٹی آکسفورڈ۔

نام کتاب ________ پاجا سراغ زندگی
تصنیف ________ مفکر اسلام مولانا سید ابوالحسن علی ندویؒ
طباعت ________ احمد برادرز پرنٹنگ پریس۔ کراچی
ضخامت ________ ۱۸۴ صفحات
ٹیلیفون : ۶۶۰۱۸۱۷

اسٹاکسٹ : مکتبہ ندوہ قاسم سینٹر اردو بازار کراچی

ناشر
فضل ربی ندوی

مجلس نشریاتِ اسلام ۱۔کے۔۳ ناظم آباد مینشن۔ ناظم آباد نمبر ۱ کراچی ۷۴۶۰۰

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# فہرست


| | |
|---|---|
| پیش لفظ | ۹ |
| (۱) اخلاص، جذبۂ قربانی اور جوہر ذاتی | ۱۷ |
| فراغت کا غلط تخیل | ۲۰ |
| اخلاص | ۲۱ |
| جذبۂ قربانی | ۲۲ |
| جوہرِ ذاتی | ۲۲ |
| آخری بات | ۲۳ |
| (۲) مدرسے کا مقصد | ۲۵ |
| کلام پاک کی نعمت | ۲۸ |
| مدرسے کا مقصد | ۲۹ |
| ہمیں کیا کرنا ہے | ۳۰ |
| (۳) ذاتی تعلق، ذاتی محنت اور جذبۂ خدا طلبی | ۳۲ |
| قدیم رسم | ۳۳ |
| ذاتی تعلق | ۳۴ |
| ذاتی محنت | ۳۵ |
| جذبۂ خدا طلبی | ۳۶ |
| (۴) آج نبوتِ محمدیؐ پر الحاد و دہریت کا حملہ ہے کوئی شاہین ہے جو اسکے مقابلہ کی سعادت حاصل کرے | ۴۰ |
| طلبہ کی دو قسمیں | ۴۱ |
| دوسری قسم | ۴۴ |
| عصر حاضر کے فتنے | ۴۷ |
| تمہارا میدان | ۴۹ |
| نبوت محمدیؐ پر الحاد و دہریت کا حملہ | ۴۹ |
| یکسوئی کی ضرورت | ۵۱ |


محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com




ایک فیصلہ ۵۳

(۵) اخلاص اور اختصاص ۵۴

قیمتی دفینہ ۵۷

تم کیا بن سکتے ہو ۵۸

دو راستے ۵۹

محنت و کاوش ۶۰

سیدنا عبدالقادر جیلانیؒ کی مثال ۶۰

ایک شعر ۶۱

اخلاص اور اختصاص ۶۴

اچھا بننے کی کوشش کرو ۶۵

(۶) پاکیزہ ذوق علم و مطالعہ کی کنجی ہے۔ ۶۶

نصاب تعلیم کا دائرہ عمل ۶۷

ذوق کیسے پیدا کیا جائے ۶۸

ایک مثال ۷۰

اعتماد، اعتقاد اور اتحاد ۷۲

(۷) ہماری آج کی کامیابیوں کا سہرا انہی کے سر ہے۔ ۷۳

(۸) زمانہ کا دامن پھیلتا اور سمٹتا رہتا ہے۔ ۷۸

الاصلاح کا قیام ایک جرأت مندانہ اقدام تھا۔ ۷۹

آج زمانہ بہت بدل چکا ہے ۸۱

متوسط درجہ کی لیاقت کافی نہیں ۸۲

زمانہ کا دامن پھیلتا اور سمٹتا رہتا ہے ۸۳

آج پہلے سے کہیں زیادہ تیاری کی ضرورت ہے۔ ۸۳

تحقیق و مطالعہ کا میدان بہت وسیع ہے۔ ۸۴

بہت سے قدیم مباحث آج اپنی اہمیت کھو چکے ہیں۔ ۸۴

زمانہ آسانی کے ساتھ کسی کو تسلیم نہیں کرتا۔ ۸۵

یقین کی طاقت ۸۶

سب سے بڑا معرکۂ افکار ۸۸

آج کا تجدیدی کام ۸۹

یہ چیلنج قبول کیجیے ۸۹

آج کا زمانہ زیادہ اہم چیزوں کا طالب ہے ۸۹


محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com




| | |
|---|---|
| یہ علم کا، تہذیب کا، خیالات کا، مقاصد کا حرم ہے۔ | ۹۱ |
| (۹) طالبانِ علومِ نبوّت کا مقام اور ان کی ذمّہ داریاں | ۹۲ |
| مدرسہ کیا ہے؟ | ۹۴ |
| مدرسہ کی ذمہ داری وگراں باری | ۹۴ |
| طلباء وفضلاءِ مدارس کی ذمّہ داریاں | ۹۶ |
| طلباء فضلاء کا امتیاز | ۹۷ |
| کیفیاتِ باطنی | ۹۸ |
| مدارس کا باطنی انحطاط | ۹۹ |
| انقلاب انگیز شخصیتیں | ۱۰۰ |
| مدارس کی افسردہ فضا | ۱۰۱ |
| دنیا کا امام تقلید و پیروی کے مقام پر | ۱۰۱ |
| خودشناسی وخودداری | ۱۰۳ |
| زندگی کی آبرو خودداروں کے دم سے قائم ہے | ۱۰۵ |
| یہ راستہ معاشی حوصلہ مندیوں کا نہیں | ۱۰۷ |
| زمانہ کی بے بضاعتی وتشنہ لبی | ۱۰۸ |
| اصل متاعِ علومِ انبیاء | ۱۰۹ |
| علومِ اسلامیہ کا زندگی سے ربط وتعلق اور اسکے لیئے ہمارے اسلاف کی کوششیں | ۱۱۰ |
| زندگی کی رفاقت اور زمانہ کے تقاضوں کی تکمیل۔ | ۱۱۶ |
| نصابِ تعلیم کے تغیّرات | ۱۱۷ |
| دین کی نمائندگی کے لیئے متنوع صلاحیتوں کی ضرورت۔ | ۱۱۷ |
| نئی تحریکوں سے گہری اور ناقدانہ واقفیت کی ضرورت۔ | ۱۱۸ |
| نئے مطالعہ کی مشکلات اور ذمہ داریاں | ۱۱۸ |
| ملک کی زبان وادب سے ربط وتعلق | ۱۱۹ |
| عربی زبان پر قدرت | ۱۲۳ |
| عقائدِ صحیحہ کی حفاظت | ۱۲۴ |
| نئے دور کے فتنے | ۱۲۶ |
| دَورِ جدید کی تیاریاں | ۱۲۷ |
| (۱۰) عصرِ جدید کا چیلنج اور اسکا جواب | ۱۲۸ |
| دیرینہ وعزیزانہ روابط | ۱۲۹ |
| دارالعلوم دیوبند کے قیام کا اصل محرک حمیّتِ دینی۔ | ۱۳۰ |


محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com




| | | | |
|---|---|---|---|
| مغربی تہذیب اور مغربی تعلیم کے خطرے کا مقابلہ | ۱۳۱ | کا مقام اور کام | |
| | | مجدد صاحبؒ اور شاہ ولی اللہؒ کا زمانہ۔ | ۱۴۷ |
| صحیح میدان عمل کا انتخاب | ۱۳۲ | | |
| مولانا محمد قاسمؒ کا اصل امتیاز | ۱۳۴ | دیوبند کے طلباء کی ذمہ داری | ۱۴۸ |
| غیر منقطع رشتہ اور ناقابل شکست عہد | ۱۳۷ | نازک ترین دور | ۱۴۹ |
| | | زمانہ کے ابوالفضل وفیضی | ۱۴۹ |
| نیا زمانہ نئے فتنے | ۱۳۸ | الحاد وتشکیک کے نئے دروازے | ۱۵۰ |
| عہد جدید کا فتنۂ کبریٰ | ۱۳۹ | حقیقت پسندانہ جائزہ اور اس کی تیاری | ۱۵۰ |
| دینی بدعات اور منکرات سے نبرد آزما ہونے والوں کے خلاف کی ذمہ داری | ۱۴۱ | مذہب کا مغربی تصور اور اس کا فتنہ۔ | ۱۵۱ |
| موجودہ انقلاب کی برق رفتاری و ہمہ گیری۔ | ۱۴۳ | دیوبند کے فضلاء کتنے مؤثر اور کامیاب ہو سکتے ہیں | ۱۵۱ |
| جمہوریت وحکومت کے دائرہ کی وسعت۔ | ۱۴۳ | ذہن اور کردار کی تعمیر | ۱۵۲ |
| اندرونی خطرہ | ۱۴۴ | موجودہ عہد کی عام ضمیر فروشی | ۱۵۳ |
| تعین و وضاحت اسلام کا امتیاز | ۱۴۵ | | |
| وحدتِ ادیان نہیں وحدتِ حق | ۱۴۵ | نئی قیادت کی ضرورت | ۱۵۳ |
| دو حقیقت بین آنکھیں | ۱۴۶ | حقیقت شناسی اور خود شناسی | ۱۵۴ |
| اصلاح وتجدید کی تاریخ میں افراد | ۱۴۷ | | |


محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com




(۱۱) زمانہ جس زبان کو سمجھتا ہے وہ نفع اور زندگی کے استحقاق کی زبان ہے۔ ۱۵۶
قدیم تعلق ۱۵۷
کہنے کی باتیں بہت ہیں ۱۵۸
دو فریق ۱۵۹
زمانہ تیزی کے ساتھ بدل رہا ہے ۱۶۰
مذہب کوئی عجائب خانہ اور میوزیم نہیں ہے ۱۶۰
یہ پوزیشن کوئی زندہ اور صاحب دعوت قوم قبول نہیں کرسکتی۔ ۱۶۱
عربی مدارس آثارِ قدیمہ کے طور پر ۱۶۲
محض قدامت اور تاریخ کے سہارے پر کوئی ادارہ زندہ نہیں رہ سکتا۔ ۱۶۳
بقائے انفع کا بے لاگ قانون ۱۶۴
زمانہ جس زبان کو سمجھتا ہے وہ نفع اور زندگی کے استحقاق کی زبان ہے۔ ۱۶۵
آپ ایک اہم محاذ پر تعینات ہیں ۱۶۷
حضرت مولانا محمد علی مونگیریؒ کی فراست و بصیرت۔ ۱۶۸
ندوۃ العلماء کی تحریک، دینی بصیرت کا نقطۂ عروج ہے۔ ۱۶۸
کرنے کے دو کام ۱۶۸
طب یونانی کو اس لئے زوال ہوا کہ باکمال لوگ ختم ہو گئے۔ ۱۷۰
مدارس کا بھی یہی حال ہے ۱۷۲
اصل مسئلہ محنت کا ہے ۱۷۳
اصل بات ۱۷۴
دینی صلاحیت پیدا کیجئے ۱۷۵
خارج کے کام ۱۷۶
رحم کی اپیل پر کوئی قوم زندہ نہیں رہ سکتی ۱۸۰


محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اپنے من میں ڈوب کر پا جا سراغِ زندگی
تو اگر میرا نہیں بنتا نہ بن، اپنا تو بن

(اقبالؒ)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ؕ

# پیش لفظ

الحمد للہ رب العٰلمین والصلوٰۃ والسلام علیٰ سید المرسلین محمد وآلہ وصحبہ اجمعین۔

زیر نظر مجموعہ عم مخدوم ومعظم مولانا سید ابو الحسن علی ندوی مدظلہٗ کی ان تقریروں پر مشتمل ہے جو مولانا نے طلبائے دار العلوم ندوۃ العلماء کے سامنے مختلف مواقع پر اور اکثر تعلیمی سال کے آغاز پر کیں۔ ان تقریروں کا (جو اکثر زبان دل سے کی گئیں اور امید ہے کہ گوش دل سے سنی گئی ہوں گی) مرکزی خیال اور بنیادی موضوع ایک ہی تھا اور وہ یہ کہ ایک طالب علم کی نگاہ کن بلند مقاصد پر رہنی چاہیئے، اور اپنے محدود ومخصوص ماحول میں رہ کر بھی وہ کیا کچھ بن سکتا ہے اور اللہ تعالیٰ نے جو جوہر کمال اس کے اندر ودیعت فرمایا ہے اس کو ترقی دے کر اور چمکا کر وہ کن علمی وروحانی بلندیوں پر اپنا نشیمن بنا سکتا ہے؟

مولانا مدظلہٗ نے یہ تقریریں جس درد وسوز سے کیں اور اپنے طویل علم ومطالعہ اور تجربہ ومشاہدہ کا نچوڑ جس طرح پیش کیا وہ کتاب کی سطر سطر سے نمایاں ہے:۔

"ہے رگ ساز میں رواں صاحب ساز کا لہو"

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



عالم اسلام کے زوال وانتشار کے موقع پر علماء اسلام کی ذمہ داری کے احساس، ان کی کوتاہی اور تقصیر پر قلبی اذیت نیز ندوۃ العلماء کے وسیع وجامع تر تخیل کی نزاکت واہمیت نے شاید ان کو اس پر آمادہ کیا کہ وہ اپنا سارا علمی اثاثہ اور اندوختہ بے تکلف ومخلصانہ طریقہ پر اپنے عزیز طلبہ کے سامنے رکھ دیں، اور جن نتائج تک وہ طویل علمی رہ نوردی اور تحقیق وجستجو کے بعد پہنچے تھے، اس کا ماحصل اور خلاصہ ان کے سامنے بیان کر دیں۔

یہ تقریریں ابھی انشاء اللہ آپ کی نظر سے گذریں گی۔ لیکن ان کے اصل تاثر اور کیف اور مقرر کے درد وسوز (جو وقت اور مجلس کا پابند ہے اور بعد میں قلمبند کرنے سے پورا باقی نہیں رہتا) کا کچھ اندازہ آپ اقبال کے ان اشعار سے کر سکتے ہیں جو اُن کی مشہور نظم ساقی نامہ میں درج ہیں۔

شراب کہن پھر پلا ساقیا — وہی جام گردش میں لا ساقیا
مجھے عشق کے پر لگا کر اڑا — مری خاک جگنو بنا کر اڑا
خرد کی غلامی سے آزاد کر — جوانوں کو پیروں کا استاد کر
ہری شاخِ ملّت ترے نم سے ہے — نفس اس بدن میں ترے دم سے ہے
تڑپنے پھڑکنے کی توفیق دے — دلِ مرتضیٰ سوزِ صدیقؓ دے
جگر سے وہی تیر پھر پار کر — تمنّا کو سینوں میں بیدار کر
ترے آسمانوں کے تاروں کی خیر — زمینوں کے شب زندہ داروں کی خیر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



جوانوں کو سوز جگر بخش دے          مرا عشق میری نظر بخش دے

○

مرے دیدۂ تر کی بے خوابیاں          مرے دل کی پوشیدہ بے تابیاں
مرے نالۂ نیم شب کا نیاز          مری خلوت و انجمن کا گداز
امنگیں مری آرزوئیں مری          امیدیں مری جستجوئیں مری
مری فطرت آئینۂ روزگار          غزالانِ افکار کا مرغ زار
مرا دل مری رزم گاہ حیات          گمانوں کے لشکر یقیں کا ثبات
یہی کچھ ہے ساقی متاع فقیر          اسی سے فقیری میں ہوں میں امیر
مرے قافلے میں لٹا دے اسے
لٹا دے ٹھکانے لگا دے اسے

ہمارے ان طلبہ کو جو ابھی اس ریاضِ علم میں مصروفِ گل چینی اور محوِ چمن آرائی ہیں، ان تقریروں سے یہ اندازہ ہوگا کہ ان سے کیسی کیسی توقعات قائم کی جا رہی ہیں اور کن عظیم ذمہ داریوں کا ان کو اہل سمجھا گیا ہے۔ ہوسکتا ہے کہ اس سے ان کے اندر یہ داعیہ پیدا ہو کہ وہ کچھ حاصل کرکے یہاں سے واپس جائیں اور اسلام اور علماء اسلام کا نام دنیا میں روشن کریں۔

مدرسہ کی تعلیم اور مدرسہ کے طالب علم کی ذمہ داری، موجودہ دور میں اس کا کردار، دنیا کے نقشہ میں اس کی حیثیت، انسانیت کے لئے اس کی مسیحائی و جاں نوازی اور اس کے عظیم علمی و دعوتی مقاصد اور فوائد

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کی اہمیت کو سمجھے بغیر ہم ان توقعات کا پورا اندازہ نہیں کر سکتے جو ملت نے ان طالبانِ علوم نبوّت سے قائم کی ہیں، ہم یہاں اس سلسلہ میں خود مولانا کا ایک اقتباس پیش کرتے ہیں جو مدرسہ کا سب سے شاندار اور جاندار تعارف بلکہ شاید سب سے بڑا خراج ہے جو اس کو اس زمانہ میں پیش کیا گیا ہے۔

"میں مدرسہ کو ہر ادارہ سے بڑھ کر مستحکم، طاقت ور، زندگی کی صلاحیت رکھنے والا، اور حرکت ونمو سے لبریز سمجھتا ہوں۔ اس کا ایک سرا نبوت محمدی سے ملا ہوا ہے دوسرا اس زندگی سے، وہ نبوت محمدی کے چشمۂ حیواں سے پانی لیتا ہے اور زندگی کی ان کشت زاروں میں ڈالتا ہے، وہ اپنا کام چھوڑ دے تو زندگی کے کھیت سوکھ جائیں اور انسانیت مرجھانے لگے۔ نہ نبوّت محمدی کا دریا پایاب ہونے والا ہے، نہ انسانیت کی پیاس بجھنے والی ہے، نہ نبوّت محمدی کے چشمۂ فیض سے بخل اور انکار ہے نہ انسانیت کے کاسۂ گدائی کی طرف سے استغنا کا اظہار، اُدھر سے اِنَّمَا اَنَا قَاسِمٌ وَاللّٰہُ یُعْطِی کی صدائے مکرر ہے تو ادھر سے ھَلْ مِنْ مَّزِیْد کی فغانِ مسلسل۔

مدرسہ سے بڑھ کر دنیا میں کون سا زندہ متحرک اور مصروف ادارہ ہو سکتا ہے، زندگی کے مسائل بے شمار، زندگی کے تغیّرات بے شمار، زندگی کی ضرورتیں بے شمار، زندگی کی لغزشیں بے شمار، زندگی کے فریب بے شمار زندگی کے رہزن بے شمار، زندگی کی تمنائیں بے شمار، زندگی کے حوصلے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بے شمار مدرسہ نے جب زندگی کی رہنمائی اور دستگیری کا ذمہ لیا تو اُسے اب فرصت کہاں؟ ۔ دنیا میں ہر ادارہ ہر مرکز ہر فرد کو راحت اور فراغت کا حق ہے، اس کو اپنے کام سے چھٹی مل سکتی ہے مگر مدرسہ کو چھٹی نہیں، دنیا میں ہر مسافر کے لئے آرام ہے لیکن اس مسافر کے لئے راحت حرام ہے۔ ؎"

اگر اس احساس و شعور کے ساتھ ہم یہ کتاب شروع کریں گے تو اس وقت حصول کمال، امتیاز و اختصاص اور صدق و اخلاص کی وہ دعوت ہماری سمجھ میں اچھی طرح آجائے گی جو کتاب میں بڑی بلند آہنگی بڑی دلسوزی و دردمندی اور بہت شرح صدر اور یقین کے ساتھ دی گئی ہے۔

مغربیت و لادینیت کے عالم گیر سیلاب میں عربی مدارس کے طلبہ کی ذمہ داری بالعموم اور دارالعلوم ندوۃ العلماء کے فرزندوں کی بالخصوص آج پہلے سے بہت زیادہ ہے، ندوہ کی اس لئے کچھ زیادہ ہے کہ علوم دینیہ و علوم عصریہ کی جامعیت جدید اسلحہ سے لیس ہونے اور علمی و ادبی میدان میں اپنے حریفوں سے فائق و برتر ہونے کی دعوت ابتدا سے اس کی بنیاد میں شامل، بلکہ اس کے تخیل اور نصب العین کی اساس ہے۔ آج اپنے خیالی جزیروں میں پناہ لے کر یا ساحل کے خاموش تماشائی

---

؎ "طالبان علوم نبوت کا مقام اور ان کی ذمہ داریاں"۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بن کر ہم علم وادب اور سیاست وقوت کی دنیا میں کوئی دیرپا نقش ہرگز قائم نہیں کر سکتے اس کے لئے بڑی زندگی اور زندہ دلی، بڑے ایمان ویقین، بڑے اخلاق وکردار، بڑے علمی رسوخ اور امتیاز اور بڑی کاوش اور ریاض کی ضرورت ہے، اور یہ مقدس فرض وہی خوش نصیب وباہمت نوجوان انجام دے سکتے ہیں جن کے سینوں میں علوم نبوت کا نور، جن کے دلوں میں حالات کو بدلنے کا عزم وحوصلہ، جن کی رگوں میں زندگی کا ابلتا ہوا نیا خون، جن کے قدموں میں فاتح کا اعتماد وسرخوشی، جن کی آنکھوں میں عزم ویقین کی روشنی اور جن کی دمکتی ہوئی پیشانیوں پر ستارۂ اقبال وہوشمندی ہویدا ہو۔

آج کے بیمار اور مشکلات سے زار ونزار عالم اسلام کو اسی قسم کے نوجوانوں کی ضرورت ہے اور اگر ندوہ کے خوش نصیب طلبہ اس کے لئے اپنے آپ کو تیار کریں اور خلوص، طلب صادق اور حوصلہ مندی کے ساتھ اپنے علمی سفر کا آغاز کریں تو آج اس محدود ماحول، ناقص وسائل کمزور صلاحیتوں اور قلت تعداد کے ساتھ ایسے محیر العقول واقعات، ایسی غیر معمولی نصرت، ایسی حیرت انگیز تبدیلیاں وجود میں آسکتی ہیں اور علم وعمل اور ترقی واقبال کی ایسی شاہراہیں ان پر کشادہ ہوسکتی ہیں جن کا تصور بھی ان کے لئے اس وقت آسان نہیں۔

مقدمہ نگار کی خوش نصیبی ہے کہ اس کو ان تقریروں میں اکثر حاضری کا شرف حاصل ہوا۔ ان میں سے بیشتر تقریریں تعمیر حیات میں شائع ہوچکی ہیں،

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



مجھے مسرت ہے کہ اب ذیلی عنوانات کے اضافہ اور مزید ترمیم و تصحیح کے بعد ۔۔۔۔ "پا جا سُراغ زندگی" کے نام سے یہ کتاب آپ کے ہاتھوں میں ہے ۔

اس مجموعہ کی دو تقریریں دارالعلوم دیوبند میں کی گئی ہیں ایک "طالبانِ علوم نبوت کا مقام اور ان کی ذمہ داریاں" کے عنوان سے ہے ، یہ مقالہ دارالعلوم دیوبند میں طلبہ کے ایک جلسہ میں مارچ ۱۹۵۴ء میں پڑھا گیا اور اس کا شمار مولانا کی موثر ترین تحریروں میں ہے ، دوسری تقریر ، "عصر جدید کا چیلنج اور اس کا جواب" ہے ۔ یہ تقریر بھی دارالعلوم دیوبند میں طلبہ کی خواہش اور فرمائش پر ایک بڑے اجتماع میں کی گئی جس میں طلبہ کے علاوہ اساتذہ اور دارالعلوم کے ذمہ دار بھی بڑی تعداد میں شریک تھے ۔ آخری تقریر وہ ہے جو مولانا نے ابھی حال میں جامعہ رحمانی مونگیر میں کی ، ان تقریروں کے اضافہ سے کتاب کی اہمیت و افادیت کہیں بڑھ گئی ہے ۔

"انجمن طلبائے بھٹکل دارالعلوم ندوۃ العلماء" قابل مبارکباد ہے ، جس نے اتنے مفید مجموعہ کی اشاعت کا اہتمام کیا ، اس سے قبل یہ انجمن مولانا مدظلہٗ کا ایک رسالہ "بارہ دن ریاست میسور میں" شائع کر چکی ہے ۔ اس فعال انجمن کے جملہ اراکین خاص طور پر مولوی محمد فاروق بھٹکلی ندوی (مقیم حال دمشق) جو اس انجمن کے بانی بھی ہیں شکریہ کے مستحق ہیں کہ انہوں نے بہت توجہ اور دلچسپی سے اس کتاب کی طباعت

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



واشاعت میں حصّہ لیا۔

ان تقریروں کے تعارفی نوٹ میں اکثر طلباء کا درجات کے حوالہ کے ساتھ ذکر ہے۔ الحمد اللہ یہ متعلم اب معلم بن چکے ہیں اور اپنی جگہ دین وعلم کی مفید خدمت انجام دے رہے ہیں۔

ان الفاظ کے ساتھ یہ مختصر لیکن بیش قیمت اور پر اثر کتاب نہ صرف دارالعلوم ندوۃ العلماء بلکہ تمام مدارس عربیہ کے طلبہ کے سامنے پیش کی جارہی ہے، کاش یہ ان کے حق میں صحیفۂ عزم وہمت ثابت ہو اور وہ اپنی ان عظیم ذمہ داریوں کو اچھی طرح سمجھ سکیں اور اچھی طرح پورا کرسکیں۔

محمّد الحسنی

۳۷ گوئن روڈ لکھنؤ

۴ ربیع الثانی ۱۳۹۳ھ

۸ مئی ۱۹۷۳ء

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# اخلاص، جذبۂ قربانی اور جوہر ذاتی

دارالعلوم ندوۃ العلماء کی یہ الوداعی تقریب ۲۵ر دسمبر ۱۹۶۳ء کو جمالیہ ہال میں منعقد ہوئی۔ جلسہ کا آغاز تلاوت قرآن پاک سے ہوا اس کے بعد فارغین میں سے مولوی معین الدین غازی پوری، مولوی نذر الحفیظ اور مولوی عبد السمیع جعفری نے اپنے جذبات کا اظہار کیا اور طلباء کے سامنے اپنے علمی سفر کی کچھ سرگزشت بیان کی۔

اس کے بعد مولانا سید ابوالحسن علی ندوی مدظلہٗ العالی نے طلباء کے سامنے الوداعی تقریر کی اور وہ صفات اور شرائط بیان کئے جن کے بغیر ان کے مقصد کی تکمیل ناممکن ہے اور جو اُن کی زندگی کے لئے مشعلِ راہ اور زادِ سفر بن سکتے ہیں۔ مولانا کی یہ تقریر اس قابل تھی کہ اسی وقت قلمبند کی جاتی اور اسی تفصیل و وضاحت اور قوت کے ساتھ بیان کی جاتی لیکن افسوس کہ اس وقت اس کا انتظام نہ ہو سکا۔ مولوی معین الدین غازی پوری نے جو خود بھی اس سال فارغ ہوئے تھے،

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اس کو بعد میں اختصار کے ساتھ قلم بند کرنے کی کوشش کی اور اس میں بڑی حد تک کامیاب رہے۔

آخر میں غلام جیلانی صاحب نے طلبہ کی نمائندگی کرتے ہوئے اساتذۂ دارالعلوم اور مہمانوں کا شکریہ ادا کیا اور عصرانہ کے بعد یہ تقریب ختم ہوئی۔

★

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# اخلاص، جذبۂ قربانی اور جوہر ذاتی

حمد و صلوٰۃ کے بعد!

میرے عزیز طلباء! ایسے موقعہ پر اگر آپ رنجیدہ ہیں تو اس میں کوئی تعجب کی بات نہیں۔ یہ موقع ہی ایسا ہے جو رنج و مسرت دونوں کا جامع ہے۔ لیکن وہ ماں قابل مبارکباد نہیں جو ہمیشہ اپنے بچوں کو سینے سے لگائے رہے اور آنکھوں سے اوجھل کرنے کے لئے تیار نہ ہو، بلکہ اس کا ایک وقت مقرر ہے۔ اس وقت تک وہ بچے کی پرورش کرتی ہے۔ پھر وہی ماں اس بچے کو اپنی آنکھوں سے اوجھل کر دیتی ہے تاکہ وہ اس کی پیری کے لئے سہارا بن سکے۔ اسی طرح آپ نے ایک مدت یہاں گذاری۔ اس میں آپ کا ہم سے مانوس ہونا یا ہمیں آپ سے انس ہونا بالکل قدرتی چیز ہے۔ اللہ تعالےٰ نے تمام مخلوقات کے اندر انس پیدا کیا ہے لیکن انسانوں کے اندر یہ جوہر بہت زیادہ نمایاں ہے۔ صرف لسانیات ہی نہیں نفسیات کے بھی بعض بڑے بڑے ماہروں کا یہ کہنا ہے کہ انسان کا لفظ اسی انس سے مشتق ہے۔ اس موقع پر یقیناً ہمیں اس

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



حیثیت سے تو رنج ہے کہ آپ ہم سے جدا ہو رہے ہیں۔ ہمارا آپ کا جو ایک ساتھ تھا وہ چھوٹ رہا ہے۔ لیکن دوسری حیثیت سے ہمیں یہ مسرت ہے کہ آپ نے اپنی تعلیمی مدت حسن وخوبی کے ساتھ پوری کر لی۔ آپ نے اس زمانے میں جبکہ حالات بالکل ہی مخالف ہیں اور زمانے سے سکون واطمینان رخصت ہو چکا ہے ..... دین کی تعلیم حاصل کی اس حیثیت سے آپ قابل مبارکباد ہیں اور ہمیں اس پر دلی مسرت ہے۔

## فراغت کا غلط تخیّل

لیکن ایسے موقعہ پر جب "فارغ" کا لفظ آتا ہے تو ہو سکتا ہے کہ اس کا مفہوم سمجھنے میں لوگ غلطی کریں۔ دارالعلوم کو ایک ایسی تعلیمی مدّت تو رکھنی ہی چاہیئے تھی جس مدت کو آپ طے کرتے اور اس مرحلے سے فارغ ہوتے لیکن اس موقع پر جو اہم بات آپ سے کہنی ہے وہ یہ ہے کہ اگر آپ نے اس کا مفہوم یہ سمجھ لیا کہ ہم تعلیم سے فارغ ہو گئے اب ہمیں تعلیم وتربیت کی کوئی ضرورت نہیں تو بلا کسی حجاب کے اور تردّد کے میں یہ اعلان کرتا ہوں کہ آپ نے کچھ بھی نہیں سیکھا اور آپ کا ارادہ اپنے مقصد میں بالکل ناکام ہے۔ اور ہم لوگ بالکل ناکام ہیں لیکن جیسا کہ مجھے یقین ہے کہ آپ نے فارغ ہونے کا یہ مفہوم نہیں سمجھا ہے بلکہ فارغ ہونے کا مفہوم آپ کے نزدیک بھی یہ ہے کہ آپ اس قابل ہو گئے کہ کتابوں کو ہاتھ لگا سکیں اور حسب ضرورت ان سے استفادہ کر سکیں بلکہ یوں کہا جائے کہ آپ کو اب علم کے حاصل کرنے کی کنجی دے دی گئی تو زیادہ صحیح ہوگا۔ آپ اس کنجی کے ذریعہ ہر قفل کھول سکتے ہیں اور علم کے خزانے اپنے پاس جمع کر سکتے ہیں۔ آپ اس کنجی کو جتنا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہی استعمال کریں اسی قدر وہ کام دیتی چلی جائے گی ۔

ہر نصاب کی ایک خصوصیت ہوتی ہے ۔ اگر وہ نصاب اپنے فارغ شدہ طلباء کے اندر اس احساس کو پیدا کر دے یعنی جہل کا اعتراف شاید یہ لفظ بعض کانوں کو نا مانوس معلوم ہو لیکن مجھے اس لفظ پر اصرار ہے جسے لوگ ذوق علمی سے تعبیر کرتے ہیں ۔ اگر آپ کے اندر یہ احساس پیدا ہو گیا ہے تو آپ کامیاب اور قابل مبارکباد ہیں ۔ اور میں آپ کے ادارے کو مبارکباد پیش کرتا ہوں ۔ اس کے بعد اس مختصر وقت میں اپنے جانے والے بھائیوں کو میں صرف تین ۳ باتوں کی طرف متوجہ کرتا ہوں ۔

**اخلاص** پہلی چیز اخلاص ہے ۔ آپ کسی بڑے سے بڑے بزرگ یا جسکا نام آپ دنیا میں روشن پاتے ہیں اگر آپ اس کی زندگی کا مطالعہ کریں گے تو اس کی زندگی کی تعمیر میں اخلاص کو ایک اہم عامل پائیں گے ۔ آپ دیکھیں گے اس کی ہر چیز کو اخلاص نے دوام بخشا ہے ۔ آپ ملا نظام الدینؒ کو دیکھ لیجئے جن کا درس نظامی آج صرف ہند و پاک ہی میں نہیں بلکہ دنیا کے گوشے گوشے میں قائم ہے اور باوجود کوششوں کے اپنی جگہ سے ہلایا نہیں جا سکا ۔ محض ان کی علمیت کی بنا پر ایسا نہیں ہوا بلکہ ان کے ساتھیوں میں اور ان کے معاصرین میں بہت سے ایسے اشخاص تھے جو علم و فضل میں اور ذہانت و ذکاوت میں اگر بڑھے ہوئے نہیں تو ان کے ہم پلہ ضرور رہے ہوں گے ۔ لیکن کیا بات ہے کہ آج ملا نظام الدین تو زندہ جاوید ہیں لیکن ان کے معاصرین کا تذکرہ اگر آتا ہے تو ان کے سلسلے ہی میں آتا ہے ۔ اگر آپ غور کریں اور ان کی زندگی کا مطالعہ کریں تو ان کی پشت پر اخلاص کی وہ زبردست قوت کارفرما

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


پائیں گے جس نے ملّا نظام الدین کو قیامت تک کے لئے زندہ جاوید بنا دیا۔ بات صرف اتنی تھی کہ انہوں نے پڑھنے کے بعد یہ محسوس کر لیا کہ انہوں نے کچھ بھی نہیں سیکھا ہے۔ اور انہوں نے اپنے زمانے کے ایک ایسے اُمّی شخص سے جو گوشہ گمنامی میں اودھ کے ایک چھوٹے سے گمنام گاؤں "بانسہ" میں اخلاص کا سرمایہ لئے کر پڑا ہوا تھا اپنے آپ کو متعلق کر لیا۔ اگر ملّا نظام الدین چاہتے تو بہت سے ایسے بھی خدا کے بندے ان کو مل سکتے تھے جو اپنے وقت کے امام تصور کئے جاتے تھے لیکن ملّا نظام الدین نے اپنے آپ کو ایک ایسے شخص کے سپرد کیا جس کی شہرت اگر ہوئی تو ملّا نظام الدین کے ذریعے سے ہوئی۔ بہرصورت اس کی اگر مثالیں [illegible] جائیں تو سینکڑوں مثالیں ملیں گی۔

**جذبۂ قربانی** دوسری بات جو ہمیں آپ سے کہنی ہے وہ ایثار و قربانی [illegible] ایثار و قربانی اور عزم یہ وہ طاقت ہے کہ اگر افراد میں ہوتی ہے تو انہیں [illegible] تک پہنچا دیتی ہے اور اگر کسی ادارہ یا قوم کے اندر پیدا ہو جاتی ہے تو دنیا اس کے سامنے جھک جاتی ہے اور اس کی بالادستی کو تسلیم کرنے پر مجبور ہوتی ہے۔

**جوہر ذاتی** اس کے بعد جو تیسری بات ہے وہ جوہر ذاتی ہے۔ انسان کا ذاتی جوہر اور اس کی قابلیت ہی وہ چیز ہے جو ہر وقت اور ہر زمانے میں اس کی ترقی کا واحد ذریعہ ہے۔ اگر آپ نے ان تینوں چیزوں یعنی اخلاص، جذبۂ قربانی اور جوہر ذاتی کو حاصل کر لیا ہے تو آپ کے لئے زمانہ بالکل نہیں بدلا، اور ہر وقت آپ کے لئے چشم براہ ہے۔ لیکن ان صفات سے اگر کوئی خالی ہے تو وہ جہاں بھی جائے گا اور جس جگہ کی بھی سند یا ڈگری اس کے پاس ہوگی،

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



حالات کو بدلا ہوا اور اپنے مخالف پائے گا پھر میں کہتا ہوں کہ اگر آپ نے یہ صفات اپنے اندر پیدا کرلیں تو آپ کے لئے عالمگیر کا زمانہ، نظام الملک طوسی کا زمانہ، اور امام غزالی، امام رازی، امام ابن قیم، اور امام ابن تیمیہ کا زمانہ آج بھی منتظر ہے اور وہ آپ کے لئے واپس ہو سکتا ہے یہ غلط ہے کہ زمانے میں کوئی جگہ خالی رہتی ہے۔ کبھی زمانے میں ایسا نہیں ہوا کہ کوئی جگہ پہلے سے خالی ہو اور کسی کے لئے منتظر ہو کہ جب وہ شخص فارغ ہوے گا تو اس کو وہ جگہ مل جائے گی۔ زمانہ "بقائے اصلح" کا قائل ہے۔ وہ بہت ہی حساس اور نقاد ہے۔ وہ صالح کے بجائے اصلح اور نافع کے بجائے انفع کو ترجیح دیتا ہے۔ لہذا اگر آپ کے اندر یہ چیزیں ہیں تو ہر وقت زمانہ آپ کا ہے اور آپ کے لئے منتظر ہے۔ زمانے کا شکوہ دراصل اپنی کمزوری کو چھپانے کی کوشش اور احساس کمتری کی علامت ہے۔ دنیا نہیں بدلی ہے ہم بدل گئے ہیں۔ زمانہ آج بھی وہی ہے جو پہلے تھا۔ تبدیلی صرف ہمارے اندر پیدا ہوئی ہے۔

**آخری بات** اگر ہمارے سامنے یہ تصور اور یہ خیال نہ ہوتا تو یقیناً ہمارے لئے اس زمانے میں قطعاً یہ جائز نہ تھا کہ ہم کسی ایک مسلمان بچے کو اس کے ماں باپ سے الگ کر کے ایسی تعلیم دلاتے جس کی دنیا میں بظاہر کوئی قیمت نہیں لیکن یہی تین باتیں ہیں، اخلاص، جذبہ قربانی اور جوہر ذاتی، جس کی وجہ سے ہم کو پورا پورا حق حاصل ہے کہ صرف ایک دارالعلوم ندوۃ العلما ہی نہیں بلکہ ہندوستان میں دارالعلوم دیوبند، مظاہر العلوم سہارنپور اور اس طرح کے جتنے بھی ادارے قائم ہیں وہ قائم

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



رہیں اور ترقی کریں۔ ہمیں امید ہے کہ ہمارے وہ طلبا جو ہم سے رخصت ہو رہے ہیں وہ اپنی آنے والی زندگی میں ان اصولوں کو اپنائیں گے اور وہ طلبار جنہیں ابھی موقع حاصل ہے اور وہ کچھ سال یہاں گذاریں گے زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھائیں گے۔ اس کے ساتھ ہمیں اپنے رخصت ہونے والے بھائیوں سے یہ امید ہے کہ وہ اپنے دارالعلوم سے ہر حال میں تعلق رکھیں گے اور اس کو اپنا نصب العین بنائیں گے۔

○

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# مدرسے کا مقصد

..... ۱۲ر مارچ ۱۹۶۴ء کو ندوہ کی وسیع مسجد میں طلبائے دارالعلوم کا اجتماع ہوا۔ ہر سال تعلیم کے آغاز پر طلبہ کا یہ اجتماع منعقد ہوتا ہے۔ اس مرتبہ طلبا کی تعداد میں نمایاں اضافہ ایک خاص بات تھی۔ حمد و صلوٰۃ کے بعد مولانا نے یہ تقریر فرمائی ۔ افسوس ہے کہ قلم بند ہونے میں قدرتی طور پر اس میں وہ قوت باقی نہ رہی جو اس وقت تھی۔ پھر بھی طلب صادق رکھنے والوں کے لئے اس میں بہت سامان موجود ہے اور وہ اس سے بہت فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ یہ تقریر درجہ ہشتم کے طالب علم نعیم صدیقی اعظمی نے قلمبند کی۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# مدرسے کا مقصد

نئے سال کے شروع میں آپ سے تعارف حاصل کرنا اور اپنے تجربات بیان کرنا ایک مناسب و موقع محل کی بات ہے، ..... آپ سے بات کرنا مشکل بھی ہے اور آسان بھی، ظاہر بات ہے کہ باپ جب اپنے بیٹے سے اور ایک عزیز اپنے دوسرے عزیز سے بات چیت کرتا ہے تو نہ اس کے اندر کسی تصنع و بناوٹ کی ضرورت ہوتی ہے نہ دقیق و ثقیل الفاظ کے استعمال کی۔ یہی میری باتوں کی بھی حیثیت ہے جانی بوجھی باتیں، عمر بھر کے تجربے، راستہ کے نشیب و فراز، اس کی منزلیں، ان تمام باتوں کو آپ کے سامنے رکھنا، اس نوعیت کے اعتبار سے تو بہت آسان ہے، اس میں مجھے زیادہ سوچنے سمجھنے کی ضرورت نہیں اور میں کیا یہاں آپ کے اساتذہ میں سے جو کوئی بھی آپ سے بات کرے اسے زیادہ غور کرنے کی ضرورت نہیں۔

"عمر گذری ہے اسی دشت کی سیاحی میں"

لیکن اسی کے ساتھ ساتھ آپ سے بات کرنا مشکل بھی ہے۔ اس لئے کہ میں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

آپ سے اتنی باتیں کرنا چاہتا ہوں کہ سمجھ میں نہیں آتا کہاں سے شروع کروں اور کہاں ختم کروں۔ باتوں کا ایک اتھاہ سمندر ہے اور اس کے اتنے محرکات ہیں جن میں سے کسی ایک کا نظر انداز کرنا مشکل ہے لیکن ہر مشکل کا ایک حل ہے اور اس کا حل یہ ہے کہ ان تمام باتوں کو مختلف اوقات میں آپ کے سامنے رکھا جائے۔

سب سے پہلے میں آپ سب کو مبارکباد دیتا ہوں پرانے طلبہ کو اس لئے کہ وہ آج تک موجود ہیں۔ زمانے کی گردشیں، اس کے الٹ پھیر نے انہیں کوئی نقصان نہ پہنچایا اور وہ اس کا مقابلہ کرتے ہوئے اپنے مقصد کے حصول میں مشغول ہیں، اور نئے طلبہ کو مبارکباد اس لئے دیتا ہوں کہ انہوں نے دینی تعلیم کا انتخاب کیا۔ اللہ تعالیٰ کا کتنا فضل وکرم ہے کہ اس نے آپ کے والدین کو توفیق دی کہ وہ آپ کو ایک دینی درسگاہ میں تعلیم کی غرض سے بھیجیں، بعض ایسے بھی طلباء ہیں جو زبردستی بھیجے گئے ہیں لیکن وہ بھی اللہ کے منظور نظر ہیں۔ حدیث شریف میں وارد ہے کہ جنّت میں بعض لوگ ایسے جائیں گے جن کے پیروں میں بیڑیاں پڑی ہوں گی۔ یعنی وہ اللہ کے اتنے منظور نظر ہیں کہ وہ خود جنّت میں داخل ہونا نہیں چاہتے بلکہ ان کے بیڑیاں ڈال کر اور زبردستی داخل جنّت کیا جائے گا۔ اسی طرح دینی تعلیم کا حصول بھی اتنی بڑی نعمت ہے کہ جو اس کی طرف زبردستی لگائے جائیں۔ اور وہ بغیر اپنے مقصد کو سمجھے ہوئے جبراً وکرہاً یہاں پہنچائے جائیں۔ وہ بھی مبارکباد کے مستحق ہیں۔ غرض یہ کہ جو جس طرح بھی یہاں آیا وہ اور اس کے والدین لائق تحسین وصد مبارکباد ہیں۔

مگر یہاں آپ کو کیا ملے گا؟ آپ کیا پائیں گے؟ یہ بہت وسیع موضوع ہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



جس پر مفصل روشنی ڈالنے کا یہ موقع نہیں ہے اور نہ اتنا وقت ہی ہے۔ امام غزالی کی "احیاء العلوم" اس موضوع پر بہترین کتاب ہے آپ موقع نکال کر اس کا مطالعہ کریں تو آپ کو معلوم ہو گا کہ دینی درسگاہ میں طالب علم کو کیا کچھ ملتا ہے۔

**کلام پاک کی نعمت** ابھی ابھی قاری جب تلاوت کلام پاک میں مشغول تھا تو مجھ پر صرف ایک کیفیت شروع تا آخر طاری رہی اور وہ یہ کہ ہم جیسے ناپاک و نجس انسان جن کی حیثیت لاشئ محض کی سی ہے۔ وہ اور اس ذات عالی کا کلام جس نے بحر و بر، آسمان و زمین، شمس و قمر کو وجود بخشا اس کا کلام سمجھ سکیں۔ اس کے مخاطب بننے کے مستحق بن سکیں، الٰہی کیا مقام ہے، وہ شخص جس کی کوئی بھی تو حیثیت اس صفحۂ ہستی کے اوپر نہیں، آخر وہ اس نعمت عظمیٰ کو پاکر دیوانہ کیوں نہیں ہو جاتا، گریبان کیوں نہیں پھاڑ لیتا، کیا ہم اس قابل ہیں کہ خلاق عالم کے مخاطب بن سکیں۔ جب تک قاری تلاوت میں مشغول تھا مجھ پر صرف یہی ایک تاثر قائم رہا۔ یہ (فہم قرآن) اتنی بڑی نعمت ہے کہ اگر اس پر کوئی شخص خوشی سے دیوانہ ہو جائے اور گریبان چاک کر کے مجنونانہ کیفیت اختیار کرے تو کوئی تعجب انگیز بات نہیں۔ کیا اُبی ابن کعبؓ کا واقعہ بھول گئے۔ ذرا تاریخ کے اوراق کو اُلٹ کر ایک مرتبہ پھر نظر ڈالیے۔ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ابی بن کعبؓ سے فرمایا کہ خدا نے تمہارا نام لے کر کہا ہے کہ کلام پاک پڑھوا کر سنو تو سیدنا ابن کعب پر والہانہ کیفیت طاری ہو گئی اور مارے خوشی کے چیخ نکل گئی اور فرمایا اَوَ سَمَّانِی رَبِّی۔ اتنا کہہ کر بے ہوش ہو کر گر پڑے۔ اللہ اللہ کیا حال تھا خدا اور اس کے رسول سے محبت و وارفتگی کا جس کا عشر عشیر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بھی ہمارے نصیب میں نہیں۔

میرے عزیزو! اگر یہاں آپ کو کچھ نہ ملے۔ سارا مال خرچ کرنے کے بعد صرف یہی ایک نعمت ملے کہ ہم خدا کے کلام کے مخاطب بننے کے اہل ہو جائیں تو ہیچ جانیۓ دنیا کی ساری لذتیں و آرائشیں سب اس ایک نعمت پر قربان، اور اس نعمت عظمیٰ کے ملنے کے بعد آپ کی ساری محنتیں وصول اور آپ کے والدین کی ساری کمائی حاصل۔

میرے عزیزو! یہ بات خوب ذہن میں بٹھا لیجئے کہ آپ یہاں کس لئے آئے ہیں اپنی تعلیم میں لگنے سے پہلے اپنے مقاصد کو اچھی طرح ذہن نشین کر لیجئے۔ آپ کس نعمت کو حاصل کرنے آئے ہیں۔ اس کے لئے ذہن کو بیدار کر لیجئے۔

تمہارا قصہ صرف یہی نہیں کہ تم زبردستی یہاں لائے گئے ہو بلکہ تمہارے اور تمہارے خالق کے درمیان ایک سنہری زنجیر ہے جس کا اگر ایک سرا تمہارے ہاتھ میں ہے تو دوسرا سرا اللہ رب العزت کے قبضہ میں۔ گویا تمہارے اور اللہ کے درمیان ایک ایسا رشتہ ہے جس کی بناء پر تم اس کے کلام کو سمجھ سکتے ہو اور اس کو اخذ کر سکتے ہو، اس سے بات کرنے کا طریقہ تمہیں معلوم ہے۔

**مدرسے کا مقصد** میں کسی بھی مدرسہ کی یہ تعریف ماننے کے لئے ہرگز تیار نہیں کہ جہاں ایسی زبان سکھائی جاتی ہے جس کی بدولت عربی کتابیں پڑھی جا سکیں اور اس سے دوسرے دنیاوی فائدے اٹھائے جا سکیں۔ عربی مدرسہ کی ہرگز ہرگز یہ تعریف نہیں بلکہ وہ تو وہ جگہ ہے جہاں طالب علم کے درمیان جیسا کہ میں نے پہلے کہا، اور خدا کے درمیان ایک بلاواسطہ کی کڑی ہے جس کا ایک سرا ادھر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہے اور دوسرا اللہ کے قبضہ میں ہے۔

**ہمیں کیا کرنا ہے** میرے عزیزو! اس بات کو سمجھو کہ اس نعمت عظمیٰ کا اہل بننے کے لئے تمہیں کئی باتوں کی ضرورت ہے تمہیں کم سے کم کیا کرنا ہے؟ سب سے پہلے اپنے اندر شکر پیدا کرو اکیلے میں بیٹھ کر سوچو کہ اللہ تعالیٰ نے تمہیں انبیاء عظام اور اولیاء کرام کے راستہ پر ڈال دیا اگر تم پھر اپنی سابقہ جگہ پر پہنچ جاؤ تو یہ تمہاری بڑی بدقسمتی ہے! اس راستہ میں اولیاء کرام، انبیاء عظام کے نقش قدم نظر آئیں گے اور اس سب سے بڑھ کر تمہیں علم نبوت کی روشنی ملے گی۔

دوسری چیز اس مدرسہ کی زندگی میں حسب استطاعت اپنے کو اس کے مطابق بنانا۔ ہر راہ کے کچھ تقاضے ہوتے ہیں۔ اس راہ کے تقاضے یہ ہیں کہ فرائض کی پابندی کی جائے مثلاً نمازوں میں مستعدی، جماعت کے وقت سے پہلے مسجد آجاؤ، نوافل ودعا کا ذوق پیدا کرو۔

تیسری چیز، اپنے اخلاق کو بھی اسی کے مطابق بناؤ، تمہارے اندر صبر، زہد، استغناء کی کیفیت پیدا ہو جائے۔

چوتھی چیز تمہارے اخلاق وآداب، طور وطریق رہن سہن سب خالص اسلامی ہو، تمہارا منظر بھی اس راستہ کے پیشواؤں کے مطابق ہو۔

مجھے خدا کی قسم تمہارے متعلق یہ خطرہ ہرگز نہیں کہ تم یہاں سے جانے کے بعد فقر سے دوچار ہوگے۔ خطرہ جو ہے وہ صرف اس بات سے کہ کہیں اس نعمت عظمیٰ کی ناقدری سے جو اللہ تعالیٰ تم کو عطا فرما رہا ہے تم پر ادبار نہ آجائے اور اگر تم نے شکر ادا کیا تو اس نعمت کے شکر کے عوض تمہاری استعداد کہیں زیادہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بڑھ جائے گی۔ لَئِنْ شَكَرْتُمْ لَأَزِيْدَنَّكُمْ وَلَئِنْ كَفَرْتُمْ اِنَّ عَذَابِيْ لَشَدِيْدٌ۔

لیکن جب تک تم اپنے اندر جوہر ذاتی نہ پیدا کر وگے اور استعداد میں پختگی نہ حاصل کر وگے اس وقت تک تم کچھ بھی نہ ہوگے اور دنیا میں جا کر تم کچھ نہ کر سکوگے۔

آخر میں اس امر کو پھر صاف صاف بیان کر دینا چاہتا ہوں کہ اپنے تعلیم شروع کرنے سے پہلے اپنے مقاصد اور اپنے مقام کو پہچانو، پڑھنا و استعداد پیدا کرنا ہی صرف اپنا مقصود اور نصب العین بناؤ۔ اس کے علاوہ کسی طرف نگاہ اٹھا کر بھی نہ دیکھو، انشاء اللہ دنیا میں بھی کامیاب و بامراد رہوگے کامیابی وشادمانی تمہارے قدم چومے گی اور پھر اللہ رب العزت کے حضور میں حاضری کے وقت بھی سرخرو ہوگے۔ اللہ آپ کو کامیاب کرے۔ آمین۔

وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# ذاتی تعلق، ذاتی محنت

# اور

# جذبۂ خدا طلبی

۲۵ر رجب ۱۳۸۵ھ مطابق ۲۰ر نومبر ۱۹۶۵ء کو بعد نماز ظہر جمالیہ ہال میں طلبائے دارالعلوم کی طرف سے فارغ ہونے والے طلبہ کے اعزاز میں الوداعی جلسہ منعقد ہوا جس میں جانے والے طلبہ نے اپنے تاثرات پیش کئے۔ آخر میں حضرت مولانا سید ابوالحسن علی ندوی مدظلہٗ ناظم ندوۃ العلماء نے مختصر طور پر چند کلمات ارشاد فرمائے اور محمد حمید اللہ مناروی اور عبدالعلیم بستوی نے تقریر کو قلمبند کیا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# ذاتی تعلق، ذاتی محنت اور جذبہ خدا طلبی

عزیز طلباء!

**قدیم رسم** مشرقی تہذیب میں بہت قدیم زمانے سے یہ رسم چلی آرہی ہے کہ جب کوئی شخص کسی دور دراز سفر پر روانہ ہوتا ہے یا ایک دوسرے سے جُدا ہوتا ہے تو اس وقت اپنے کسی بڑے مخلص یا تجربہ کار سے کچھ نصیحتیں اور کچھ وصیتیں سننا چاہتا ہے، جو اس نے اپنے زندگی کے تجربات سے حاصل کی ہیں۔ اس لحاظ سے اس وقت آپ کی یہ خواہش درست اور صحیح ہے، میں ہوتا یا میری جگہ پر کوئی اور شخص، اور وہ آپ کو اس موقع پر کچھ ایسی باتیں بتاتا جن کو اپنا کر آپ کامیابی کی منزل کی طرف بڑھ سکتے اور آئندہ زندگی میں لائحہ عمل کے طور پر کام میں لاتے تو یہ عین مناسب بات تھی۔ لیکن میرے عزیزو! آج میں اپنے ان عزیزوں سے کیا کیا کہوں اور کن کن چیزوں کی طرف توجہ دلاؤں بہرحال اس وقت میں مختصر طور پر کچھ کہوں گا۔ اگرچہ اس کی مثال ایسی ہی ہے کہ بسم اللہ کے عدد نکال کر سوئے ادب سے بچنے کے لئے شروع میں لکھ دیا جائے لیکن ظاہر ہے کہ جو برکت بسم اللہ کے اندر ہے وہ ۷۸۶ سے حاصل نہیں ہو سکتی۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اس کی مثال ایسی ہی ہے کہ پوری کتاب سے چند سطریں لکھ دی جائیں اور اس کو مختصر کرکے پیش کر دیا جائے لیکن جس طرح سے میں نے ابھی عرض کیا کہ بسم اللہ کی جگہ ۷۸۶ کا عدد نہیں لے سکتا، اسی طرح سے کتاب اور مضمون کی جگہ اس کی چند سطریں نہیں لے سکتی ہیں، پھر بھی مختصراً یہ تین باتیں کہوں گا اگر آپ سننا چاہتے ہیں تو ان کو لوح دل پر ثبت کریں اور دل و دماغ کے امانت خانے میں اچھی طرح محفوظ کرلیں۔ اس سلسلے میں انسان کے لئے جو سب سے زیادہ مفید اور سب سے زیادہ قابل اعتماد چیز ہوسکتی ہے وہ اس کے ذاتی تجربات ہوتے ہیں جن میں کم سے کم شبہ کا امکان ہوتا ہے اس لئے اس وقت میں خود اپنے ہی تجربات آپ کے سامنے پیش کروں گا۔

**ذاتی تعلق** پہلی چیز وہ ذاتی تعلق ہے جو مجھے اپنے اساتذہ سے ہمیشہ رہا۔ وہ تعلق نہیں جو ضابطہ کی خانہ پری کے لئے ہو، بلکہ وہ تعلق جو شب و روز کا تھا، اس تعلق کو میرے مخلص اساتذہ بھی محسوس کرتے تھے اور میں بھی اس کو محسوس کرتا تھا، یہ وہ پہلی چیز ہے، جس نے مجھے بہت نفع پہنچایا۔ اور میں نے جو کچھ حاصل کیا ہے وہ اسی کا صلہ ہے۔ خوش قسمتی سے میری تعلیم کا نظام کچھ ایسا رہا کہ اساتذہ کی تعداد کم تھی اور اس وجہ سے ان کی قدر کرنے اور ان سے خصوصی تعلق رکھنے کے مواقع زیادہ تھے۔

ایک طالب علم کے لئے یہ بہت ضروری ہے کہ اس کا رجحان جس فن کی طرف ہو اس کے ماہر اور متخصص کے پاس رہ کر اس سے وہ اپنی صلاحیت کے مطابق استفادہ کرے بغیر اس ربط کے وہ زیادہ فائدہ نہیں اٹھا سکتا، اگر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



آپ ادیب بننا چاہتے ہیں تو اس کی پیروی کریں جس کا ادب آپ کے لئے زیادہ نفع بخش اور مفید ہو، اسی طریقہ سے اگر آپ کو تفسیر یا کسی اور فن سے لگاؤ ہے تو اس کے ماہر استاد سے اپنا خصوصی ربط قائم رکھیں، اب آپ کے سامنے میں وہ چند باتیں پیش کرتا ہوں جن کی رہنمائی اور روشنی میں آپ اپنے سفر زندگی کا آغاز کرسکتے ہیں۔

(۱) سب سے پہلی بات یہ ہے کہ آپ اپنے زندگی کے لئے ایک شخصیت کا انتخاب کریں، یہ حقیقت ہے کہ چراغ چراغ سے جلتا ہے اور دیا دیا سے، اس کے لئے یہ ضروری ہے کہ کوئی بھی مخلص بندہ آپ کو کہیں مل جائے تو اس کو آپ اپنا رہنما مان کر اپنی زندگی کی نئی تعبیر کریں، اس میں آپ کو پورا پورا اختیار ہے کہ جس کو چاہیں اور جہاں چاہیں ایشیا یا ایشیا سے باہر دنیا کے کسی گوشہ میں آپ اس کو دریافت کرلیں۔ بلکہ میں آگے بڑھ کر یہاں تک کہتا ہوں کہ زندوں میں آپ کو کوئی ایسا نظر نہ آئے تو ماضی کی شخصیتوں میں اس کو تلاش کیجئے اور جہاں کہیں یہ بندۂ خدا آپ کو ملے، اس کے ہاتھ میں اپنا ہاتھ دے دیجئے اور کچھ دنوں تک اس کی ہر چیز کو اپنے اندر منتقل کرنے کی کوشش کیجئے، انسان میں یہ صفت بہت نمایاں طور پر ہے کہ وہ جس چیز کو چاہتا ہے اس کو نقل کرلیتا ہے۔ آپ اس کی ہر چیز کی نقل اتار دیجئے، اس کے بعد آپ بڑے ہوسکتے ہیں۔ آپ اس سے آگے بھی نکل سکتے ہیں اور ایسی جگہ بھی پہنچ سکتے ہیں جہاں آپ کو اس تعلق کی ضرورت نہ ہوگی۔ اگرچہ یہ بات بہت کم لوگوں کو حاصل ہوتی ہے۔

**ذاتی محنت** دوسری بات جو آپ سے کہنی ہے وہ یہ ہے کہ آپ تاریخ کی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



شخصیتوں میں سے جس کا نام بھی لیں، جب آپ اس کی سیرت کا مطالعہ کریں گے اس کی زندگی کی تہ تک جانے کی کوشش کریں گے تو آپ کو اندازہ ہو گا کہ اس کی شخصیت کو بنانے اور سنوارنے والی سب سے اہم اور بنیادی چیز اس کی ذاتی محنت اس کی فکر و لگن، مقصد کی دھن اور اس کی تڑپ تھی اس کے بغیر اساتذہ چاہیں یا عظیم الشان ادارے اس کے لئے کوشش کریں کسی کے بس میں کچھ نہیں ہے، جو بھی بنا ہے وہ اپنی ذاتی محنت اور جد و جہد سے بنا ہے، یقیناً اللہ تعالیٰ کی توفیق اور اساتذہ کی رہنمائی بھی ضروری ہے لیکن اگر اللہ کی توفیق شامل حال ہے تو پھر اپنی ذاتی محنت سے انسان اپنے آپ کو سب کچھ بنا سکتا ہے۔

**جذبۂ خدا طلبی** تیسری بات جو آپ سے کہنی ہے وہ یہ ہے کہ انسان کو ہر وقت اس چیز کی فکر کرنی چاہیئے جس کے لئے وہ پیدا کیا گیا ہے۔ اور جو چیز اس کو حقیقت میں کام آنے والی ہے وہ آخرت کی فکر خدا کی مرضی اور اس کی خوشنودی حاصل کرنے کا شوق اور جذبہ ہے۔ اگر انسان کے اندر یہ چیز نہیں ہے تو خواہ وہ بڑے سے بڑا ادیب ہو، بہت بڑا مقرر و خطیب ہو، یا بہت بڑا مفسر و فقیہہ ہو، اس دولت سے محروم ہی رہے گا۔ یہ ممکن ہے تھوڑی دیر کے لئے کچھ واہ واہ اور کچھ ناموری اور کچھ داد و تحسین حاصل کرلے مگر آگے اس کا کچھ حصہ نہیں، حقیقت میں جو چیز کام آنے والی ہے وہ خشیتِ الٰہی ہے، وہ آخرت کی فکر ہے، وہ اللہ کی مرضی کی تلاش ہے۔ ایک مرتبہ مولانا فضل رحمٰن گنج مرادآبادیؒ نے ایک طالب علم سے پوچھا تم کیا پڑھتے ہو؟

عرض کیا۔ "قاضی مبارک"۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ارشاد ہوا "استغفر اللہ" نعوذ باللہ قاضی مبارک پڑھتے ہو اس سے حاصل ؟

ہم نے فرض کیا کہ تم منطق پڑھ کر قاضی مبارک کے مثل ہو گئے پھر کیا -؟ قاضی مبارک کی قبر پہ جاکر دیکھو کیا حال ہے اور ایک بے علم کی قبر پہ جاؤ جس کو خدا سے نسبت تھی اس پر کیسے انوار و برکات ہیں ۔

میں نے مانا کہ آپ بڑے ادیب و انشا پرداز بن جائیں (اگرچہ میں اس کا پر زور داعی ہوں اور میں نے اس سے بہت کام لیا ہے) لیکن یہ سب چیزیں اسی وقت کام آسکتی ہیں، جب ان سے مطلوب رضائے الٰہی ہو ۔

لہذا میرے عزیزو ہر چیز پر اس کو مقدم رکھو اور اسی کو اپنا مقصد حیات بناؤ ۔

---

۲۲ر نومبر ۱۹۶۵ء کو مولانا مدظلہ نے
مدرسہ ثانویہ کے انعامی جلسہ میں بچوں کو جو
نصیحت کی وہ بھی مختصراً درج ذیل ہے ۔!

میرے عزیزو ! آج تم کو دیکھ کر بڑی خوشی و مسرت ہو رہی ہے ایسی ہی جیسے کسی خاندان کے بڑے یا بزرگ کو اپنے چھوٹے بچوں کو دیکھ کر خوشی ہوتی ہے، میں تم کو مبارکباد دیتا ہوں اور سب سے بڑی مبارکباد اس پر کہ تم نے محنت کرکے انعامات کا استحقاق پیدا کیا اور تمہارے اساتذہ اور تمہارے ہیڈ ماسٹر صاحب نے تم کو اس کا اہل سمجھا، اِن انعامات کی قیمت بازار میں کچھ زیادہ نہیں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہے جو تم کو کتابوں اور دوسری چیزوں کی صورت میں ملے ہیں بلکہ اس لحاظ سے انعامات بہت قیمتی ہیں کہ اس وقت جبکہ تمہارے اساتذہ موجود ہیں یہ کہہ کر دیئے جارہے ہیں کہ ہمارے ان بچوں نے مختلف چیزوں میں نمایاں کامیابی حاصل کی ہے۔

آج مجھے افسوس ہوتا ہے کہ جو چیزیں ہم نے اپنے بچپن میں بطور انعام حاصل کیں وہ بچپن کی بے خیالی میں ضائع ہو گئیں۔ اب میں تم کو نصیحت بلکہ وصیت کرتا ہوں کہ ان کو بہت اچھی طرح اور حفاظت سے رکھنا، آج میں نے تمہاری تقریریں سنیں تمہاری تقریریں ریکارڈ کی گئی ہیں، یہ تقریریں تمہاری عمر اور تمہاری استعداد کے لحاظ سے بڑی غنیمت اور بہت اچھی ہیں اور ایک اچھے مستقبل کی پیشن گوئی کرتی ہیں مگر جی یہ چاہتا ہے کہ یہ تقریریں اور زیادہ بے تکلف اور سادہ ہوں کیونکہ اچھی تقریر وہی ہوتی ہے جو زیادہ سے زیادہ سادہ اور بے تکلف ہو، یقیناً تمہاری تقریریں قابل مبارکباد ہیں مجھے محسوس ہوتا ہے کہ تمہارے اساتذہ اپنے مقصد میں بہت حد تک کامیاب ہیں۔

اب چند باتیں تم سے کہنا چاہتا ہوں جو تمہارے کرنے کی ہیں۔

پہلی بات یہ ہے کہ انسان جو کچھ بچپن میں سوچتا ہے بعینہ ان چیزوں کو اللہ تعالےٰ کسی نہ کسی موقع پر پورا کر دیتا ہے لہذا جو خیال کرو جو آرزو تمنا کرو بہت سوچ سمجھ کر کرو، ایسا نہ ہو کہ بعد میں تمہیں افسوس کرنا پڑے ۔ یہ بڑے تجربہ کی بات ہے بچپن کا خیال حقیقت بن کر سامنے آتا ہے۔ ابھی سے تم یہ ارادہ کرو کہ اسلام کا نام روشن کرو گے اللہ کا پیغام پہنچاؤ گے، اسلام کے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



سچے اور مخلص داعی بنو گے ایسا نہ سوچو جیسے بعض بچے سوچتے ہیں کہ ہم ٹی ٹی آئی (T.T.I.) بنیں گے اور مفت سفر کیا کریں گے یا ہم تھانیدار یا اسی طرح کی اور بہت سی باتیں، یہ باتیں بری نہیں ہیں بلکہ تم کو اس سے بھی اونچا سوچنا چاہیئے اس کا یہ مطلب نہیں کہ تم ٹی ٹی آئی کے بجائے گارڈ بننے کی سوچنے لگو یا تھانیدار کے بجائے ایس پی (S.P.) بلکہ اللہ تعالیٰ کو بچپن کی کچھ معصومیت اتنی پسند ہے کہ اس وقت بچہ جو سوچتا ہے اللہ تعالےٰ اس کو پورا کرتا ہے تم اونچے سے اونچا ارادہ کرو اور اچھی سے اچھی آرزو کرو اور تم یہ آرزو کرو کہ اللہ نے جو پیغمبروں سے کام لیا وہ ہم کریں گے اللہ کے ولی اور دوست بنیں گے، ہم بہت بڑے عالم و فاضل بنیں گے اور اللہ کے بندوں کو زیادہ سے زیادہ فائدہ پہنچائیں گے۔ دیکھو انسان کے اندر اللہ تعالےٰ نے یہ صلاحیت رکھی ہے کہ وہ سب کچھ بن سکتا ہے، فرشتہ بلکہ فرشتہ سے بھی بڑھ سکتا ہے اس لئے کہ انسان میں بہت سی وہ صلاحیتیں ہیں جو فرشتوں میں نہیں ہیں، جب معاملہ یہ ہے کہ آدمی بہت کچھ بن سکتا ہے اور بہت بڑا بن سکتا ہے تو تم چھوٹی اور گری پڑی آرزوئیں کیوں کرو تم ہمیشہ یہ آرزو کرو کہ اللہ ہمیں اپنے دین کی خدمت کرنے کی توفیق عطا فرمائے اور تم سے وہ کام لے جس کی زمانہ کو ضرورت ہے، ہماری آرزو تم سے یہی ہے اور ہماری تمنا اور خواہش بھی یہی ہے۔ آمین۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# آج نبوّتِ محمدیؐ پر الحاد و دہریت کا حملہ ہے کوئی شاہینؔ ہے جو اسکے مقابلہ کی سعادت حاصل کرے؟

۳ر جولائی ۱۹۶۶ء کو سلیمانیہ ہال میں طلبائے دارالعلوم کے سامنے مولانا سید ابوالحسن علی ندوی مدظلہٗ نے ایک اہم تقریر کی جو مسلسل دو گھنٹے تک جاری رہی اور ریکارڈ بھی کی گئی۔ بعد میں شفیق رائے بریلوی نے اس کو قلمبند کیا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# آج نبوت محمدیؐ پر الحاد و دہریت کا حملہ ہے، کوئی شاہین ہے جو اسکے مقابلہ کی سعادت حاصل کرے؟

بعد حمد وصلوٰۃ!

**طلبہ کی دو قسمیں** میرے عزیزو! بغیر کسی تکلّف و تمہید کے میں آپ کے سامنے چند باتیں رکھنا چاہتا ہوں، عزیزوں سے کسی تکلّف کی ضرورت نہیں ہوا کرتی، خاندان میں آپ نے کبھی نہ دیکھا ہوگا کہ بڑا بھائی چھوٹے بھائی سے تصنع برتتا ہو یا چھوٹا بھائی بڑے بھائی سے بات کرنے میں تکلّف و تمہید اختیار کرتا ہو، آپ کا مجھ پر اور میرا آپ پر یہ حق ہے کہ آپ میری باتیں سنیں اور میں آپ کی باتیں سنوں۔!

جو لوگ یہاں آئے ہیں اور پڑھ رہے ہیں ان کی ۲ دو قسمیں ہو سکتی ہیں، ایک قسم تو ان بھائیوں اور عزیزوں کی ہے جو ماں باپ کے اصرار اور تقاضہ سے یا اس تعلق کی بنا پر جو اس معاشرہ میں والدین کا اولاد سے ہوا کرتا ہے، اُس سے مجبور ہو کر یہاں آئے ہیں، یعنی یہ کہ ہمارا ان کا جو تعلق ہے وہ اس بنا پر ہے کہ وہ ماں باپ کے حکم کی تعمیل میں یہاں آئے ہیں، ان کی یہاں آنے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کی نہ خواہش تھی اور نہ ان کے نزدیک اس کا کوئی فائدہ تھا‘ چنانچہ یہاں آنے کے بعد بجائے اس کے یہاں ان کے دل میں اطمینان کی فضا قائم ہوتی، وہ اپنے والدین کے شکر گزار ہوتے، اور ان کی خیر خواہی کے قائل ہوجاتے کہ انہوں نے بہت صحیح جگہ کا انتخاب کیا اور ان کی زندگی کے لئے اچھا راستہ تجویز کیا‘ ان کے اندر مزید کشمکش پیدا ہوگئی ہے‘ اب یہ کسی وجہ سے بھی ہو‘ میں اس کے اسباب نہیں بیان کروں گا‘ یہاں ان تفصیلات کی ضرورت نہیں ان کے علاج کی ضرورت ہے۔

ان کو یہاں آکر روز بروز یہ محسوس ہونے لگا کہ ان کو فائدہ یہاں حاصل نہیں ہورہا ہے‘ ان کے والدین غالباً یہاں کے حالات سے واقف نہ تھے، اور یہاں کی افادیت کا پوری طرح اندازہ نہیں تھا، وہ یہ سمجھ رہے ہیں کہ جتنا زیادہ یہاں قیام رہے گا اتنا ہی ہمارا وقت گزرتا جائے گا، اور کچھ حاصل نہ ہوگا، کوئی خاص چیز یہاں سے ہم لے کر نہیں جائیں گے اور ہمیں برباد کیا جارہا ہے‘ مجھے اس پر تعجب نہیں کہ عربی مدرسہ میں ایسے لوگوں کی بھی کوئی قسم ہوسکتی ہے‘ اس لئے کہ واقعات کی دنیا میں بہت سی ایسی باتیں ہوتی ہیں جن کو ہم پسند نہیں کرتے، یہ بالکل ممکن ہے کہ اچھے اچھے لوگ بھی جو بہت سعید اور صالح ہوں اور بعد میں جاکر بہت ترقی کریں، علمی ترقی کریں‘ دینی ترقی کریں‘ اولیاء اللہ بن جائیں، لیکن یہ ہوسکتا ہے کہ جب تک ان کے دل کو اطمینان حاصل نہیں ہے وہ کشمکش میں مبتلا رہیں جو ہر وقت ان کے ساتھ رہتی ہے اور کسی وقت ان کا پیچھا نہیں چھوڑتی۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ان سے مجھے یہ کہنا ہے کہ وہ اپنے فیصلہ میں بالکل آزاد ہیں وہ اگر یہاں آکر بھی مطمئن نہیں ہوئے اگر وہ یہاں کے نظام کے ساتھ یہاں کے قواعد، قوانین، ضوابط اور یہاں کی فضا کے ساتھ اشتراک عمل نہیں کر سکتے، اور اس کے ساتھ خوشدلی کے ساتھ نہیں رہ سکتے، انہیں یہاں الجھن ہے اور دن رات ان کو یہ الجھن ستاتی ہے اور یہ ان کے لئے ایک مسئلہ بن گیا ہے، تو میں ان سے بہت ہی آزادی کے ساتھ، خلوص اور صاف دلی کے ساتھ کہوں گا کہ وہ طلباء ہمت اور اخلاقی جرأت سے کام لیں، اخلاقی جرأت سے بہت مدد ملتی ہے، اس سے لوگوں نے بڑے بڑے کام کئے ہیں، اس سے بڑے بڑے فیصلے صادر ہو چکے ہیں وہ اپنے فیصلہ میں آزاد ہیں وہ اپنے والدین کو صاف صاف کہہ سکتے ہیں کہ یہاں آکر ہمیں اطمینان حاصل نہیں ہوا۔ ہم یہاں آکر کوئی فائدہ حاصل نہیں کر رہے ہیں اور ہمیں یہ محسوس ہو رہا ہے کہ ہمارا وقت ضائع ہو رہا ہے۔ آپ بڑے مغالطہ میں مبتلا ہیں۔ اور خود کو دھوکے میں رکھے ہوئے ہیں، آپ سمجھ رہے ہیں کہ ہم یہاں بڑی محنت سے پڑھ رہے ہیں، لیکن واقعہ یہ نہیں ہے کس وجہ سے؟ یہ ہم آکر بیان کریں گے، ....... یا پھر کسی موقعہ سے ذکر کریں گے، بہرحال حقیقت یہی ہے کہ یہاں ہمارا دل نہیں لگ رہا ہے، یہاں ہمیں کوئی فائدہ محسوس نہیں ہو رہا ہے، ان بھائیوں سے تو یہ کہنا تھا کہ وہ یہ فیصلہ کر لیں، ہمیں انشاء اللہ ان سے نہ کوئی شکایت پیدا ہو گی، اور نہ آئندہ ہمارے انکے تعلق میں انشاء اللہ کوئی فرق واقع ہو گا اور نہ ہم ان کے لئے خدانخواستہ کوئی بات زبان سے نکالیں گے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہماری طرف سے اجازت ہے کہ وہ بخوشی اپنے گھر جائیں، والدین کے سامنے ذرا جرأت ..... و ہمت سے پوری بات رکھدیں کہ آپ نے ہمیں جس دارالعلوم ندوۃ العلماء میں تعلیم پانے کے لئے بھیجا تھا، وہاں جاکر ہم مطمئن نہیں ہوئے، ہمارے لئے آپ کوئی دوسرا راستہ تجویز کیجئے۔

**دوسری قسم** اب دوسری قسم وہ ہے جو یہاں آنے کے بعد یا یہاں آنے سے پہلے یہاں سے مطمئن ہو گئی ہے، اور جو یہ سمجھتی ہے کہ ہم مدرسہ سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں، اللہ تعالیٰ کا فضل ہے کہ اس نے ہمیں زرین موقع عطا کیا ہے۔ علوم دینیہ میں مہارت پیدا کرنے کیلئے دین کے مطالب کو اور اس کے مقاصد کو سمجھنے کے لئے اس کے حقائق و معارف کو جاننے اور ان کے اندر تعمق پیدا کرنے کے لئے اللہ نے بہت اچھا موقعہ عنایت فرمایا، اس کے تمام سامان یہاں مہیا ہیں، تمام ضروری شرائط جو اس کیلئے ضروری ہیں یہاں موجود ہیں، جن لوگوں کا کسی درجہ میں اس پر اعتقاد ہے اور وہ سمجھتے ہیں کہ ہم دارالعلوم کی تعلیم سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں اور علوم دینیہ میں کمال حاصل کر سکتے ہیں اور یہاں ہم ان مضامین میں جو پڑھائے جاتے ہیں، اچھی سمجھ اور اعلیٰ دستگاہ پیدا کر سکتے ہیں اور اپنے لئے کہ سب سے پہلے یہی سوال ہے! قُوْٓا اَنْفُسَكُمْ وَاَهْلِيْكُمْ نَارًا، اور ہر شخص اپنا ذمہ دار ہے لَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى بہرکیف جو لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ ہم اپنے لئے اپنے والدین کے لئے خاندان کے لئے، بستی کے لئے پھر اللہ اگر ہمت و توفیق دے تو اپنے صوبے کے لئے اور توفیق و صلاحیت مزید عطا کرے تو ملک کے لئے اور اگر اللہ تعالیٰ .......

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اس سے بڑا حوصلہ اور ظرف عطا فرمائے تو پوری انسانیت کیلئے مفید ہو سکتے ہیں، اور نہ صرف یہ کہ ہم کو اللہ کا راستہ معلوم ہو جائے بلکہ ہم اس راستہ کی طرف دوسروں کو بلانے کی بھی صلاحیت اپنے اندر پیدا کر سکتے ہیں، جو یہ سمجھتے ہیں کہ یہ نبوت (صلی اللہ علیہ وسلم علیٰ صاحبہا) کی نیابت ہے، یہ علوم نبوت ہیں جو یہ سمجھتے ہیں کہ یہ وہ دولت ہے جو اللہ تبارک وتعالیٰ کی طرف سے اس کے مخصوص بندوں کو جن سے وہ امامت اور ہدایت کا کام لیتا ہے، ملتی ہے، ارشاد ہے " وَجَعَلْنَا مِنْهُمْ أَئِمَّةً يَهْدُونَ بِأَمْرِنَا لَمَّا صَبَرُوا وَكَانُوا بِآيَاتِنَا يُوقِنُونَ " (ہم نے ان کو پیشوا بنایا، امامت کا منصب عطا کیا کہ ہمارے حکم سے وہ دوسروں کو بھی ہدایت کرتے ہیں) جو یہ سمجھتے ہیں کہ یہ صلاحیت وتوفیق جس کسی کو نصیب ہو جاتی ہے، اس سے سو آدمی، ایک ہزار اور ایک لاکھ آدمی اور اللہ تعالیٰ کی فیاضی اور شان کریمی سے کچھ بعید نہیں کہ لاکھوں اور کروڑوں آدمی ہدایت پاتے ہیں اس کے نامۂ اعمال میں لاکھوں اور کروڑوں آدمی لکھے جاتے ہیں جیسا کہ خواجہ معین الدین اجمیری رحمتہ اللہ علیہ، کے حساب میں لکھے گئے، حضرت مجدد الف ثانی رحمتہ اللہ علیہ، کے حساب میں لکھے گئے، حضرت سیدنا شیخ عبدالقادر جیلانی رحمتہ اللہ علیہ کے حساب میں لکھے گئے، امام اعظم ابو حنیفہ رحمتہ اللہ علیہ کے حساب میں لکھے گئے، آج ساری دنیائے اسلام میں جتنے مسلمان ہیں، ان میں سے بہت تھوڑی تعداد کو مستثنیٰ کر کے تمام مسلمان چار مسلکوں میں بٹے ہوئے ہیں، مسلک حنفی، مسلک شافعی، مسلک مالکی اور مسلک حنبلی۔

اب آپ یہ دیکھئے کہ ایک ایک کے حساب میں کتنے لوگ آئے، کروڑوں

www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



انسان ایک ایک امام کے حساب میں لکھے گئے، اگر ان کے اس زمانہ سے جس وقت انہوں نے مسائل کا استنباط کیا، اور لوگوں نے اس سے فائدہ حاصل کرنا شروع کیا، اس وقت تک کا جائزہ لیں تو معلوم ہوگا کہ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے حساب میں کتنے کروڑ بلکہ کتنے ارب انسان لکھے گئے، اور یہ بھی تو دیکھو کہ کس خانہ میں لکھے گئے؟ نماز کے فرض میں لکھے گئے، روزہ کے فرض میں لکھے گئے، زکوٰۃ کے فرض میں لکھے گئے، ارکان اربعہ کے فرض میں لکھے گئے، ائمہ اربعہ کی فہرست میں جو لوگ لکھے گئے، کس کس عنوان کے ماتحت ان کا اندراج ہوا، کتنی نمازیں ان کے حساب میں آئیں، اربوں انسانوں کے اعمال خیر ان کے نامۂ اعمال میں لکھے گئے، آج ابھی ظہر کی نماز آپ پڑھیں گے، یقین کیجئے اس بات پر کہ اس کا ثواب امام ابوحنیفہؒ، امام شافعیؒ کی روح کو پہنچے گا، اس میں ذرا بھی کلام نہیں، قرآن اس پر شاہد! حدیث اس پر شاہد! فقہ اس پر شاہد! اور تمہارے سامنے یہ علماء بیٹھے ہوئے ہیں ان سے پوچھو کہ کیا اس کا ثواب امام شافعیؒ امام مالکؒ امام احمد بن حنبلؒ کو نہیں پہنچا؟ جن کے مسئلہ کے مطابق تم نے اپنی نمازیں درست طریقہ پر ادا کیں، جن کی محنت واستنباط کے نتیجے میں تم میں سے کسی نے اپنی نماز میں دعائے قنوت پڑھی اور کسی نے چھوڑ دی، ان کو بھی ثواب ملا اور تم کو بھی ثواب ملا۔

کیا کوئی اندازہ بھی کیا جا سکتا ہے ان کے اجر و ثواب کا؟ آج کونسا ریاضی داں ہے جو ان ائمہ اربعہؒ اور ان محدثین کرام اور ان فقہائے عظام اور ان مشائخ کبار کے ثواب کا حساب جوڑ سکے، اور اس کی کوئی میزان متعین کر سکے!

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کیا کسی میں یہ قابلیت ہے کہ امام شافعیؒ، امام غزالیؒ کے ثواب کا حساب جوڑ سکے؟ امام ابو حنیفہؒ کے ثواب سیدنا عبدالقادر جیلانیؒ، مجدد الف ثانیؒ اور شاہ ولی اللہؒ کے ثواب کی میزان مرتب کر سکے؟ کسی میں ہمت نہیں! یہ وہ جگہ ہے جہاں یورپ کی ساری مشینیں عاجز ہیں اور ساری دوربینیں عاجز ہیں اور یورپ کے سارے سائنٹسٹ اور ریاضی داں عاجز ہیں۔

**عصر حاضر کے فتنے** میرے عزیزو! خوش قسمتی سے تمہارا تعلق اسی قسم سے ہے جو یہ سمجھتی ہے کہ ہم عربی مدرسہ میں کیوں آئے؟ یہاں آنے کا کیا فائدہ ہے؟ جس کو یہ اطمینان ہے (خواہ کسی بھی درجہ میں سہی) کہ ہم یہاں رہ کر ان اماموں کی صف میں تو نہیں (کہ اس کی کوئی جرأت نہیں کرسکتا) ان کے خادموں اور کفش برداروں کی صف میں شامل ہو سکتے ہیں، لیکن اللہ کے احکام جود وسخا میں کوئی فرق نہیں اس کا فرمان اور اعلان ہے (كُلًّا نُّمِدُّ هٰٓؤُلَآءِ وَهٰٓؤُلَآءِ مِنْ عَطَآءِ رَبِّكَ ۚ وَمَا كَانَ عَطَآءُ رَبِّكَ مَحْظُوْرًا) وہ پھر کوئی نیا امام پیدا کر دے تو وہ اس پر قادر ہے اور اگر پھر کسی کو ہدایت کا وہی ثواب عطا ہونے لگے اور وہی کام لے تو بالکل ممکن ہے!

آج کتنے بڑے بڑے فتنے ہیں جو اس وقت جہنم کے شعلوں کی مانند بھڑک رہے ہیں اور پورے پورے اسلامی ملکوں کو جلا کر خاکستر کر دینا چاہتے ہیں جو صحابہ کرامؓ کی امیدوں پر پانی پھیر دینا چاہتے ہیں۔

آج قسم قسم کے اسلام سوز، ایمان سوز، اخلاق سوز، انسانیت سوز فتنے اُبھر رہے ہیں، مصر کی ناصریت شام کی اشتمالیت اور اس کا کمیونزم ساری عرب

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



دنیا کو اپنے آغوش میں لے لینے کے لئے بے چین ہے، مادیت الحاد قوم پرستی نبوت محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے آنکھیں ملانے کے لئے تیار ہے، آج مسیلمہ کذاب نئے نئے روپ میں آرہا ہے اور نبوت محمدی کو چیلنج کر رہا ہے۔

آج رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سرمایہ پر ڈاکہ ڈالا جا رہا ہے، آپ کے قلعہ میں شگاف پیدا کئے جارہے ہیں۔ آپ کے دارالسلطنت پر حملہ کیا جارہا ہے، اگر آج امام ابوحنیفہؒ، امام شافعیؒ، امام مالکؒ، امام احمد بن جنبلؒ ہوتے تو میں یقین کرتا ہوں کہ شاید وہ فقہ کی تدوین بھی تھوڑی دیر کے لئے روک دیتے اور اس مسئلہ کی طرف توجہ کرتے، تم خوش قسمت ہو کہ فقہ حنفی، فقہ شافعی کی تدوین کی سعادت تمہارے لئے مقدر نہیں ہے، اللہ کی حکمت بالغہ اور اسکی قدرت کاملہ نے اس کے لئے پہلے ہی انتظام کر دیا اور امت کو امام شافعیؒ امام ابوحنیفہؒ امام مالکؒ اور امام احمدؒ جیسے ائمہ عطا کئے، جب کہ ایک لمحہ اور ایک منٹ کی تاخیر کی گنجائش نہیں تھی، تم خوش قسمت ہو۔ . . . . خدا کی رحمت سے مایوس نہ ہو، آج تمہارے لئے کام کے دوسرے میدان ہیں، آج تمہارے لئے الحاد سے پنجہ آزمائی کا موقعہ ہے۔

تمہارے لئے دہریت، مادیت سے آنکھ ملانے کا موقع ہے یقین مانو کہ اس سے امام ابوحنیفہؒ امام شافعیؒ، امام مالکؒ وامام احمدؒ کی روح نہیں محمد عربی صلی اللہ علیہ وسلم کی روح خوش ہو گی۔ آج کب سے یہ صدائیں لگ رہی ہیں کہ ؎

گوئے توفیق وسعادت درمیاں افگندہ اند
کس بہ میداں درنمی آید سواراں راچہ شد

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



**تمہارا میدان** | آج عالمِ اسلام کی نگاہیں ان درسگاہوں کی طرف لگی ہوئی ہیں، جو ان باتوں کو سمجھنے کی اہلیت وصلاحیت رکھتی ہیں، جن کے بانیوں نے اپنے نصاب ونظام میں اس کی صلاحیت پیدا کرنے کی کوشش کی تھی، کہ جب عصرِ حاضر کا کوئی نیا فتنہ پیدا ہو تو ہمارے فضلاء اس کو سمجھ سکیں اور اس کا مقابلہ کرسکیں۔!

**نبوّتِ محمدیؐ پر الحاد و دہریت کا حملہ** | میرے عزیزو! تمہارے لئے کام کے کتنے وسیع میدان ہیں اور ان میدانوں میں تھوڑی سی محنت سے آج کیا کچھ مل سکتا ہے۔ اس لئے جن لوگوں کو یہاں کا قیام عزیز ہو، یہاں کا نظام عزیز ہو، نصاب عزیز ہو، جن کو یہاں کی تعلیم وتربیت اس لئے عزیز ہو کہ نئے خالدؓ اور ابو عبیدہؓ پیدا ہوں ـــــ اللہ کی لاکھوں اور کروڑوں رحمتیں ہوں ان کی پاک روحوں پر لیکن ان کی بے چین روحیں زبانِ حال سے کہہ رہی ہیں کہ وہ اب قیامت تک نہیں پیدا ہوسکتے، ہم نے تلوار چلانے اور گردن کٹانے میں ایک لمحہ کا تامل نہیں کیا، ہم نے اپنا کام ختم کرلیا لیکن آج سر کٹانے اور کاٹنے کی ضرورت نہیں، آج تو باطل سے آنکھیں ملانے کی ضرورت ہے' آج نبوتِ محمدیؐ صلی اللہ علیہ وسلم پر تلواروں کا حملہ نہیں' دلیلوں کا حملہ ہے' مادیت کا حملہ ہے قوم پرستی کا حملہ ہے' ہمارے جو عزیز طلبہ یہ سمجھتے ہیں کہ یہاں رہ کر اس سلسلہ میں کچھ کیا جاسکتا ہے" ان کے لئے یہ سعادت مقدر ہے' وہ اس میں حصہ لے کر ان ابرار واخیار' اور ان شہداء اور اتقیا کی صف میں جگہ پاسکتے ہیں، جو یہ سمجھتے ہیں کہ یہ دعوت کا ایک ایسا میدان ہے کہ جس کو اللہ تعالیٰ نے محض اپنی اس

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



حکمت کی بناء پر جس کا راز کوئی نہیں جانتا — اس زمانہ کے پست ہمتوں کیلئے مقدر کیا ہے کہ اس میں تھوڑی سی محنت سے تم بہت کچھ پا سکتے ہو (من أحییٰ سنتی عند فساد امتی فلہ أجر مأۃ شہید) کیا تم سمجھتے ہو کہ یہ سنّت کون سی ہے، بیشک اگر کوئی ایک سنّت زندہ کریگا تو سو شہیدوں کا اجر پائے گا لیکن میں سمجھتا ہوں کہ سنتی میں سنّت کی اضافت جو آپؐ نے اپنی طرف کی ہے اس کے معنی ہیں میرا چلن، میرا طریقہ، میرا دین اور میرا مسلک، اب ذرا غور کرو کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جو دین لے کر آئے اس کی دعوت پر جو آج حملے ہو رہے ہیں ان کے مقابلہ کے لئے اگر سر بکف ہو کر میدان میں اتر آئے اور ان حملوں کے لئے سپر بن جائے تو اس کا مقام کیا ہوگا، یہ مدرسہ جس کو تم حقارت کی نظر سے دیکھتے ہو، یہاں کی نا تمام عمارتیں، یہاں کی بے سر و سامانیاں اور یہاں کی بہت سی خامیاں اور یہ کھانے کی خرابیاں — واللہ العظیم اسی بناء پر ہو سکتا ہے کہ یہاں سے ایسے ایسے لوگ پیدا ہوں جو حق و باطل کے معرکہ کارزار کے لئے شہسوار ہوں، اور جانباز ہوں، اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے جھنڈے کو پھر سے بلند کریں اور ملحدانہ اور مادہ پرستانہ تحریکوں اور ایمان سوز فتنوں کا جرأت کے ساتھ مقابلہ کریں جس کے لئے روح نبوی صلی اللہ علیٰ صاحبہا بیچین و مضطرب ہے، اگر ایک ایسی جیتی جاگتی مثال بھی یہاں موجود ہے۔ اگر ایک دھڑکتا ہوا دل ایک دیدۂ بینا اور ایک گوش شنوا یہاں حاضر ہے اور ایک متنفس بھی ایسا موجود ہے جس کو اس بات کا احساس ہے کہ یہاں رہ کر یہ کام ہو سکتا ہے جو یہ سمجھتا ہے کہ وہ دن ہماری عمر ہمارے خاندان اور ہماری بستی کی زندگی میں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بلکہ ہماری اس پوری آبادی کی زندگی میں بڑا مبارک تھا جس دن ہمارے والدین نے ہم کو دارالعلوم بھیجا' ان سے ہم کہتے ہیں کہ آج وہ فیصلہ کر کے اٹھیں کہ یہاں وہ اپنے وقت کو صحیح طور سے صرف کریں گے یہاں کے درخت سے وہ بہتر سے بہتر پھل توڑیں گے جس کی توقع کی جا سکتی ہے' وہ یہاں کتاب و سنت کا گہرا اور عمیق علم حاصل کریں گے اور وہ زندگی گزاریں گے جو ایک داعی اور علم ربانی کی زندگی سے مطابقت رکھتی ہے۔

**یکسوئی کی ضرورت** مولانا نے آگے چل کر فرمایا "کتنا بڑا ظلم ہے کہ لوگ ساری دنیا کے راستے بند کر کے اور ساری کشتیاں جلا کر یہاں آ کر پڑ گئے ہوں' تم وہاں رہ کر یہ معاملہ کرو کہ تمہارا ایک پاؤں یہاں رہے اور ایک پاؤں خدا کے دشمنوں کے ساتھ' دشمنانِ اسلام کے قلعہ میں! تمہارا جسم یہاں رہے اور تمہارا دل باہر! تم یہاں رہو' تمہاری آنکھیں باہر رہیں۔ اسکی کون اجازت دے سکتا ہے؟ کوئی چھاؤنی اس کی اجازت دے سکتی ہے۔؟ مدرسہ بھی ایک چھاؤنی ہے؟ کوئی درسگاہ اس کی اجازت دے سکتی ہے؟ کوئی نظام اس کی اجازت دے سکتا ہے؟ اشتراکی نظام؟ سرمایہ دارانہ نظام؟ کوئی نظام اس کی اجازت نہیں دے سکتا کہ آدمی روس میں رہے اور امریکہ کا خواب دیکھے یا امریکہ میں رہے اور روس کی طرف دیکھے تو جب ان آزاد لوگوں میں جن کے لئے دنیا میں کوئی قید و بند نہیں۔ شراب پیو' جوا کھیلو' بد معاشیاں کرو' جب ان کے یہاں بھی اس بات کی اجازت نہیں ہے اور اب تو اس کی اجازت دینے کیلئے بھی لوگ تیار نہیں ہیں کہ ہندوستان میں رہ کر آدمی پاکستان کی طرف دیکھے' تو بتاؤ ہم

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



تمہیں کیسے اجازت دیں کہ تم یہاں رہ کر کالج کی طرف دیکھو، رہو یہاں اور تیاری کرو وہاں کے لئے یہ کہاں کی دیانت داری اور کیسی تقسیم ہے؟ کہ ہم تمہارے لئے ایک ایک دانہ مانگ کر لائیں (یہ یقیناً احسان نہیں ہمارا فرض ہے) اور تم اس سے ناجائز فائدہ اٹھاؤ۔

آخر میں مولانا نے مسئلہ رزق اور معاش پر روشنی ڈالتے ہوئے فرمایا: کہ جو لوگ ہدایت و دعوت کا کام کریں گے ان کے متعلق قرآن کا ارشاد ہے:
"وَأْمُرْ أَهْلَكَ بِالصَّلٰوةِ وَاصْطَبِرْ عَلَيْهَا لَا نَسْأَلُكَ رِزْقًا نَحْنُ نَرْزُقُكَ وَالْعَاقِبَةُ لِلتَّقْوٰى" بھلا بتایئے یہاں کیا موقع تھا نَحْنُ نَرْزُقُكَ کہنے کا؟ بڑے بڑے علماء موجود ہیں ان سے پوچھو کہ فرمایا تو یہ جارہا ہے کہ اپنے گھر والوں کو نماز کا حکم دو اور اس پر جمے رہو اور پھر لَا نَسْأَلُكَ رِزْقًا۔ "ہم آپ سے رزق کے طالب نہیں"!
یہ تو ظاہر ہے کہ اللہ تبارک و تعالیٰ رزق کے طالب نہیں ہوتے پھر اس کی کیا ضرورت تھی؟ اسکے وسیع معنی ہیں یعنی ہم اس کے بھی طالب نہیں کہ آپ بھی رزق کے خود کفیل اور ذمہ دار بن جائیں نَحْنُ نَرْزُقُكَ ہم اسکے ذمہ دار ہیں! آپ اس کے ذمہ دار نہیں! معلوم ہوا کہ امر بالصلوٰۃ اور اس پر محافظت واستقامت سے اللہ کے یہاں رزق کا استحقاق پیدا ہو جاتا ہے جس کا مطلب یہ نکلا کہ داعی کو اللہ تبارک و تعالیٰ انشاء اللہ بے یار و مددگار اور فاقہ کش کبھی نہیں رکھے گا، بلکہ اس کے طفیل میں ہزاروں آدمی کھائیں گے۔ ایک شیر شکار کرتا ہے اس کے طفیل میں سیکڑوں جنگل کے جانور کھاتے ہیں۔ حضرت نظام الدین اولیاء کے دستر خوان کو دیکھو، اس عہد آخر میں مظاہر علوم میں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



حضرت شیخ الحدیث کے دسترخوان کو دیکھو! اور جن خوش قسمتوں نے مولانا مدنی رحمۃ اللہ علیہ کے دسترخوان کو دیکھا' ان سے پوچھو کہ ایک شیر شکار کرتا تھا اور کتنے جنگل کے اس کے ہم جنس کھاتے تھے۔

اللہ کی ضمانت ہے کچھ دن تم محنت کرلو' سعید' ہونہار' محنتی اور جفاکش طالب علم بن جاؤ اور اپنے اندر اخلاص پیدا کرلو اور پھر اللہ کی قدرت و رحمت کا تماشا دیکھو!

**ایک فیصلہ** بس بھائی! سمجھنے والوں کے لئے اور جن کے لئے اللہ نے سعادت اور خوش بختی مقدر کی ہے ـــــ اتنا ہی بہت کافی ہے بلکہ کافی سے بھی زیادہ ہے' لیکن آج جو کچھ آپ نے سنا ہے اس سے فائدہ اٹھایئے اور فیصلہ کیجئے! "جانے کا فیصلہ ـــــ یا ـــــ رہنے کا فیصلہ" جانے کا فیصلہ ہے تو شریفوں کی طرح اور انسانوں کی طرح! اور رہنے کا فیصلہ ہے تو وہ بھی شریفوں کی طرح اور جوانمردوں کی طرح' طالب علموں کی طرح' صاحبِ عزم اور صاحب ہمت نوجوانوں کی طرح۔!!

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# اخلاص اور اختصاص

## یہ دو چیزیں انسان کو کامل بنانے کیلئے کافی ہیں

طلبہ کے سالانہ افتتاحی جلسہ میں جو بتاریخ ۲۸ جنوری ۱۹۶۷ء کو دارالعلوم کی وسیع و خوبصورت مسجد میں منعقد ہوا، مولانا سیّد ابوالحسن علی ندوی نے حسب ذیل تقریر فرمائی، سید شرافت علی متعلم نے اس کو قلمبند کیا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# اخلاص اور اختصاص

یہ دو چیزیں انسان کو کامل بنانے کے لئے کافی ہیں۔

مولانا نے حمد و ثنا کے بعد فرمایا :

میرے عزیزو اور بھائیو! ہمارا تعلیمی سال شروع ہو رہا ہے، آپ سے کچھ طالب علم ایسے ہیں جو یہاں ایک عرصہ سے مقیم ہیں اور جن کو سات آٹھ سال ہو چکے ہیں، اور کچھ ایسے ہیں جو نئے ہیں اور اسی سال یہاں آئے ہیں، لیکن مناسب اور مفید یہ ہے کہ آپ سب اپنے آپ کو نیا طالبعلم سمجھیں۔ اپنا مقصد متعین کریں اور اپنے اندر جوش ولولہ اور ایک نیا عزم پیدا کریں، مدرسہ کا بند ہونا اور کھلنا، نصاب کا شروع ہونا، طلبہ کی آمد اور تقریروں کا انتظام یہ سب نئے عزم نئے ولولہ اور جذبہ کے لئے ہے، اور انتہائی مفید اور کارآمد بات ہے۔

تمام طلبہ کو خواہ وہ قدیم ہوں یا جدید، یہ سمجھنا چاہیئے کہ ہم اپنی کتاب زندگی کا نیا ورق پلٹ رہے ہیں کسی درسی کتاب کا ورق نہیں، اپنی کتاب زندگی کا ورق! درحقیقت آپ ایک سفر پر روانہ ہو چکے ہیں، آپ کو چاہیئے کہ اس سفر کے متعلق آپ اپنے اساتذہ سے، اپنے ہمدردوں سے نصیحتوں کا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



مطالبہ کریں۔ یہ آپ کا حق ہے کیونکہ انسان جب کسی سفر پر جاتا ہے تو بزرگ اس کو نصیحت کرتے ہیں۔ انسان کی بہتری اور بدتری صرف فائدہ کے احساس ہی پر منحصر ہے۔ اگر یہ احساس ختم ہو جائے تو پھر انسانیت کی خیر نہیں، کیونکہ یہی وہ واحد سہارا ہے جسے تمام انسانوں نے انبیاء اور مصلحین تک نے اپنایا ہے اور اسی "سہارے" سے سہارا لیا ہے۔ دنیا کی تمام ترقیاں اسی فائدہ پر منحصر و مشتمل ہیں، اسی "فائدہ" کی بنا پر انسان کا انسان سے رشتہ قائم ہے، تاجر کا گاہک سے رشتہ، باپ کا بیٹے سے رشتہ، حتیٰ کہ پیغمبر کا امت سے رشتہ، سب کا سب فائدہ پر ہی منحصر ہے۔

آپ کا ہم سے جو رشتہ ہے وہ بھی فائدہ کے لئے ہے، آپ بھی فائدے کے طالب علم ہیں، صرف اسی فائدہ کی امید پر آپ یہاں آئے، اور والدین، بھائی بہنوں کو چھوڑا، اور گھر کو خیرباد کہا۔

عزیز دوستو! اس وقت کہنے کی باتیں بہت ہیں اور سب کو تفصیل سے بیان کرنا ممکن نہیں، لہٰذا ایک بات سنئے! اور کان کھول کر نہیں بلکہ دل کھول کر سنیئے! اس لئے کہ اس میں آپ ہی کا فائدہ ہے، وہ بات یہ ہے، آپ یہاں آئے ہیں تو اچھا اور کامیاب بننے کی کوشش کیجئے، اگر کہے بغیر کام چل سکتا تو میں اپنا دل نکال کر آپ کے سامنے رکھ دیتا لیکن خدا نے الفاظ کا محتاج بنایا ہے خود کلام الٰہی اس کی بیّن دلیل ہے۔ بہرحال میں یہی کہوں گا کہ قیمتی سے قیمتی بننے کی کوشش کیجئے اور یہی انسان کی فطرت ہے! اگر یہ جذبہ انسان کے اندر نہیں تو وہ حیوان ہے۔ اسی جذبے کے تحت انسان وہاں تک پہنچ گیا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



جہاں تک فرشتے نہیں پہونچ سکے۔

**قیمتی دفینہ** عزیزو! ایک شخص کو کوئی چیز دفینہ میں ملی وہ اس کو لے کر جوہرشناس کے پاس آیا۔ جوہر شناس نے کہا کہ یہ ہیرا ہے اور بہت قیمتی ہے لیکن اس کی تین ۳ شرطیں ہیں۔

(۱) جب تک اس کو چمکایا نہیں جائے گا اور اس کے کونے برابر نہیں کئے جائیں گے اس وقت تک وہ بے قیمت پتھر ہے۔

(۲) یہ بہت نازک ہے اگر یہ کہیں سے چٹخ گیا تو بیکار ہو جائے گا۔

(۳) اگر یہ چٹخ گیا تو پھر یہ درست نہیں ہو سکتا۔

اب عقلمندی یہ ہے کہ جس شخص کو بھی یہ ہیرا ملے وہ ان تمام شرائط اور اوصاف کی فکر کرے، بازار میں کسی بہتر جوہری کو تلاش کرے، اس کو احتیاط اور اہتمام سے بنوائے اور اس کے بعد منہ مانگے داموں پر فروخت کرکے نفع کمائے۔

میرے عزیزو! میں خانہ خدا میں ممبر مسجد کے پاس خدا کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ وہ ہیرا تمہارے پاس موجود ہے اور تم میں سے ہر شخص اس کا مالک ہے۔ وہ ہیرا تمہاری زندگی کی صلاحیت ہے، پڑھنے کی صلاحیت، فرمانبرداری کی صلاحیت اور بہتر بننے کی صلاحیت ہے۔ یہ وہ صلاحیتیں ہیں جن پر ملائکہ کو رشک آتا ہے۔ ان صلاحیتوں سے تم اس مقام پر پہنچوگے جس کے بارے میں ارشاد ہے کہ ما لا عین رأیت ولا اذن سمعت ولا خطر علی قلب بشر...... ان صلاحیتوں سے تم ولی بن سکتے ہو، خدا کے محبوب ہو سکتے ہو اور جیسا کہ کسی شاعر نے کہا ہے ؎

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



"نگاہِ مردِ مومن سے بدل جاتی ہیں تقدیریں"

**تم کیا بن سکتے ہو** تم ایسے بن سکتے ہو کہ تمہارا شہر نہیں پورا ملک بلکہ پوری امت اور ملت کی تقدیر بدل سکتی ہے۔ تم وہ پارس بن سکتے ہو کہ اگر تم سے کوئی خدا کا باغی اور سرکش چھو جائے تو ولی کامل بن جائے جس بستی میں تم جاؤ وہاں بہار آجائے، وہاں کا موسم اور فضا بدل جائے۔ یہ تاثیر آج بھی تمہارے اندر پیدا ہوسکتی ہے، تمہاری وجہ سے نہ جانے کتنی قومیں جنّتی ہوسکتی ہیں ــــ بیشک نبوت تو ختم ہو چکی! لیکن تم آیۃ من آیات اللہ بن سکتے ہو۔ حجۃ الاسلام شیخ الاسلام ہو سکتے ہو۔ سب سے بڑھکر یہ کہ تم نائبانِ رسول ہو سکتے ہو، یہ سب چیزیں تم کر سکتے ہو لیکن اس کے لئے شرط یہ ہے کہ تم عزم کرو، کیونکہ تم خدا کا قرب حاصل کرنے کے لئے آئے ہو، صاحب کمال اور صاحب امتیاز بننے کے لئے آئے ہو، اگر تم کامیابی اور ترقی کا فیصلہ کر لو تو اس کائنات کا ذرّہ ذرہ تمہاری مدد کرے گا۔ پورا نظام کائنات تمہارے لئے وقف ہو جائے گا، حدیث اس بات پر شاہد ہے۔

میں تم سے پوچھتا ہوں کہ وہ کون بدنصیب شخص ہو گا جو کامیاب بننا نہ چاہے، پھر بھی ترقی سے انکار نہیں کر سکتا، کائنات کا ذرّہ ذرہ عروج و ترقی کا متمنّی ہوتا ہے، ایک تخم کو دیکھو وہ ترقی کی منزلیں طے کرتا ہوا ایک درخت بن جاتا ہے اور ترقی کے آخری اسٹیج پر پہونچ جاتا ہے، لیکن تمہارا سفر ارتقار کی منزلیں طے کرتا ہوا موت کے بعد تک جاری رہے گا اور تم ترقی کے مدارج طے کرو گے، حتیٰ کہ تمہاری آسودگی دیدار الٰہی سے ہوگی اور یہ تمہاری

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



آخری اور ابدی منزل ہے۔ تمہارا اولین فرض یہ ہے کہ تم دلوں میں عزم وارادہ پیدا کرو، اس لیے کہ تم کو بہتر سے بہتر بننا ہے ؎

اپنے من میں ڈوب کر پا جا سراغ زندگی
تو اگر میرا نہیں بنتا نہ بن اپنا تو بن

اگر تم ہمارے نہیں بن سکتے، اپنے اساتذہ اور ہمدردوں کے نہیں بن سکتے۔ نہ بنو! اپنا تو حق ادا کرو۔

میں تم سے بار بار یہی کہوں گا کہ اچھے سے اچھا بننے کی کوشش کرو، کیونکہ تمام کے تمام عالم یہ شہادت دیتے ہیں کہ خدا نے انسان کو بہترین بننے کے لئے پیدا کیا ہے اور انسان سے اس کا مطالبہ کیا ہے۔ هُوَ الَّذِیْ خَلَقَ کُلَّ شَیْءٍ ثُمَّ هَدٰی میرے عزیزو! تم اپنے دلوں میں لکھ لو، عہد کر لو کہ ہم کو اچھے سے اچھا بننا ہے، یہ تمہارے دل کی آواز بلکہ ایک قدم بڑھا کر کہتا ہوں کہ یہ قرآن کی آواز ہے کہ تم بہتر اور قیمتی بنو، جس طالب علم میں یہ جذبہ نہیں وہ درحقیقت سڑی مٹی ہے جس میں تخم ضائع ہوتا ہے۔

**دو راستے** میں کسی قیمت پر بھی یہ بات ماننے کے لئے تیار نہیں ہوں کہ تم میں اچھے بننے کی صلاحیت نہیں ہے، یہ ایک سچا اور حقیقی جذبہ ہے جس کی شریعت نے اور انبیاء کے صحیفوں نے ہمت افزائی کی ہے، انسان کے قبضہ میں ہر منزل ہے صرف خدائی اور نبوت اس سے مستثنیٰ ہے۔

آپ کے سامنے صرف دو راستے ہیں، ایک تو یہ ہے کہ آپ یہاں آئیں اور فارغ ہو کر چلے جائیں اور اچھا بننے کی کوئی کوشش یا ارادہ ہی نہ کریں، دوسرے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



یہ کہ آپ یہاں اچھے سے اچھا بنیں، اور انسانی، علمی اور روحانی ہر حیثیت سے ترقی کریں، یہ دونوں راستے آپ کے لئے کھلے ہوئے ہیں۔ آپ یہاں بہتر سے بہتر بن سکتے ہیں، یہاں کوئی رکاوٹ نہیں، یہاں سے جانے کے بعد کسی طالبعلم کو یہ کہنے کا کوئی حق نہیں ہے کہ میں ندوۃ العلماء میں اچھا نہیں بن سکا، ندوہ ہی نہیں کسی مدرسہ کی بابت دیوبند، مظاہر علوم کے متعلق کوئی بھی ایسا نہیں کہہ سکتا۔

**محنت وکاوش** تاریخ وتذکرہ میرا موضوع ہے اور میں اپنے مطالعہ اور تجربہ پر اعتماد کرکے کہتا ہوں کہ کوئی مدرسہ اور کوئی کتب خانہ کسی انسان کو نہیں بناتا، انسان خود اپنی قوت بازو سے اپنی محنت اور کاوش سے بنتا ہے، اگر آپ بزرگی کے شعبہ میں دیکھیں تو آپ کو معلوم ہوگا کہ یہ وہی برگزیدہ بندے تھے جن کے سرپرست ولی نہیں تھے ان کے لئے ماحول ناسازگار تھا لیکن وہ اپنی محنت سے اپنی تڑپ وپیاس سے ولی کامل بن گئے، ہزاروں مثالیں ہیں کہ آذر کے گھر سے ابراہیم پیدا ہوئے، حجۃ الاسلام امام غزالی کے والد کے متعلق کوئی یہ کہہ نہیں سکتا کہ وہ ولی تھے لیکن امام غزالی اپنی طلب اور تڑپ کے بل بوتے پر حجۃ الاسلام بن گئے اور ان مقامات تک پہنچے جن کے سامنے بڑے بڑے اولیاء اللہ کی اولاد سرنگوں ہو جاتی ہے۔

**سیدنا عبدالقادر جیلانی کی مثال** سیدنا شیخ عبدالقادر کی زندگی کا مطالعہ کیجئے ان کے والد نہ کوئی عالم تھے نہ ولی، مرتے وقت ایک صاحب کو صاحبزادہ کی تعلیم کے لئے وصیت کر گئے، لیکن ان کی ماں نے چرخہ کات کر ان کو پڑھایا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اور اعلیٰ تعلیم دلوائی پھر شیخ عبدالقادر جیلانی ترقی کے ان مراتب پر فائز ہوئے جو رشک کی نگاہوں سے دیکھے جاتے ہیں، ان کے بغداد جانے کا واقعہ مشہور ہے، یہ سب کیا تھا محنت اور تڑپ تھی۔

"سیّدنا شیخ عبدالقادر جیلانی کے متعلق ہندوستان بھر میں ندوۃ العلماء کے کتب خانہ سے زیادہ کتابیں اور کہیں نہیں ہیں، اس کی خاص وجہ یہ ہے کہ نواب نورالحسن صاحب شیخ سے انتہائی عقیدت رکھتے تھے اور اس سلسلہ میں انہوں نے بیشتر کتابیں اکٹھا کیں، ان کے بعد ان کا کتب خانہ ندوہ ہی میں آیا" ان تمام کتابوں میں میں نے یہ کہیں نہیں پایا کہ ان کے والد کوئی بڑے آدمی یا عالم تھے۔

ترقی اور کامیابی موروثی نہیں ہوتی، عبدالقادر جیلانی کے والد اور دادا صرف کاشتکار تھے لیکن سیّدنا عبدالقادر جیلانی؟

عزیزو! یہ سب محنت اور کوشش ہی پر منحصر ہے، طلب اور تڑپ پر اس کا دارومدار ہے، عزم و ہمت، بلند حوصلگی اس کی بنیاد ہے ع

یا تن رسد بہ جاناں یا جاں زتن برآید

ایک شعر میں اکثر پڑھا کرتا ہوں اور جی چاہتا ہے کہ کسی خوشنویس سے اس کی کتابت کرواکے آویزاں کرالوں، حضرت مفتی صدرالدین آزردہ نے فرمایا ہے ؎

**ایک شعر**

اے دل تمام نفع ہے سودائے عشق میں
اک جان کا زیاں ہے سو ایسا زیاں نہیں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ان کے نزدیک اتنے بڑے مقصود میں جان کا چلا جانا کوئی اہم بات نہیں، یہ سب کیا تھا؟ ان کے دل میں عشق الٰہی کی چنگاری تھی، ان کی طبیعت بیقرار تھی، حضرت مخدوم بہاری کا واقعہ پڑھو، جب گھر سے پڑھنے گئے تو ہر چیز سے بے پرواہ ہو گئے، گھر سے خطوط آتے رہے اور وہ ایک گھڑے میں ڈالتے رہے انہوں نے طے کر لیا تھا کہ یہ سب تعلیم سے غافل کرنے والی چیزیں ہیں چنانچہ انہوں نے ان سے پرہیز کیا، جب وہ اپنی تعلیم سے فارغ ہوئے اور خطوط کا انبار سنبھالا اور پڑھنا شروع کیا تو کہیں آبدیدہ ہوئے اور کہیں خوش ہوئے اور چہرہ پر بشاشت و سرور کی لہریں دوڑ گئیں۔

دوسری صورت یہ ہے کہ والد تو ولی اکمل و مکمل ہیں، تمام حالات سازگار اور وسائل مہیا ہیں لیکن صاحبزادہ میں کوئی تڑپ یا طلب ہی نہیں ایسی مثالیں آجکل بھی مل سکتی ہیں، بڑے بڑے بزرگوں کی اولاد کچھ نہیں! بے قیمت۔ یہاں تو محنت اور کوشش اور قربانی دینے کے بعد ہوتا ہے۔ ع

رنگ لاتی ہے حنا پتھر پہ گھس جانے کے بعد

جب تک انسان کچھ کھوئے گا نہیں، کچھ پائے گا نہیں، آپ کے سامنے دونوں صورتیں ہیں، فاسق و فاجر کی اولاد ولی کامل اور اولیاء اللہ کی اولاد باغی اور سرکش، یہ سب عزم و محنت اور فیصلہ پر مبنی تھا۔ یاد رکھئے کہ شکوے وہ کرتے ہیں جن کو کچھ ترقی نہیں کرنا ہے وہ کرتے ہیں جو کوتاہ دست ہیں۔

عزیزو! یہ ممکن ہے کہ ایک چھوٹے سے مدرسہ میں رہ کر آپ حجۃ الاسلام اور شیخ الاسلام بن جائیں اور مدینہ یونیورسٹی، قاہرہ یونیورسٹی، دیوبند، مظاہر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



علوم اور ندوہ میں کچھ نہ بن سکیں کیونکہ یہ عزم و حوصلہ اور جذبہ و فیصلہ پر منحصر ہے۔

تم آج اس خانۂ خدا سے عہد کر کے اور فیصلہ کر کے نکلو، اس وقت اگر تم سے کہا جائے کہ تمہاری ٹوپی میں ہیرا ہے تو تم اس کے لئے جدوجہد کروگے۔ میں کہتا ہوں تمہارے پاس وہ قیمتی ہیرا ہے کہ پورا عالم تمہاری صلاحیت کی قیمت ادا نہیں کر سکتا۔ ساری دنیا کی سلطنتیں تم کو خرید نہیں سکتیں، بڑے بڑے عارفؒ نے دعویٰ کیا کہ ہماری قیمت کوئی ادا نہیں کر سکتا، تم میں سے ہر ایک یہ دعویٰ کر سکتا ہے کہ مجھ کو کوئی خرید نہیں سکتا۔

میں تو ایک قدم بڑھ کے کہتا ہوں کہ اس الیکشن اور اس کے ہنگامہ کی حیثیت ہی کیا ہے؟ اگر یہ اسلام اور مسلمانوں کا مسئلہ اور حالات کی تبدیلی کا ایک ذریعہ نہ ہوتا تو ہم ایسے الفاظ کے استعمال کے بعد اپنی زبانوں کو دھوتے، ہم تو وزیروں سے ملاقات کرنا خود ان کا اعزاز سمجھتے ہیں، اس مجلس میں ایسے لوگ موجود ہیں جنہوں نے کسی مقامی وزیر نہیں جواہر لال نہرو سے ملاقات سے انکار کر دیا۔ مقامی وزیر، چیف منسٹر کا کیا ذکر ہے؟

عزیزو! تم اپنی قیمت پہچانو، تمہارے مستقبل کی ضمانت پیغمبر اور خدائے لازوال نے لی ہے، بس شرط یہ ہے کہ تم ہیرے کو واقعۃً ہیرا بنا لو پتھر ایک بار نہیں کئی بار ٹوٹتا ہے اور بنتا ہے شیشہ بھی ٹوٹتا اور بنتا ہے لیکن ہیرا صرف ایک بار ہی بن سکتا ہے ٹوٹ کر یا چٹک کر وہ دوبارہ نہیں بن سکتا۔

اگر تم اچھا بننا چاہو گے تو تمہیں کوئی روک نہیں سکتا اور نہ بننا چاہو گے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



تو مشیت الہٰی کے علاوہ کوئی شئے تم کو بنا نہیں سکتی۔

عزیزو! میں تو کہتا ہوں کہ تم خدا اور نبی نہیں بن سکتے باقی سب کچھ بن سکتے ہو۔ کس کو امید تھی کہ اس ہندوستان میں مولانا الیاسؒ اور مولانا یوسف صاحب پیدا ہوں گے؟ کون جانتا تھا کہ بڑے بڑے عالم نکلیں گے؟ یہ سلسلہ تو اب بھی جاری وساری ہے، تم اس کا عہد کرلو کہ تمہارے لئے یہاں سے نکلنا حرام ہے مگر یہ کہ تم یہاں سے اچھا اور بہترین بن کے نکلو، اور دنیا کی تمام طاقتیں تمہارے لئے سرنگوں اور مطیع ہوں ؎

نخل کلیم ہو اگر معرکہ آزما کوئی
اب بھی درخت طور سے آتی ہے بانگ لا تخف

**اخلاص اور اختصاص** آج بھی وہ صورت سرمدی موجود ہے "اَلَا اِنَّ اَوْلِیَاءَ اللّٰہِ لَا خَوْفٌ عَلَیْھِمْ وَلَا ھُمْ یَحْزَنُوْنَ" تم کو اب کس کا ڈر ہے؟ خدا کہہ رہا ہے، مگر اس کے لئے دو باتیں لازمی ہیں (۱) اخلاص (۲) اختصاص (امتیاز) یہ دو چیزیں اچھا سے اچھا بنانے کے لئے کافی ہیں، پوری دنیا کا کہنا غلط خدا اور اس کے رسول کا کہنا برحق!

آخر میں میں اساتذہ حضرات سے کہتا ہوں کہ آپ ان کی مدد کریں کیوں کہ آپ کے پاس سیکڑوں ہیرے آگئے ہیں یہ ہیرے خدا کی نعمت اور دولت ہیں۔ اب آپ کہاں پتھر آزمانے جائیں گے؟ اپنی صلاحیت کہاں گنوائیں گے؟

میں نے ایک ایسے مدرسہ میں پڑھا ہے جہاں طلبا کو روٹی اور پانچ پیسے دیئے جاتے تھے اور ہم ان پانچ پیسوں سے بدمزہ سالن خرید کر استعمال

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کرتے لیکن اس کی کوئی پرواہ نہیں کرتے بلکہ اپنے کام اور کوشش میں محو رہتے تھے، اپنے عزم و منزل کا خیال رکھتے تھے۔ یہ سب اسی کی برکت ہے۔

اگر تم یہاں کے نظام کی شکایات کرو تو تمہارے لئے کوئی جواز نہیں، میں صاف کہتا ہوں یہاں کے انتظامات ناکافی ہیں، آپ خود دیکھئے کہ گرانی کا کیا عالم ہے، غذائی بحران ہے، ہزاروں روپیہ پانے والے بیکار ہیں، اگر تم کو آدھا پیٹ بھی ملے تو صبر و شکر کرو، فکر نہ کرو!

**اچھا بننے کی کوشش کرو** آخر میں پھر کہوں گا کہ اچھا بننے کی کوشش کرو اور عزم کرو، اپنی عزت، حتیٰ کہ صحت کا بھی خیال نہ کرو تم کو یہاں پر سعید اور صابر اولاد بن کر رہنا پڑے گا پھر تمہارے لئے سارا عالم مسخر ہو جائیگا۔" اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَیَجْعَلُ لَھُمُ الرَّحْمٰنُ وُدًّا "۔ یہ محبت مستلزم ہے تسخیر کی، جب تم خدا کے محبوب بن جاؤ گے پھر کسی چیز کی ضرورت نہیں رہے گی۔" وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّةِ اللّٰهِ تَبْدِیْلًا، وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّةِ اللّٰهِ تَحْوِیْلًا "

عزیزو! محنت کرلو، گھروں کو بھول جاؤ کھانے اور لباس کے معیار کو بھول جاؤ، بس اپنے مقصد اور منزل کو پیش نظر رکھو، اگر تم صاحب کمال بن جاؤ گے تو دنیا اور آخرت دونوں تمہاری ہو جائیں گی۔

خدا تم کو اسکی توفیق عطا فرمائے، کیونکہ یہ سب اسی کی توفیق پر منحصر ہے!!

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# پاکیزہ ذوق علم و مطالعہ کی کنجی ہے

مولانا محمد اویس ندوی نگرامی شیخ التفسیر دارالعلوم ندوۃ العلماء کی تحریک اور کوشش سے دارالعلوم میں توسیعی خطبات کا ایک سلسلہ شروع کیا گیا۔ اس سلسلے کا آغاز ۱۴ مئی کو ہوا۔ جلسہ کی صدارت شاہ معین الدین صاحب ندوی نے فرمائی اور مولانا محمد اویس صاحب ندوی کی تعارفی تقریر کے بعد مولانا ابوالحسن علی ندوی نے اس سلسلہ کا آغاز کرتے ہوئے حسب ذیل تقریر فرمائی۔ اس تقریر کو سید شرافت علی متعلم درجہ فضیلت سال آخر نے مرتب کیا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# پاکیزہ ذوق علم و مطالعہ کی کنجی ہے

حمد و ثنا کے بعد :

عزیز طلبا ء! میں آپ کے سامنے کسی تکلف یا اشارہ کنایہ سے کام لینا نہیں چاہتا۔ اگر میں آپ سے بھی بے تکلفی سے بات نہ کروں گا تو پھر کس سے کرونگا؟ یہ میرے لئے انتہائی خوشی و مسرت کا مقام ہے کہ مجھکو یہاں حاضری کا موقعہ ملا۔

**نصاب تعلیم کا دائرہ عمل** ہمارے نصاب تعلیم کا یہ ایک اہم مسئلہ ہے کہ یہ نصاب اپنی خوبیوں اور امتیازات کے باوجود دیگر ضروریات کو مکمل نہیں کرتا۔ کوئی ایسا شخص جو ذمہ دار اور حقیقت پسند ہو یہ نہیں کہہ سکتا کہ ہمارا نصاب تعلیم زندگی کی تمام ضروریات پر حاوی ہے۔ ہمارا نصاب تعلیم بھی اس کا مدعی اور ضامن نہیں۔ نصاب تو درحقیقت اس ملکۂ خاص کا ضامن ہے جو انسان کی زندگی میں قدم قدم پر رہنمائی و قیادت کا کام انجام دے سکے اور انسان کے اندر اتنی استعداد پیدا کر دے کہ وہ کتابوں سے فائدہ اٹھا کر نتائج اخذ کر سکے۔ وہ زندگی کے تمام تقاضوں، اور ضروریات کی تکمیل کا ضامن نہیں ہوتا۔ قدیم نصاب تعلیم نے بھی یہ دعوی نہیں کیا۔ اگرچہ ہمارے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



نصاب میں ملکہ پیدا کرنے کی خصوصیت ہے لیکن زندگی کے ہر مرحلے میں انسان کی صحیح رہنمائی کر سکے اس کا وہ بھی مدعی نہیں۔ آج ماہرین تعلیم کے سامنے یہ مسئلہ بڑا اہم ہے کہ نصاب تعلیم کے علاوہ طلبار کے لئے ایسی کیا چیز مہیا کی جائے جو زندگی اور منصب و مرتبے کے تقاضوں کو پورا کرے۔ اور جس ماحول میں ان تقاضوں کی تکمیل ہوتی ہو اس ماحول سے صحیح رابطہ پیدا کر سکے یہ مسئلہ مغرب کے دانشوروں سے لے کر مشرق کے عالموں تک سب کے لئے ایک اہم اور بڑا مسئلہ بن گیا ہے۔

**ذوق کیسے پیدا کیا جائے** | ایک صورت تو یہ ہو سکتی ہے کہ طلبار کے لئے کتب خانے مہیا کئے جائیں اور پھر اساتذہ کتابوں کے مطالعہ میں طلبار کی رہنمائی کریں تاکہ طالب علم زندگی کے کارواں سے بچھڑنے نہ پائیں۔ اور جب وہ کسی کتاب کا مکمل مطالعہ کر لیں اور اس پر حاوی ہو جائیں تو ان کو زندگی سے اجنبیت محسوس نہ ہو۔ ایک راستہ یہ ہے کہ طلبار کو وقتاً فوقتاً ایسے ماہرین تعلیم اور علم و فن کے فضلار مہیا کئے جائیں جو ان کے سامنے نئے زاویئے اور نئے حقائق پیش کریں اور قدیم علمی معلومات کے علاوہ جدید علوم کے حقائق سے طلبار کو آشنا کریں۔ اس طریقے کو ہمارے ملک میں بھی آزمایا جا رہا ہے۔ یہ سلسلہ مسلم یونیورسٹی علی گڑھ، جامعہ ملیہ اور مشرق وسطیٰ کے علمی مرکزوں میں بھی رائج ہے اور حقیقت میں یہ بات انتہائی لائق تحسین و توصیف ہے کہ مشاہیر علم و فن یہاں آکر اپنے خطبات و مقالات سے علم و تعلیم کا نچوڑ آپ کے سامنے پیش کر دیں، اور آپ بھی اہل علم کی مجلسوں اور محفلوں میں شریک ہوں کیونکہ علم و فن

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کا ذوق جب ہی بنتا ہے جب اہل علم کی مجلسوں سے ربط قائم رکھا جائے، اس کے بعد انسان بہت تھوڑے مواد سے کام لے سکتا ہے، لیکن ایسا ملکہ جب ہی پیدا ہوگا جب کہ مختلف مجالس اور محافل میں شرکت کی جائے یہ سب باتیں وہی سمجھ سکتا ہے جو علاّمہ شبلی اور سید سلیمان ندوی کی محفلوں میں شریک ہوا ہو۔ مولٰنا شبلی کو قدرت نے فطری مزاج اور نقاد پیدا کیا تھا۔ مولٰنا سیّد ندوی انکی محفلوں میں شریک ہوتے رہے اور ان کے چشمۂ علم سے سیراب ہوتے رہے اور اس کی وجہ سے ان میں وہ شعور اور ذوق اور ملکہ پیدا ہوگیا جو بہت کم لوگوں کو حاصل ہوتا ہے۔

ذوق کا مطلب یہ ہے کہ اگر آپ کے سامنے کوئی شعر پڑھا جائے تو آپ اپنے ادبی ذوق سے یہ بتلا دیں کہ یہ فلاں کا شعر ہے۔ ایسا نہ ہو کہ آپ کے سامنے انیسؔ و دبیرؔ کے اشعار پڑھے جا رہے ہوں اور ان کو آپ غالبؔ و ذوقؔ کی طرف منسوب کریں۔ یا مومنؔ کا شعر ہو اور آپ اس کو کسی اور کا سمجھ رہے ہوں، لیکن یہ سب باتیں مختلف مجلسوں میں شرکت کے بعد پیدا ہوں گی۔

ہمارے لئے یہ بات افسوس ناک ہوگی کہ ہم اس تیز رفتار دور میں طبیعات، سائنس وغیرہ کی ابتدائی معلومات سے بھی ناآشنا ہوں جو اس دور میں لازمی اور ضروری ہے بلکہ اخبارات ورسائل کے سمجھنے کے لئے ان کا علم ناگزیر ہے۔ اس کے لئے بھی یہ ضروری ہے کہ ہم اس قسم کی محفلوں میں شریک ہوں اور معلومات حاصل کریں۔

**ایک مثال** مولٰنا نے خود اپنی مثال دیتے ہوئے فرمایا کہ انسان کے ذہن

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



میں جب مراتب کا علم نہیں ہوتا اور وہ موٹی بات نہیں جانتا تو اس حیادار آدمی کے لئے شرفار کی مجلس میں شریک ہونا بھی دوبھر ہوجاتا ہے۔ مولانا نے واقعہ بیان کیا کہ جب میں نوعمر تھا اور میں نے نزہتہ الخواطر میں مشاہیر ہند کے متعلق نہیں پڑھا تھا۔ اس زمانے میں مولانا سلیمان اشرف صاحب کی مجلس میں شریک ہوا اس مجلس میں مفتی یوسف صاحب کا ذکر آیا (یہ مفتی صاحب مولانا عبدالحیؒ صاحب کے داماد تھے) تو اس تذکرے میں مجھ سے نہ رہا گیا اور میں بول اٹھا کہ "مفتی صاحب مولانا عبدالحیؒ صاحب کے داماد تھے" تو مولانا سلیمان اشرف صاحب نے فوراً کہا "مولوی صاحب چپ رہو" اس وقت میری بہت سبکی ہوئی لیکن اس سے عبرت حاصل کیجئے کیونکہ ہوسکتا ہے اس تذکرے میں مفتی یوسف صاحب سے اور کوئی مراد ہوں۔ یہاں یہ سمجھئے کہ اگر آپ کے سامنے مولانا سلیمان صاحب کا تذکرہ ہو تو کون مراد ہوگا۔ کئی سلیمان ہیں جو علم وفضل کے میدان میں شناوری حاصل کرچکے ہیں۔ اسی طرح قاضی مبارک کا تذکرہ ہوا اور کسی کو نہ معلوم ہو کہ قاضی مبارک تین ہیں۔ اب وہ اس محفل میں بول اٹھتے تو کتنی سبکی ہوگی اور شرم وندامت کا سامنا کرنا پڑیگا۔

میں نے علمار کی چند ہی ایسی مجالس دیکھی ہیں جہاں خالص علمی گفتگو ہوتی تھی۔ شروع سے آخر تک تذکرہ ہوتا تو علم ہی کا ہوتا تھا۔ مولانا سید سلیمان ندویؒ کی مجلس، شاہ حلیم عطا صاحب کی مجلس اور علامہ اقبال کی مجلسیں۔ اگرچہ علامہ اقبال کی مجلس میں صرف دو مرتبہ شریک ہونے کا اتفاق ہوا مجھے بہت خوشی ہوگی ایسے اہلِ کمال یہاں آئیں جو اپنے جگر کو آپ کے سامنے نکال کر رکھ دیں اور علم کا نچوڑ پیش کردیں لیکن اس کے بعد بھی اگر آپ میں کوئی تغیر نہ ہو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اور آپ کی زندگی میں کوئی انقلاب نہ آئے تو یہ بہت بڑی بدنصیبی اور بدنامی کی بات ہے۔

اگر یہاں تاریخ اور اسلام کے ماہرین کو بلایا جائے تو میرا خیال یہ ہے کہ علوم جدیدہ کے ماہرین کو بھی دعوت دی جائے جو فزکس طبیعات اور فلکیات وغیرہ پر آپ کے سامنے تقریر کریں۔ اسی طرح ادبی ذوق کی نشو ونما کے لئے ادیبوں اور شاعروں کو بھی دعوت دی جائے۔

مولانا نے فرمایا کہ زمانہ اختصاص کا ہے۔ آپ کو تمام ایسی معلومات ہونی چاہئیں کہ آپ یونیورسٹی کے طلباء تو کیا اگر وہاں کے پروفیسروں کے سامنے بیٹھیں تو بے تکلفی سے گفتگو کر سکیں اور ان کے پاس بیٹھنے میں اجنبیت یا ہچکچاہٹ محسوس نہ کریں۔ "الاصلاح" بھی اسی لئے ہے کہ آپ کے اندر ذوق علم پیدا ہو۔ اس اصلاح کے فائدے کا بڑے بڑے لوگوں نے اقرار کیا کہ اس نے ہم کو سب کچھ دیا۔ مولانا عمران خانصاحب، رئیس احمد جعفری صاحب ان سب نے اس کے احسان کا تذکرہ کیا ہے۔ مولانا نے کتابوں کے مطالعے کے متعلق فرمایا کہ انتخاب بھی بہت بڑی چیز ہے۔ مطالعہ کیلئے انتخاب کے ساتھ مولانا نے ان مجلسوں میں شرکت کے فائدے کو بیان کرتے ہوئے شعر پڑھا کہ۔ ع

ہر چند ہو مشاہدۂ حق کی گفتگو
بنتی نہیں ہے بادہ و ساغر کہے بغیر

پھر فرمایا کہ دینی ذوق بھی اسی طرح بنتا ہے آپ اہل اللہ کے پاس بیٹھیں۔ مولانا نے فرمایا کہ رزق کی تشریح نہیں کی جا سکتی۔ یہ تو خدا جس کو دیتا ہے وہی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



سمجھ سکتا ہے۔ ہر چیز کا ایک ذوق ہوتا ہے جو صرف اہل ذوق سے پیدا ہوتا ہے ذوق ہر چیز کا بڑی مشکل سے پیدا ہوتا ہے۔ آج حیات انسانی کا ذوق مفقود ہے صاف ستھری پاکیزہ زندگی گزارنے کا ذوق بھی مفقود ہے۔ امریکہ، یورپ اپنی عروج وترقی کی منزلوں کے باوجود انسانی زندگی کا ذوق پیدا نہیں کر سکے۔ آج بھی وہاں مشینوں کی کثرت کے باوجود انسان کی ضرورت محسوس کی جاتی ہے اور اس کو مرکزی اہمیت حاصل ہے۔ خوب یاد رکھئے کہ یہاں جو آپ کے اساتذہ ہیں انہیں سے آپ کا کام چلے گا۔ انہیں ٹمٹماتے ہوئے چراغوں سے آپ کا چراغ زندگی روشن ہوگا۔ انہیں سے آپ اپنے دل کا چراغ منور کریں گے۔ آپ یہ چاہیں کہ کسی اور طریقے سے یا دوسرے چراغوں سے اپنی زندگی اور دل کے چراغ روشن کرلیں تو یہ ناممکن ہے۔

**اعتماد، اعتقاد اور اتحاد** خوب سمجھ لیجئے کہ ان ہی اساتذہ کی محفلوں میں شرکت کر کے آپ صحیح ذوق وشوق پیدا کر سکتے ہیں۔ لیکن شرط یہ ہے کہ آپ اعتماد اور ایک حد تک اعتقاد اور اتحاد کے ساتھ بیٹھیں۔ یاد رکھئے کہ مخلص و غیر مخلص اچھے اور برے بلکہ انسان اور غیر انسان کا فرق سمجھنے کے لئے کہیں بھی اصول وضوابط منضبط نہیں ہوتے بلکہ یہ بات صرف ذوق ہی سے معلوم ہوتی ہے۔

آج تمام مدارس میں ایک خلا ہے اور وہ یہ ہے کہ اساتذہ اور طلباء میں ربط نہیں ہے، بلکہ ان کے درمیان ایک خلیج حائل ہے اور وہ صرف درس کے اساتذہ اور درس کے طلباء ہو کر رہ گئے ہیں۔ اس خلا کو پر کر دینے کی اور اس خلیج کو پاٹنے کی ضرورت ہے۔ اسی میں مدارس کی کامیابی وترقی مضمر ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# ہماری آج کی کامیابیوں کا سہرا ان ہی کے سر ہے

ندوہ کے سپوت، شبلی کے شاگرد رشید، تھانوی کے حلقہ بگوش مولانا مسعود علی ندوی کے انتقال کی خبر سے ندوہ کی متحرک فضا پر آج ایک غمناک سکوت طاری ہو گیا۔ اساتذہ و طلباء سارا کام روک کر دارالعلوم کی اس وسیع و پرشکوہ مسجد میں جمع ہوئے جس کی تعمیر کا سہرا مولانائے مرحوم کی انتھک کوششوں کے سر ہے۔ ساڑھے نو بجے تلاوت کلام پاک سے جلسۂ تعزیت کا آغاز ہوا۔ سب سے پہلے دارالعلوم ندوۃ العلماء کے استاذ تفسیر مولانا محمد اویس ندوی نے اپنے تاثرات کا اظہار کیا اس کے بعد مولانا علی میاں نے مرحوم کو ان الفاظ میں خراج عقیدت پیش کیا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# ہماری آج کی کامیابیوں کا سہرا ان ہی کے سر ہے

## دارالعلوم کے جلسۂ تعزیت میں

### مولانا مسعود علی ندوی مرحوم کو مولانا علی میاں کا خراج عقیدت

مولانا مسعود علی ندوی کے متعلق کچھ عرض کرنا میرے لئے ایک سعادت ہے۔ ہم اس وقت جہاں کھڑے ہیں اس مسجد کی ایک ایک اینٹ اور اس کے گارے چونے کا ایک ایک ذرّہ ان کے لئے دعائے خیر کرتا ہوگا۔ یہاں ہر نماز پڑھنے والے اور ہر تلاوت کرنے والے کا یہ فرض ہے کہ وہ ان کے لئے اپنی حق شناسی اور شکر گزاری کا کچھ نہ کچھ حصّہ ادا کرے۔ ان پر ایک عہد کا خاتمہ ہے جس کی آج پوری طرح تصویر کشی بھی نہیں کی جاسکتی، حق ناشناسی اور سیاسی اغراض نے اس تصویر کو ہماری آنکھوں سے اوجھل کردیا ہے، وہ پہلا اور آخری دور تھا جس میں مسلمان دراصل ہندوستان میں بے تاج کے بادشاہی کر رہے تھے۔

مولانا مسعود علی ندوی ان فقیران بے نوا میں سے تھے جن کی سلطنت کے نقوش اس ملک کے قلب وجگر پر ثبت ہیں۔ وہ تحریک خلافت کے رکن رکین تھے۔ ان کی ہر دلعزیزی، حاضر دماغی، نکتہ رسی اور ذہانت کا یہ عالم تھا کہ وہ جس مجلس میں ہوتے (خواہ وہ مولانا ابوالکلام آزاد جیسی دیو پیکر شخصیت کی مجلس

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کیوں نہ ہوتی) اس میں بلبل کی طرح چہکتے اور شمع انجمن کی طرح چمکتے رہتے۔ رفیع احمد قدوائی ان سے نیاز مندانہ ملتے تھے۔ جواہر لال نہرو انکی رفاقت کو مایۂ ناز سمجھتے تھے۔

ایک بار مولانا آزاد مرحوم نے حکومت کی طرف سے دارالعلوم ندوۃ العلماء کو ایک نمونے کی عربک یونیورسٹی بنانے کی پیشکش کی۔ اس سلسلے میں انہوں نے ارکان ندوہ اور خاص کر سید سلیمان ندوی کو لکھا۔ ایک تو اتنی پرکشش تجویز، دوسرے مولانا آزاد کی پیشکش اس کا رد کرنا ارکان ندوہ کے لئے ایک عجیب پیچیدہ مسئلہ بن گیا تھا۔ مولانا آزاد کے دبدبہ کی وجہ سے کسی کو انکار کی ہمت نہیں پڑتی تھی لیکن مستقبل کے خطرات کا خیال (جو ابھی ماضی وحال کی تلخ ترین حقیقت ہے) اس پیش کش کو قبول بھی نہیں کرنے دیتا تھا۔ لیکن جلد ہی ارکان ندوہ کو جس نے نجات دلائی وہ مسعود علی ندوی کی ذات تھی۔

مولانا مسعود علی ندوی مولانا آزاد سے ملنے گئے۔ بے موقع نہ ہوگا اگر یہاں یہ بھی بتا دیا جائے کہ مولانا آزاد کی آزمائشوں میں سے ایک آزمائش ان کے سکریٹری بھی تھے جنہوں نے مولانا مسعود علی ندوی کو ان سے ملنے سے روک دیا۔ اور کسی اور دن آنے کے لئے کہا۔ یہ سن کر مولانا مسعود ندوی لان میں ٹہلنے لگے۔ سکریٹری کی پھر نگاہ پڑی تو پوچھا۔

مولوی صاحب کیا سوچ رہے ہیں۔؟ مولانا نے جواب دیا:

"آزاد سے میرے تعلقات کی عمر پچاس سال ہوگئی سوچتا ہوں اپنے ان کے تعلقات کی گولڈن جبلی منا ڈالوں اس کے لئے ان سے تاریخ لینے کا ارادہ ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



سکریٹری صاحب یہ سن کر سٹپٹا گئے اور فوراً اندر جانے کی اجازت دے دی۔

مولٰنا آزاد سے مل کر مولٰنا مسعود علی ندوی نے ان کی اس پیش کش پر گفتگو کرتے ہوئے کہا۔ علّامہ شبلی اور محمد علی مونگیری کی قبروں پر "بانی ندوہ" لکھا جا رہا ہو گا۔ کیا آپ پسند کریں گے کہ ہماری آپ کی قبروں پر "قاتل ندوہ لکھا جائے۔؟

مولٰنا آزاد نے فرمایا۔ نہیں مولوی مسعود ہرگز نہیں۔ بس یہیں ساری اسکیم ختم ہو گئی۔ انتظام و تدبر کی ایسی خداداد صلاحیت ان کے اندر تھی کہ ہندوستان کی مشکل سے مشکل وزارت کے اہل ہو سکتے تھے۔ لیکن اللہ تعالیٰ نے ان صلاحیتوں کے ساتھ ان کو دارالمصنفین کے لئے منتخب فرمایا۔ اس کی اہمیت آج چاہے کم واضح ہو لیکن وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ اسکی اہمیت بڑھتی ہی جائے گی۔

بیرونی علمی شخصیتوں کی متفقہ رائے ہے کہ دارالمصنفین کا سا علمی سکون اور سازگار تحقیقی ماحول دوسری جگہ نہیں ہے۔

مولٰنا نے تقریر جاری رکھتے ہوئے فرمایا۔ آپ کو کیسے بتایا جائے کہ اس مسجد کے لئے جس میں ہم اس وقت بیٹھے ہیں اور اس آشیانے کے لئے کس کس طرح ایک ایک تنکا چن کر لایا گیا ہے اور اس چمن بندی میں اس مالی کا کتنا حصّہ ہے۔ آپ شاید یقین نہ کریں کہ وہ صحیح معنوں میں گلے میں جھولی ڈال کر شرفاء لکھنؤ کے دروازوں پر جاتے اور اس فرش کے لئے اور سنگ مرمر کی ایک ایک تختی کے لئے صاحبان دل اور محرمان درد سے اپیل کرتے تھے۔ جب شام کو واپس آتے تو دوسرے دن کے کام بھر کا کافی سرمایہ اس گدائے کج کلاہ کی جھولی میں موجود ہوتا تھا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اس دور کی ترقی کا بڑا سہرا محسوس طریقے پر مولانا مسعود علی ندوی کے سر ہے۔ بظاہر وہ مسجد بنوا رہے تھے لیکن اس مسجد کے اندر حقیقی دارالعلوم بن رہا تھا اور سچ بھی ہے کہ

"حرم سے تعمیر ہے جہاں کی"

محسنین کا جو جتنا شکر گزار ہوتا ہے اللہ تعالیٰ اتنے ہی اس کے درجات بلند فرماتے ہیں۔ ہم میں اور آپ میں بڑی کمزوری یہ ہے کہ ہم اپنے محسنوں کو بعض اوقات پہچانتے تک بھی نہیں۔ اپنے لوح دل پر لکھ لیجیے کہ "بر آباکم" یہ کبھی نہ بھولئے کہ وہ اس گھر کے سب سے بڑے محسن تھے۔ عنداللہ ان کی مقبولیت کی یہ سب سے بڑی دلیل ہے کہ آج ہم ان کا ذکر اس جگہ کر رہے ہیں جس کے لئے قرآن کریم کا ارشاد ہے۔

فِیْ بُیُوْتٍ اَذِنَ اللّٰہُ اَنْ تُرْفَعَ وَیُذْکَرَ فِیْہَا اسْمُ اللّٰہِ کَثِیْرًا ہ

○

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# زمانہ کا دامن پھیلتا اور سمٹتا رہتا ہے

آج ہمیں پہلے سے کہیں زیادہ
محنت کی تیاریوں کی اور
سرمایۂ علم کی ضرورت ہے

جمعیۃ الاصلاح کے افتتاحی جلسہ میں
مولانا سیّد ابوالحسن علی ندوی
کی تقریر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# زمانہ کا دامن پھیلتا اور سمٹتا رہتا ہے

## آج ہمیں پہلے سے کہیں زیادہ محنت کی تیاریوں کی اور سرمایۂ علم کی ضرورت ہے

نحمدہ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم۔

عزیزو! دارالعلوم کا ایک بڑا مقصد یہ تھا کہ یہاں سے طالب علم جس وقت فارغ ہو کر نکلے تو وہ باہر کی دنیا کے لئے اجنبی نہ ثابت ہو۔ ایسا نہ ہو کہ یہ مدت جو دارالعلوم کے اندر گزاری ہے وہ ان کی باہر کی دنیا سے بالکل علیحدہ ہو بلکہ یہاں رہتے ہوئے بھی باہر کے جھونکے اندر آتے رہیں، وہ روزن اور کھڑکیاں کھلی رہیں جن سے ہم باہر کی دنیا کو دیکھ سکیں۔

**الاصلاح کا قیام ایک جرأت مندانہ اقدام تھا** جس وقت دارالعلوم قائم ہوا اس وقت ہمارے قدیم عربی مدارس میں تدریس کے لئے ایک خاص طرح کی زبان مستعمل تھی اور اظہار خیال کے لئے بھی ایک مخصوص اسلوب اور طرز تحریر رائج تھا یہ قدیم نصاب تعلیم کا قدرتی نتیجہ تھا، اس کے الفاظ اور اس کی تعبیرات اس کے محاورے، اور اظہار خیال کے طریقے تمام اس طرز تعلیم سے متاثر تھے جو اس زمانے میں رائج تھا، اس زمانے کے مدارس میں اخبارات و رسائل

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



پڑھنے کا بھی کچھ زیادہ رواج نہیں تھا بلکہ شاید اخبارات اور رسائل کا مطالعہ کسی درجہ میں معیوب سمجھا جاتا تھا، جو لوگ اخبار و رسائل پڑھتے تھے وہ مطعون کیے جاتے تھے اور ان کی انگشت نمائی ہوتی تھی کہ یہ تعلیم کا حرج کر کے اخبار و رسائل دیکھتے ہیں اس وقت دارالعلوم میں طلباء کی ایک ایسی انجمن قائم کرنا جس کا ایک دارالمطالعہ ہو اور نواراالاخبار ہو۔ جس میں ہفتہ وار خطابت کے جلسے ہوتے ہوں اور اس کا نظم و نسق سب طلبہ کے ہاتھ میں ہو، ایک بڑا حقیقت پسندانہ اور جرأت مندانہ اقدام تھا۔ آج تو یہ چیز ہماری زندگی میں ایسی گھل مل گئی ہے اور ایسے سکہ رائج الوقت کی طرح ہو گئی ہے جس میں ندرت یا جدت نظر نہیں آتی، لیکن آج سے ستّر برس پہلے اس گزشتہ صدی کے بالکل آخر میں جب دارالعلوم قائم ہوا اور ہمارے ابنائے دارالعلوم نے جن کا نام اکثر کتابوں میں مل سکتا ہے، انجمن الاصلاح قائم کی، اس وقت اس اقدام کی بڑی اہمیت تھی اور اس میں بڑی جدت تھی، اس کا اندازہ وہی لوگ کر سکتے ہیں جنہوں نے وہ زمانہ دیکھا ہو، اس زمانہ کے لحاظ سے یہ ایک بڑا مفید قدم تھا۔ اور کوئی شبہ نہیں کہ اس زمانہ میں انجمن الاصلاح نے بڑا مفید کام انجام دیا اور اس کے بعد سے لے کر اس وقت تک مفید کام انجام دیتی رہی اس میں بہت سے ایسے لوگوں کی تربیت ہوئی جنہوں نے یہاں سے نکل کر اپنی اس مشق اور مہارت سے بہت فائدہ اٹھایا اس لحاظ سے دارالعلوم کے ان فرزندوں اور "الاصلاح" کے بانیوں کو جتنی بھی داد دی جائے اور ان کی خدمات کو جتنا بھی سراہا جائے کم ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



**آج زمانہ بہت بدل چکا ہے** لیکن میرے عزیزو! زمانہ میں ہر چیز کی قدر وقیمت اس زمانے کی ضروریات اور اس زمانے کے معیار کے لحاظ سے ہوتی ہے جس زمانہ میں یہ قدم اٹھایا گیا تھا اس زمانہ میں یہ علماء کی روشن خیالی کا ایک بہت بڑا ثبوت تھا اور اس میں کوئی شبہ نہیں کہ ہمارے ادارہ کو اس میں اوّلیت حاصل ہے لیکن اس کے بعد سے زمانہ بڑا سرگرم سفر رہا ہے۔ وہ ایک منٹ کے لئے جامد وساکت نہیں ہوا اس نے کسی منزل پر قیام نہیں کیا۔ خیالات بدلتے رہے، ضروریات بدلتی رہیں، تقاضے بدلتے رہے، نئے نئے میدان اور نئے نئے چیلنج سامنے آتے رہے اور علماء سے اپنے جوابات مانگتے رہے۔ اب اس زمانہ میں اخبارات ورسائل کا مطالعہ یا کسی بزم کا قیام ایک ایسی عام چیز ہوگئی ہے کہ اس سے کوئی چھوٹے سے چھوٹا مدرسہ بھی اس وقت مشکل سے خالی ہوگا، گاؤں گاؤں قصبے قصبے ایسی انجمنیں قائم ہیں جہاں تقریروں کی مشق کرائی جاتی ہے، لوگوں نے خاندان، برادری کی سطح پر بہت سی انجمن قائم کر رکھی ہیں اور عربی مدارس میں بھی عام طور پر ایسی انجمنیں جمعیتیں پائی جاتی ہیں، بعض مدارس میں تو میرے خیال میں کئی درجن انجمنیں ہوں گی، یہاں تک کہ ضلع وار بھی انجمنیں قائم ہیں، اب زمانہ ان چیزوں سے بہت آگے بڑھ گیا ہے، اب سلجھی ہوئی تقریر کرنا، یا ان اخبارات ورسائل کا پڑھ لینا اور اس بات سے واقف ہونا کہ کہاں کہاں سے یہ اخبارات ورسائل نکلتے ہیں اور ان میں کیا لکھا جاتا ہے، یا ایک شستہ تقریر کر لینا، ایک رواں مضمون لکھ دینا، اپنے خیالات کو شائستہ انداز میں ادا کر دینا کافی نہیں رہا، اس میں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کسی قسم کا امتیاز باقی نہیں رہا۔ اب یہ چیزیں دور ماضی کی ایک یادگار ہیں اور اس توقع پر قائم ہیں اوران کو قائم رکھا جاتا ہے اور ہمت افزائی کی جاتی ہے کہ شاید ان میں وسعت پیدا ہو اور یہ زمانہ کے نئے تقاضوں کی تکمیل کر سکیں ورنہ جہاں تک کسی بزم خطابت کا تعلق ہے کسی دارالاخبار کا تعلق ہے ان میں کوئی جدت اور کوئی فوقیت باقی نہیں رہی۔

**متوسط درجہ کی لیاقت کافی نہیں** ایک زمانہ تھا جب علماء کا شستہ اردو لکھ لینا اور اس زمانہ کے محاورہ اور اسلوب کے مطابق تصنیف و تالیف کر لینا بڑی قابل تعریف بات سمجھی جاتی تھی، بہت سے علماء اپنے خیالات کے ادا کرنے پر پوری قدرت نہیں رکھتے تھے اور نئے خیالات کے لئے قدیم زبان ہی استعمال کرتے تھے لیکن یہ چیزیں اب بہت عام ہو گئی ہیں ندوۃ العلماء کا قیام جس زمانہ میں ہوا اس زمانہ میں کسی ندوی فاضل کا کسی تاریخی موضوع پر کچھ لکھ دینا یا اس میں قدیم ماخذ میں سے تمام ضروری اور متعلق مواد جمع کرنا اور سلیقہ کے ساتھ اس کو ترتیب دینا ایک بڑا علمی کارنامہ سمجھا جاتا تھا، اس وقت کسی فاضل کے لئے یہ بات بس تھی کہ اس نے مسلمانوں کی تہذیب کے کسی پہلو پر، مسلمانوں کے کسی علمی کارنامے پر، مسلمانوں کی کسی تہذیبی و تمدنی خدمت پر، یا کسی دور حکومت پر، یا کسی مسلمان حکمراں خاندان پر ایک ایسی متوسط درجہ کی کتاب لکھ دی جس میں اگرچہ کوئی ریسرچ یا کوئی خاص قسم کا نظریہ ثابت نہ کیا گیا ہو تاہم سلیقہ کے ساتھ اس کا مواد جمع کر دیا گیا ہو، یا پڑھنے والوں کو اس سے وحشت نہ ہوتی ہو۔ یہ بات کسی قدیم درسگاہ کے افتخار کے لئے بہت کافی تھی۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



لیکن میرے عزیزو! اب حالات بہت مختلف ہو چکے ہیں۔ اگر ہماری انجمن کا مقصد یہی ہے کہ متوسط درجے کے خطیب اور مقرر پیدا کرے۔ ہمارے طلبا اخبارات و رسائل سے ناواقف نہ رہیں اور ان کو یہ معلوم ہو کہ اس زمانے میں کیا رجحانات کام کر رہے ہیں، اس زمانے میں کون ادیب اور کون مصنف ہے، اور کون کون صاحب طرز اہل قلم، تو یہ بات بالکل ناکافی ہے۔

**زمانہ کا دامن سمٹتا اور پھیلتا رہتا ہے** زمانہ اب اس سے بہت زیادہ کا طالب ہے، زمانہ کا دامن سمٹتا اور پھیلتا ہے، زمانہ کی جھولی اور اس کا کشکول گدائی ایک ناپ کا نہیں رہتا وہ حالات کے مطابق لوگوں کی استعداد کے مطابق نئے سیاسی تغیرات اور تبدیلیوں کے مطابق، ہر دور میں ہر اس جماعت سے اپنے زمانہ اور پیمانہ کے مطابق رہنمائی اور رہبری کا طالب ہوا کرتا ہے، اب یہ زمانہ اس بات کا بالکل متحمل نہیں ہے اور محض اس پر دینی درسگاہ کے طالب علم کو کسی قسم کا کوئی تصدیق نامہ دینے کے لئے تیار نہیں ہے کہ اس میں کچھ اچھے بولنے والے پیدا ہو جائیں کچھ متوسط درجے کے لکھنے والے پیدا ہو جائیں۔

**آج پہلے سے کہیں زیادہ تیاری کی ضرورت ہے** اس وقت جو ایک عام ذہنی انتشار اور ایک قسم کی مایوسی ملت پر پھیل رہی ہے اور ملت کی صلاحیت کی طرف سے اور دین میں جو صلاحیت ودیعت کی گئی ہے اس صلاحیت کی طرف سے یا دین کے مستقبل کی طرف سے جو بدگمانی اور بے اعتمادی پیدا ہو رہی ہے تو جوانوں میں، جدید تعلیم یافتہ طبقوں میں اور حاملین دین میں ، جو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بے اعتمادی پھیل رہی ہے اس کو دور کرنے کے لئے بہت زیادہ تیاریوں کی ضرورت ہے، اس سے بہت زیادہ علمی فتوحات حاصل کرنے کی ضرورت ہے، اس سے بہت زیادہ بلند پروازیوں کی ضرورت ہے، اس سے بہت زیادہ کاوشوں، دلسوزیوں اور دماغ سوزیوں کی ضرورت ہے جو ہمارے اسلاف نے کیں، اس میں کوئی شبہ نہیں کہ ہمارے ندوۃ العلماء کے صف اول کے مصنفین اور اہل قلم نے اس زمانے کی نسلوں کو بہت کچھ دیا انہوں نے اس زمانے کی نسل کو بڑی حد تک مطمئن کرنے کی کوشش کی جو مسائل اس عہد میں اہمیت رکھتے تھے ان مسائل پر انہوں نے جو چیزیں پیش کیں، وہ اس زمانے کے لحاظ سے بہت طاقتور اور دل نشیں تھیں۔ لیکن اگر آج ان چیزوں کو دہرایا جائے یا بالکل ان کی نقل کی جائے تو اس میں کوئی علمی استدلال نہیں ہوگا، اور لوگوں کو بڑی مایوسی ہوگی۔

**تحقیق ومطالعہ کا میدان بہت وسیع ہے** | تحقیق اور مطالعہ کا میدان بہت وسیع ہو چکا ہے، قدیم ذخیرے بلکہ قدیم دفینے جو پہلے علماء کے خواب وخیال میں بھی نہیں آتے تھے وہ اب عام ہو چکے ہیں، نشر واشاعت کے اداروں نے اور طباعت واشاعت کی تحریک نے زمین کے جگر چاک کر دیئے ہیں اور سمندروں کے اندر سے موتی نکالے ہیں وہ چیزیں جن کا ہم صرف نام سنتے تھے وہ آج بازاروں میں مل رہی ہیں، سوچنے کے طریقے مطمئن کرنے کی صلاحیت اتنی مختلف ہو گئی ہیں کہ ان میں قدیم طرز کی تقلید بالکل نہیں کی جا سکتی۔

**بہت سے قدیم مباحث آج اپنی اہمیت کھو چکے ہیں** | ایک زمانہ تھا کہ مولانا شبلی رحمۃ اللہ علیہ کی کتاب "حجۃ الاسلام" معرکۃ الآرا کتاب سمجھی جاتی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



تھی" اورنگ زیب عالمگیر پر ایک نظر" گویا علمی فتح تھی اسی طریقے سے ان کا کتب خانہ اسکندریہ بڑی محققانہ کتاب یا یوں سمجھئے کہ اسلام کی طرف سے ایک حجت تھی لیکن آج یہ مباحث اپنی اہمیت کھو چکے ہیں کہ اگر ان مباحث پر لکھا جائے تو اس میں لوگوں کے لئے کوئی نئی بات اور دلچسپی نہ ہوگی، اس زمانے میں اس سے بہت زیادہ وسیع علم اور اس سے بہت زیادہ محنت و کاوش کی ضرورت ہے۔

## زمانہ آسانی کے ساتھ کسی کو تسلیم نہیں کرتا

یہ علمی معیار بھی ہمارے لئے یقیناً قابلِ احترام ہے، اس کے ساتھ بہت عزیز یادیں اور یادگاریں وابستہ ہیں۔ یہ ہماری تاریخ کا ایک جز ہے لیکن زمانہ بڑا بے رحم ہے اور بڑا بے مروّت واقع ہوا ہے وہ بڑی سے بڑی مقدس جماعت کے ساتھ بھی مروّت نہیں کرتا وہ کسی کے سامنے آسانی کے ساتھ سرِ تسلیم خم نہیں کرتا، زمانہ کی فطرت ہے کہ جب تک اس کو اعتراف پر مجبور نہ کر دیا جائے، وہ کسی کا اعتراف نہیں کرتا کسی چیز کا تسلسل زمانہ کے لئے بالکل کافی نہیں ہے، زمانہ ایسا حقیقت پسند، ایسا بے مروت اتنا غیر جانبدار ہے کہ جب تک اس کے ہاتھ میں کوئی نئی چیز نہ دی جائے اور اس کی گردن کو کسی بوجھ سے ایسا بوجھل نہ کر دیا جائے کہ وہ جھکنے پر مجبور ہو جائے۔ اس وقت تک وہ جھکنے کے لئے تیار نہیں ہوتا، زمانہ سے کسی قسم کا اقرار کرا لینا کسی قسم کی سند حاصل کرنا، کوئی تمغۂ امتیاز یا خراجِ عقیدت حاصل کرنا..... بچوں کا کھیل نہیں ہے اور محض روایت پرستی اس کے لئے کافی نہیں ہے، زمانہ کو اعتراف پر مجبور کرنے کے لئے اپنی فوقیت کا نقش قائم کرنے کے لئے اپنے ادارے کا احترام دلوں اور دماغوں میں پیدا کرنے کے لئے اپنے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



لئے وہ مناسب اور شایانِ شان مقام حاصل کرنے کے لئے آپ کو بڑی جدوجہد کرنا پڑے گی، آپ کو اپنا معیار بلند کرنا پڑے گا، اس زمانہ میں اگرچہ علم نے بڑی ترقی کی ہے اور اس میں بہت سے نئے میدان پیدا ہوگئے ہیں اور اس کی اہمیت و وسعت میں برابر اضافہ ہو رہا ہے، لیکن اسی کے ساتھ علمی زندگی کی مشکلات کچھ ایسی ہیں زمانہ نے ایسی نئی کروٹ لی ہے اور ایسے انقلابات ملک میں پیش آچکے ہیں کہ اب محض علم کی وسعت محض تحریر کی شگفتگی، محض خیالات کی بلندی اور نظریات کی جدت کافی نہیں ہے اب اس کے ساتھ بلند کردار کی اور درد مند و پرسوز دل کی بھی ضرورت ہے۔

آپ شاید میرے الفاظ کو بے محل سمجھیں گے اور کہیں گے کہ یہ زمانہ یا حقیقت کی ترجمانی نہیں ہے۔ اس لئے کہ زمانہ ان تمام قدروں سے باغی ہوتا چلا جا رہا ہے جو ہم کو عزیز تھیں، جن کو مذہب نے پیش کیا ہے لیکن اسی کے ساتھ آپ دیکھیں گے کہ بجائے اس کے کہ شخصیت سے، عمل سے، کردار سے، زمانے کی مرعوبیت ختم ہو بڑھتی چلی جا رہی ہے۔ ہر انقلاب کے پیچھے آپ کو کوئی ایسی شخصیت نظر آئے گی جس نے رفقار کی بڑی تعداد کو متاثر کیا۔ ان کے افکار و خیالات پر اثر ڈالا اور ایک نئی رَو پیدا کی، اور اس کی وجہ سے واقعات اور تغیرات کا ایک نیا دھارا نمودار ہوا۔

**یقین کی طاقت** ہر انقلاب کے سرے پر جہاں سے اس انقلاب کا چشمہ پھوٹتا ہے جہاں سے انقلاب سیل رواں ہوتا ہے، آپ کو ایسی شخصیت نظر آئیگی جس کے اندر کسی چیز کا یقین دل و دماغ کے تہہ میں پیوست ہے اور تمام

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اعصاب پر پوری طرح حاوی ہے جس کے اندر ایک مقناطیسی اور برقی قوت موجود ہے جو سینکڑوں اور ہزاروں کو متاثر کرتی ہے محض خطابت سے، دو چار اچھی تصنیفات سے، قلم کی روانی سے، خیالات کے سلجھاؤ سے کسی نادر علمی تحقیق سے محض کسی نئے طرز میں کسی پرانے خیال کو یا نئے جام میں کسی شراب کہن کو پیش کرنے سے زمانہ میں کوئی نیا انقلاب اور انقلاب تو بڑی چیز ہے کوئی معمولی تبدیلی بھی پیدا نہیں ہوسکتی۔ اس زمانے میں ضرورت ہے کردار کی، قلب کی دردمندی اور اندرونی سوز کی، ایک ایسی حرارت کی جو اندر اندر جلا رہی ہو، اعصاب کو پگھلا رہی ہو اور پھر یہ لاوا پھوٹ کر کسی آتش فشاں کی طرح بڑھ رہا ہو اور اس کی تپش اور سوزش سینکڑوں اور ہزاروں دلوں کو گرما رہی ہو۔

جہاں تک میرا مطالعہ ہے کم از کم اسلامی تاریخ کے حدود میں شاید کوئی انقلاب خالص خطابت اور طلاقت لسانی سے پیدا نہیں ہوا اس زمانے کا بہت بڑا مسئلہ جس کی طرف میں آپ کو اجمالی طور پر متوجہ کرتا ہوں بلکہ زیادہ صحیح الفاظ میں اشارہ کرنا چاہتا ہوں جس کو علامہ اقبال نے چھیڑا تھا۔

انہوں نے کہا کہ زمانہ کا مجدد کہلانے کا مستحق وہ ہوگا جو اسلامی شریعت کی برتری ثابت کرے اور زندگی سے اس کا پیوند لگائے اور یہ ثابت کرے کہ اسلامی قانون وضعی قانون اور انسانوں کے تمام خودساختہ قوانین سے آگے ہے وہ زمانے کے آگے کی چیز ہے۔ زمانہ اس سے آگے بڑھ نہیں سکا اور دنیا نے خواہ کتنی ہی ترقی کی ہو لیکن اسلامی قانون اسکی رہنمائی کی اب بھی صلاحیت رکھتے ہیں اس کے تمام سوالات کے جوابات دیتے ہیں اور انسانی زندگی کے پیدا ہونے والے مسائل کا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کا حل ان کے اندر موجود ہے۔ ان میں ایک بالغ معاشرے کی تنظیم کی بہترین صلاحیت ہے۔ انہوں نے اس سوال کو اٹھایا تھا اور ان کی بڑی تمنّا تھی کہ وہ اس کا جواب دیں۔ وہ اس سلسلہ میں ہمارے مولٰنا سیّد سلیمان ندوی سے بڑی مدد کے طالب تھے جیسا کہ انہوں نے اپنے خط میں لکھا ہے۔ علوم اسلامیہ کے جوئے شیر کا فرہاد مولانا سیّد سلیمان ندوی کے علاوہ اور کون ہو سکتا ہے جو علاّمہ شبلی کے صحیح جانشین ہیں۔

آج بھی یہ سوال اسی طریقے سے زندہ ہے اور جواب چاہتا ہے۔ اسلامی قانون کی برتری ثابت کرنے کے لئے علماء کو میدان میں آنا چاہیئے۔

**سب سے بڑا معرکۂ افکار** اسی طریقے سے اس وقت جو سب سے بڑا فیصلہ کن معرکہ عالم اسلام میں درپیش ہے، اور جس میں بہت سے ممالک آزمائش کے دور سے گزر کر اُس غلط منزل پر جا پہنچے ہیں، جس کے تصوّر سے بھی ہمارے اسلاف کی نیند حرام ہوتی ہو گی اور بہت سے ممالک اب اس منزل کی طرف بہت تیزی سے گامزن ہیں وہ ہے "اسلامیت اور مغربیت کی کشمکش کا مسئلہ"۔ اس وقت اس طبقے کے درمیان جس کے ہاتھ میں زمامِ حکومت ہے اور سوادِ اعظم اور عامتہ المسلمین کے درمیان ایک بہت بڑی ذہنی کشمکش برپا ہے۔ اس وقت جس طبقے کے ہاتھ میں زمام کار آئی ہے وہ مغربی تہذیب کو مثالی اور انسانی تجربات کی آخری منزل اور حرفِ آخر سمجھتا ہے، وہ اس کو زندگی کی تنظیم کی آخری کوشش سمجھتا ہے اور انسانی مسائل کے حل کا آخری کامیاب تجربہ سمجھتا ہے، اور اس کو اسلام کے نظام کا قائم مقام خیال کرتا ہے۔ وہ سمجھتا ہے کہ اسلام کا نظام اپنی ساری افادیت کھو چکا ہے۔ اب اس کو دوبارہ اس کارگاہ میں لانے کی زحمت دینا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



صحیح نہیں ہے۔ یہ ہے وہ زندہ سوال جو اس وقت ایک شعلہ کی طرح، ایک بھڑکی ہوئی آگ کی طرح تمام اسلامی ممالک میں پھیل چکا ہے اور جس کے اثر سے کوئی طبقہ اور کوئی پڑھا لکھا انسان پورے طور پر محفوظ نہیں ہے۔

**آج کا تجدیدی کام** اس وقت سب سے بڑا تجدیدی کارنامہ اور میں سمجھتا ہوں کہ دارالعلوم ندوۃ العلماء کا سب سے بڑا مقصد گویا اس کا وجہ جواز اور اس کی افادیت کا سب سے بڑا ثبوت اور اس کے اسلاف کی کوششوں کا سب سے بڑا پھل ان کی محنتوں کا اور ان کی قربانیوں کا سب سے بڑا ثمرہ اور مطالبہ یہ ہے کہ ندوہ کے فضلاء اسلامی ممالک میں یا غیر اسلامی ممالک میں جہاں بھی ہوں اس کا ایسا جواب دینے کی کوشش کریں جو لوگوں کو مطمئن کر سکے اور مغربی فلسفہ کا اثر کم کر سکے جو اس وقت پورے عالم اسلام پر اپنا سایہ ڈال چکا ہے۔ آج ان ملکوں میں اسلام کی قسمت کا اور مسلمانوں کی قسمت کا فیصلہ کیا جا رہا ہے، تمام اسلامی ملک کم و بیش اس مسئلہ سے دو چار ہیں۔ www.KitaboSunnat.com

**یہ چیلنج قبول کیجئے** یہ وہ چیلنج ہے جسے آپ کو قبول کرنا ہے اسی کے معیار کے مطابق اپنے آپ کو تیار کرنا ہے اس وقت آپ کو اپنی ذہانت کا ثبوت دینا ہے، اور علم کا وہ نمونہ اور معیار سامنے لے کر آنا ہے جو زبان کے اعتبار سے، اسلوب کے اعتبار سے، مواد کے اعتبار سے، مطالعہ مذاہب اور تقابل ادیان کے اعتبار سے متوجہ کرنے والا ہو جس کو دیکھ کر زمانہ خود اس بات کا اعتراف کرے کہ آپ نے ایسی چیز سامنے رکھی ہے جو واجب الاعتراف ہے۔

**آج زمانہ زیادہ اہم چیزوں کا طالب ہے** میں اس بات کو پھر دہراؤں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



گا کہ زمانہ اب آپ سے بہت سی نئی چیزوں کا طالب ہے ان چیزوں سے بہت زیادہ نازک اور اہم چیزوں کا طالب ہے، جن کا وہ ہمارے اسلاف سے طالب تھا۔ اقبال کا شعر ہے ؎

نگہ بلند، سخن دلنواز، جاں پرسوز
یہی ہے رخت سفر میر کارواں کے لئے

اب اس سخن میں دلنوازی بھی نہیں رہی لیکن سخن دلنواز بھی کافی نہیں اس کے ساتھ جانِ پرسوز اور نگاہِ بلند بھی ہونی چاہیئے۔ آپ جن کی طرف اپنا انتساب کرتے ہیں اور جن کی اس عزیز میراث کے وارث ہیں میں یہ نہیں کہتا کہ وہ آسمان سے ستارے توڑ لاتے۔ لیکن اس زمانے کے مذاق اور معیار کے مطابق انہوں نے اپنی شان قائم رکھی۔ اور اس میں انہوں نے ایک مقام حاصل کیا پھر اس مقام کو انہوں نے اپنی نسلوں کی طرف منتقل کیا۔ اب آپ کو اس کے لئے بہت زیادہ محنت کرنی پڑے گی۔ آپ تقریروں کا معیار بلند کیجئے، تحریروں کا معیار بلند کیجئے مطالعہ وسیع کیجئے، اور اس کے لئے اساتذہ سے خاص طور پر مربی الاصلاح سے اور ان اساتذہ سے جن کا آپ کا رابطہ ہے ان سے مشورہ کیجئے۔ مطالعہ اتنا آسان نہیں ہے کہ جس کا جی چاہے بغیر کسی ترتیب کے پڑھنا شروع کر دے یہ دودھاری تلوار ہے اگر اس کا صحیح استعمال نہیں کیا جائیگا تو وہ نقصان بھی پہنچا سکتی ہے یہ ایک پل صراط ہے اس پر بہت سبک روی اور بہت احتیاط کے ساتھ چلنے کی ضرورت ہے اس کے لئے اپنے اساتذہ سے مشورہ کیجئے، وقت بہت کم کام بہت زیادہ، پڑھنے کا سامان بھی روز

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بروز بڑھتا چلا جا رہا ہے، نہ ہر لکھی ہوئی اور چھپی ہوئی چیز پڑھنے کے قابل نہ ہر رسالہ آپ کی میز پر آنے کے لائق۔

## یہ علم کا، تہذیب کا، خیالات کا اور مقاصد کا حرم ہے

یہ علم کا، تہذیب کا، خیالات کا اور مقاصد کا ایک حرم ہے۔ اس حرم میں انہیں چیزوں کو آنا چاہیئے اور ان چیزوں کو آنے کی اجازت دینی چاہیئے جو آپ کے مقاصد سے مطابقت رکھتی ہوں۔ جو اس درسگاہ کے بانیوں کے مقاصد سے مطابقت رکھتی ہوں، جس طرح آپ یہاں کسی بدبودار چیز کو نہیں آنے دے سکتے اسی طریقے سے آپ کی میز پر کوئی ایسا رسالہ بھی نہیں آنا چاہیئے جو اس سے زیادہ متعفن اور مضر ہے اور یہاں کی فضا کو اس سے زیادہ متاثر کرسکتا ہے۔

یہ میز کسی پبلک لائبریری کی میز نہیں ہے یہ ایک درسگاہ کی میز ہے، یہ ایک معمل ہے۔ ایک بہت بڑی کارگاہ ہے جہاں ان دماغوں کو ڈھلنا ہے جو امت کی رہبری کریں گے یہاں کی الماریوں میں کسی ایسی کتاب کو رہنے کا حق نہیں ہے جس کی بدبو ان دیواروں کو توڑ کر باہر آتی ہو جس کو ایک مرتبہ پڑھنے کے بعد انسان کئی کئی ہفتے ذہنی انتشار میں مبتلا رہے اور خیالات مقاصد اور ان بنیادی تعلیمات سے اس کو کوئی اتفاق باقی نہ رہے جو اس درسگاہ کے بنیادی مقاصد میں داخل ہیں، اس کے لئے آپ کے دل اور ضمیر کا احتساب کافی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# طالبانِ علومِ نبوت کا مقام اور اُن کی ذمہ داریاں

یہ مضمون مارچ ۱۹۵۴ء میں دارالعلوم دیوبند میں طلبہ کے ایک جلسہ میں پڑھا گیا اور بعد میں رسالہ کی شکل میں شائع ہوا۔ اس مضمون میں دینی مدرسہ کا حقیقی منصب و مقام اور اس کے طلبہ و فضلاء کی ذمہ داریاں بتلائی گئی ہیں اور ان کو آگاہ کیا گیا ہے کہ عصرِ جدید ان سے کس قسم کی توقعات رکھتا ہے، اور اس دور میں دین کی دعوت اور خدمت کے لئے ان کو کس قسم کی تیاریوں کی ضرورت ہے، اپنے مضامین کی اہمیت اور افادیت کے پیشِ نظر اس کو بھی اس مجموعہ میں شامل کیا جاتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# طالبانِ علومِ نبوّت کا مقام اور اُن کی ذمّہ داریاں

ربّ اشرح لی صدری ویسّرلی امری واحلل عقدۃ من لسانی یفقھوا قولی۔

عزیزانِ گرامی!

مجھے اس وقت آپ سے اس حیثیت سے گفتگو کرنی ہے کہ آپ دینی مدارس کے طالب علم ہیں اور میں ان کا دیرینہ خادم اور آپ کا رفیق سفر، موضوع کی اہمیت اور وقت کی نزاکت کا تقاضا ہے کہ میں آپ کے سامنے اپنی زندگی کے تجربات اور اپنے محدود مطالعہ کے نتائج بے تکلّف رکھ دوں، اور زندگی کے سفر کی سب سے قیمتی اور عزیز سوغات آپ کے سامنے پیش کر دوں، آپ نے مجھے گفتگو کا موقع دیکر عزّت بخشی ہے، آپ نے مجھ پر اعتماد کا اظہار کیا ہے، میری خواہش اور کوشش ہونی چاہیئے کہ میں اس اعتماد کا اہل ثابت ہوں، اور اس تھوڑے سے وقت سے پورا پورا فائدہ اٹھاؤں، اس لئے کہ یہ وقت آپ نے بڑے قیمتی مشاغل سے نکالا ہے، اور یہ اُن لوگوں کا وقت ہے جن کی ساعتیں اور لمحات مہینوں اور برسوں کے حساب سے تلنے چاہئیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



**مدرسہ کیا ہے؟** دوستو! ہم کو سب سے پہلے معلوم ہونا چاہیئے کہ ایک دینی مدرسہ کا مقام اور منصب کیا ہے؟ مدرسہ کیا ہے؟ مدرسہ سب سے بڑی کارگاہ ہے، جہاں آدم گری اور مردم سازی کا کام ہوتا ہے، جہاں دین کے داعی اور اسلام کے سپاہی تیار ہوتے ہیں، مدرسہ عالم اسلام کا بجلی گھر (پاور ہاؤس) ہے جہاں سے اسلامی آبادی بلکہ انسانی آبادی میں بجلی تقسیم ہوتی ہے، مدرسہ وہ کارخانہ ہے جہاں قلب ونگاہ اور ذہن ودماغ ڈھلتے ہیں، مدرسہ وہ مقام ہے جہاں سے پوری کائنات کا احتساب ہوتا ہے، اور پوری انسانی زندگی کی نگرانی کی جاتی ہے، جہاں کا فرمان پورے عالم پر نافذ ہے، عالم کا فرمان اس پر نافذ نہیں، مدرسہ کا تعلق کسی تقویم، کسی تمدن، کسی عہد، کسی کلچر، زبان وادب سے نہیں کہ اس کی قدامت کا شبہ اور اس کے زوال کا خطرہ ہو، اس کا تعلق براہ راست نبوتِ محمدی سے ہے جو عالمگیر بھی ہے اور زندۂ جاوید بھی، اس کا تعلق اس انسانیت سے ہے جو ہر دم جواں ہے، اس زندگی سے ہے جو ہمہ وقت رواں اور دواں ہے، مدرسہ درحقیقت قدیم وجدید کی بحثوں سے بالاتر ہے، وہ تو ایسی جگہ ہے جہاں نبوتِ محمدیؐ کی ابدیت اور زندگی کا نمو اور حرکت دونوں پائے جاتے ہیں۔

**مدرسہ کی ذمہ داری اور گراں باری** حضرات! کسی مدرسہ کے لئے اس سے بڑھ کر قابل احتجاج اور قابل اعتراض لفظ نہیں ہو سکتے کہ وہ محض ایک دارالآثار یا کسی قدیم عہد کی یادگار ہے، میں اس کو مدرسہ کے حق میں ازالۂ حیثیتِ عرفی کے مرادف سمجھتا ہوں میں مدرسہ کو ہر مرکز سے بڑھ کر مستحکم، طاقت ور، زندگی کی صلاحیت رکھنے والا اور حرکت ونمو سے لبریز سمجھتا ہوں، اس کا ایک سرا نبوتِ محمدیؐ سے ملا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


ہوا ہے، دوسرا سرا اس زندگی سے، وہ نبوتِ محمدیؐ کے چشمۂ حیواں سے پانی لیتا ہے اور زندگی کے ان کشت زاروں میں ڈالتا ہے، وہ اپنا کام چھوڑ دے تو زندگی کے کھیت سوکھ جائیں اور انسانیت مرجھانے لگے۔ نہ نبوت محمدیؐ کا دریا پایاب ہونے والا ہے، نہ انسانیت کی پیاس بجھنے والی ہے، نہ نبوت محمدیؐ کے چشمۂ فیض سے بخل اور انکار ہے، نہ انسانیت کے کاسۂ گدائی کی طرف سے استغناء کا اظہار، ادھر سے انما انا قاسم واللہ یعطی کی صدائے مکرر ہے، تو ادھر سے ھل من مزید، ھل من مزید کی فغانِ مسلسل، مدرسہ سے بڑھ کر دنیا میں کون سا زندہ متحرک و مصروف ادارہ ہوسکتا ہے، زندگی کے مسائل بے شمار، زندگی کے تغیرات بیشمار، زندگی کی ضرورتیں بیشمار، زندگی کی غلطیاں بیشمار، زندگی کی لغزشیں بیشمار، زندگی کے فریب بیشمار، زندگی کے رہزن بے شمار، زندگی کی تمنائیں بیشمار، زندگی کے حوصلے بیشمار، مدرسہ نے جب زندگی کی رہنمائی اور دستگیری کا ذمہ لیا تو اُسے اب فرصت کہاں؟ دنیا میں ہر ادارہ ہر مرکز اور ہر فرد کو راحت اور فراغت کا حق ہے، اس کو اپنے کام سے چھٹی مل سکتی ہے، مگر مدرسہ کو چھٹی نہیں، دنیا میں ہر مسافر کے لئے آرام ہے، لیکن اس مسافر کے لئے راحت حرام ہے! اگر زندگی میں ٹھہراؤ ہو، سکونؔ اور توقف ہو، تو حرج نہیں کہ مدرسہ بھی چلتے چلتے دم لے لے، لیکن جب زندگی رواں اور دواں ہے تو مدرسہ میں جمود اور تعطل کی گنجائش کہاں ہے، اس کو قدم قدم پر زندگی کا جائزہ لینا ہے، بدلتے ہوئے حالات میں احکام دینے ہیں، ڈگمگاتے ہوئے پیروں کو جمانا ہے، وہ زندگی سے پیچھے رہ جائے یا تھک کر بیٹھ جائے، یا کسی منزل پر قیام کرلے، یا اس کو کوئی مقام خوش آجائے، تو زندگی کی رفاقت اور قیادت کون کرے، سرودِ ازلی اور پیغام

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



محمدیؐ اسے کون سنائے، مدرسہ کا تعطل، قیادت سے کنارہ کشی، کسی منزل پر قیام، خود کشی کا مرادف اور انسانیت کے ساتھ بیوفائی کا ہم معنی ہے، اور کوئی خود شناس اور فرض آشنا مدرسہ اس کا تصور نہیں کرسکتا۔

**طلبہ وفضلائے مدارس کی ذمہ داریاں** دوستو! مدرسہ کے طالب علم کی حیثیت سے آپ کا کام سب سے زیادہ نازک اور سب سے زیادہ عظیم ہے، میں نہیں جانتا کہ اس وقت دنیا کی کسی جماعت یا کسی گروہ کا کام اتنا نازک، وسیع اور اہم ہو، ان الفاظ پر دوبارہ غور کیجئے کہ آپ کا ایک سرا نبوتِ محمدیؐ سے ملا ہوا ہے، دوسرا سرا زندگی سے، یہی آپ کے کام کی نزاکت کی وجہ سے آپ کی عظمت کی دلیل ہے نبوتِ محمدیؐ سے وابستگی اور اتصال جہاں ایک بہت بڑی خوش نصیبی اور سرفرازی ہے وہاں ایک عظیم ذمہ داری بھی ہے، آپ کے پاس حقائق اور عقائد کی سب سے بڑی دولت اور سب سے عظیم سرمایہ ہے، اس وابستگی سے آپ پر چند ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں، آپ میں غیر متزلزل یقین اور راسخ ایمان ہونا چاہیئے، آپ میں یہ حوصلہ اور ہمت ہونی چاہیئے کہ ساری دنیا ملتی ہو، تو اس کے ایک نقطہ سے بھی دستبردار ہونے کے سوال پر غور نہ کرسکیں، آپ کے دلوں میں اس کی حمایت ونصرت کا جذبہ موجزن ہونا چاہیئے، آپ کا دل اس بے دل دولت پر فخر اور شکر سے لبریز ہو، آپ کو اس کی صداقت، اس کی معقولیت، اسکی ابدیت، اس کی ہر زمانہ میں صلاحیت اس کی بلندی وبرتری اور اس کی معصومیت پر غیر متبدل یقین ہو، آپ اس کے مقابل ہر چیز کو پورے اطمینان کے ساتھ جاہلیت کی میراث سمجھتے ہوں، آپ جہاں احکامِ خداوندی اور تعلیمات اسلامی کو سن کر سمعنا واطعنا کہیں، وہاں جاہلیت کے نظام اور جاہلیت کے علمبرداروں کو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



مخاطب کرکے کہیں، کہ کفرنا بکم وبدأ بیننا وبینکم العداوۃ والبغضاءُ ابدًا حتّٰی تؤمنوا باللہ وحدہٗ۔ آپ اسلام ہی کی رہنمائی اور اسوۂ محمدیؐ ہی کی روشنی میں دنیا کی نجات کا یقین رکھتے ہوں، اور آپ کا اس پر عقیدہ ہو کہ اس طوفانِ نوح میں سفینۂ نوح صرف محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت اور امامت ہے، آپ یقین کرتے ہوں کہ افراد اور قوم کی سرفرازی اور سربلندی کی شرط صرف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا اتباع ہے، اور یہ بالکل حقیقت ہے، کہ :۔

محمد عربیؐ کہ آبروئے ہر دو سرا است　　کسیکہ خاک درش نیست خاک برسر او

آپ تعلیماتِ نبوت کو علم کا لبّ لباب اور حقیقۃ الحقائق سمجھتے ہوں، آپ اسکے مقابلے میں تمام دنیا کی الٰہیات اور فلسفۂ مابعد الطبعیات اور قیاسات و روایات کو افسانہ و خرافات سے زیادہ وقعت دینے کے لئے تیار نہ ہوں، آپ توحید کی حقیقت سے واقف اور اس پر مصر ہوں، اور شرک اور تمام دنیا کے علم الاصنام کو خواہ وہ کیسے ہی پُرجلال علمی اصطلاحات اور فلسفہ کی زبان میں بیان کیا گیا ہو حقارت کی نظر سے دیکھتے ہوں، اور زُخْرُفَ الْقَوْلِ غُرُوْرًا سے زیادہ مرتبہ دینے کے لئے آمادہ نہ ہوں آپ سنّت کے اتباع کے حریص، اور خَیْرُ الْھَدْیِ ھَدْیُ مُحَمَّدٍ صلی اللہ علیہ وسلم پر یقین رکھتے ہوں، اور بدعات کے مضر اور نامقبول ہونے پر آپ کو شرح صدر ہو، غرض آپ اعتقادی، ذہنی، فکری، قلبی، ذوقی اور عملی حیثیت سے نبوتِ محمدیؐ کی جامعیت اور عملیت کے قائل اور اس کی عملی تفسیر ہوں۔

**طلباء و فضلاء کا امتیاز** | دوستو! دنیا کے دوسرے مقابلہ میں آپ کا امتیاز یہ ہے کہ ان حقائق پر دوسروں کا اجمالی ایمان کافی ہے مگر آپ کو اس پر پورا ذہنی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اطمینان اور شرحِ صدر ہونا چاہیئے، آپ کا صرف قائل ہونا کافی نہیں، اس کا داعی ہونا ضروری ہے، دوسروں کا یقین لازمی ہو تو کافی ہے، آپ کا یقین متعدی ہونا چاہیئے، جو سینکڑوں ہزاروں انسانوں کو یقین سے لبریز کرے، اور یہ اس وقت تک ممکن نہیں جب تک کہ آپ کا یہ سرور، سرخوشی و سرمستی بے خودی کی حد تک نہ پہنچا ہو، اور آپ میں یکرہ ان یعود الی الکفر کما یکرہ ان یقذف فی النار کی حقیقت نہ پائی جاتی ہو، تعلیمات نبوّت سے دوسروں کی سرسری واقفیت کافی ہے، مگر آپ کے لئے علومِ نبوّت میں رسوخ، علومِ نبوّت سے عشق، علوم نبوت میں مقام فنائیت، علومِ نبوّت پر اصرار ضروری ہے، اس کے بغیر دعوت کا تصور بھی نہیں کیا جا سکتا، بلکہ دعوتوں اور تحریکوں کے اس طوفانی دور میں اس کے بغیر اپنی خصوصیات اور سرمایہ کی حفاظت بھی مشکل ہے۔

**کیفیات باطنی** یہ بھی یاد رکھیئے کہ نبوتِ محمدیؐ نے جس طرح علوم و احکام کا ایک بے پایاں دفتر اور وسیع ترین ذخیرہ چھوڑا۔ فَاِنَّ الانبیاءَ لَمْ یُوَرِّثُوا دِیْنَارًا وَلَا دِرْھَمًا وَ لٰکِنْ ورثوا ھٰذا العلم یہ ذخیرہ قرآن و حدیث فقہ و احکام کی صورت میں محفوظ ہے، اور آپ کا مدرسہ بحمداللہ اسکی خدمت و اشاعت کا بہت بڑا مرکز ہے، اسی طرح نبوت محمدیؐ نے کچھ اوصاف، خصوصیات، اور کیفیات بھی چھوڑے، جس طرح پہلا سرمایہ نسل در نسل منتقل ہوتا رہا، اور اللہ تعالےٰ نے اس کی حفاظت و اشاعت کا انتظام کیا، اسی طرح دوسرا سرمایہ بھی برابر منتقل ہوتا رہا ہے اور اللہ تعالےٰ نے اس کی حفاظت کا بھی انتظام فرمایا ہے، یہ اوصاف و خصوصیات کیا ہیں؟ یقین و اخلاص، ایمان و احتساب، تعلق مع اللہ، انابت

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اخبات، خشوع وخضوع، دعا وابتہال، استغناء وتوکل، اعتماد علی اللہ، درد ومحبت خود شکنی وخودداری۔ نبوت علوم واحکام اور اوصاف وکیفیات دونوں کی جامع تھی، ھوالذی بعث فی الامیین رسولاً منھم یتلو علیھم آیاتہ، ویزکیھم ویعلمھم الکتاب والحکمۃ، نبوت محمدی سے صرف علوم واحکام لینا اور کیفیات واوصاف کو ترک کر دینا ناقص وراثت ہے اور نامکمل نیابت، دنیا میں جن لوگوں نے نبوت کی نیابت کی اور اسلام کی امانت ہم تک پہنچائی، وہ صرف ایک حصہ کے امین نہ تھے وہ دونوں دولتوں سے مالا مال تھے، اب بھی اسلام کی دعوت اور اسلامی انقلاب صرف پہلے حصہ سے برپا نہیں کیا جا سکتا، آپ کو جن اسلاف کی طرف نسبت کا شرف حاصل ہے، وہ بھی ان دونوں خصوصیتوں کے جامع تھے، آپ اگر حقیقی نیابت کے منصب بلند پر سرفراز ہونا چاہتے ہیں، تو آپ کو اس جامعیت کی کوشش کرنی پڑے گی اس کے بغیر علم وفن کی صناعی کاغذی پھول ہیں، جن میں نہ خوشبو نہ تازگی، آج دنیا کے بازار میں کاغذی اور ولایتی پھولوں کی کمی نہیں، ہم اور آپ اس میں کوئی قابل ذکر اضافہ نہیں کر سکتے، یہاں تو نبوت کے باغ کے شاداب پھول چاہئیں، جو مشام جاں کو معطر کر دیں، اور جن کے سامنے دنیا کے پھول شرما جائیں۔ فوقع الحق وبطل ما کانو یعملون۔

**مدارس کا باطنی انحطاط** آپ بُرا نہ مانیں، کہنے والا بھی آپ ہی میں سے ہے۔ عرصہ سے ہمارے مدارس ان شاداب پھولوں سے خالی ہوتے جا رہے ہیں، ان اوصاف میں روز افزوں انحطاط ہے، ہم کو دل پر پتھر رکھ کر سننا چاہیئے اور دیکھنا چاہیئے کہ کہنے والے نے کہاں تک صحیح کہا ہے، کہ :۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اٹھا میں مدرسہ و خانقاہ سے نمناک
نہ زندگی نہ محبّت نہ معرفت نہ نگاہ

اس کا نتیجہ یہ ہے کہ ہمارے مدارس سے جس تعداد میں لوگ فارغ ہو کر نکلتے ہیں، کبھی اس تعداد میں نہیں نکلتے تھے، لیکن زندگی پر کوئی اثر نہیں ڈال رہے ہیں۔

**انقلاب انگیز شخصیتیں** پہلے اسی ملک میں خواجہ معین الدین اجمیریؒ یا سید علی ہمدانی کشمیری جیسا ایک فقیر بے نوا آتا اور پورے کے پورے ملک کو اپنے قلب کی حرارت اور اپنے ایمان کے نور سے بھر دیتا، حضرت مجدد الف ثانی نے حکومت مغلیہ میں انقلاب برپا کر دیا، انہیں کی خاموش مساعی کا نتیجہ تھا کہ ہم اکبر کے تخت پر اورنگ زیبؒ جیسے فقیہ و متشرع بادشاہ کو دیکھتے ہیں، شاہ ولی اللہ صاحبؒ نے اس طویل و عریض ملک کا رجحان بدل دیا، اور پورے نظام فکر اور نظام تعلیم پر گہرا اثر ڈالا، مولانا محمد قاسم صاحبؒ نے ایک عام مایوسی اور پسپائی کے دور میں اتنا بڑا اسلامی قلعہ تعمیر کر دیا، اور علوم شریعت کو ایک نئی زندگی بخشدی، ابھی پچھلے عرصہ میں مولانا محمد الیاسؒ نے ایمان اور دینی جدوجہد کی ایک نئی روح پھونک دی، غرض ؏

جہانے را دگرگوں کرد یک مرد خود آگاہے

آج ہمارے فضلاء اس روح سے خالی، ان کیفیات سے عاری، اور اس قوت سے محروم ہیں، جو لوگوں کو نئے سرے سے سوچنے اور بدل جانے پر مجبور کر دیتی تھی، زمانہ بڑا حقیقت شناس ہے، وہ صرف بلندی کے سامنے جھکتا ہے، دماغ بلند دماغ کے سامنے جھکتے ہیں، اور خالی اور سرد دل معمور اور گرم دلوں کا لوہا مانتے ہیں، ہمارے مدارس میں دماغی انحطاط بھی روز افزوں ہے اور قلبی افسردگی بھی روبہ ترقی،

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



مقررین اور واعظین کی اب بھی کمی نہیں، مگر بقول حضرت جگر:۔ ع

آنکھوں میں سُرورِ عشق نہیں، چہرہ پہ یقیں کا نور نہیں

**مدارس کی افسردہ فضا** مدارس جو کبھی طاقت اور زندگی کا مرکز تھے، اور جہاں انقلاب آفریں شخصیتیں پیدا ہوتی تھیں، وہ مایوسی، افسردگی اور احساس کہتری کا شکار ہیں، آج مدارس کی تعداد میں، ان کے طلبہ کی تعداد میں، درس کی کتابوں کی تعداد میں، کتب کے مندرجات کی تعداد میں وظائف کی تعداد میں بہت بڑا اضافہ ہے، مگر زندگی کی نبض سست اور قلب کی دھڑکن کمزور ہے، کوئی حساس دردمند کبھی کبھی اس طرف نکل جاتا ہے تو اس کا دم گھٹنے لگتا ہے، اور وہ اس بحر کاہل کو دیکھ کر کہنے لگتا ہے۔ ؎

خدا تجھے کسی طوفاں سے آشنا کر دے　　کہ تیرے بحر کی موجوں میں اضطراب نہیں

تجھے کتاب سے ممکن نہیں فراغ، کہ تو　　کتاب خواں ہے مگر صاحب کتاب نہیں

لیکن اب تو مدارس کے حق میں کسی طوفان سے آشنا ہونے کی دعا کرتے ہوئے بھی دل ڈرتا ہے، آج مدارس میں طوفان کے آثار نظر آتے ہیں، لیکن یہ باہر کے طوفان کے تھپیڑے اور موجیں ہیں جو مدارس کے در و دیوار سے ٹکرا رہی ہیں، یہ باہر کے ہنگاموں اور سطحی اور عوامی تحریکات کی صدائے بازگشت ہے، جس میں ہمارے مدارس کے طلبہ کا مقام محض نقال یا آلہ صوت کا ہے۔

**دنیا کا امام تقلید و پیروی کے مقام پر!** یہ بڑا افسوس ناک منظر، اور بڑی دلخراش حقیقت ہے کہ جو تحریکیں اور دعوتیں، جو ہنگامے اور شور، جو انتشار و اضطراب جو تنظیمیں اور طریقۂ احتجاج آج عصری درسگاہوں اور دنیاوی تعلیم گاہوں میں نامقبول

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہو رہے ہیں، اور پیش پا افتادہ اور کہنہ و فرسودہ سمجھے جانے لگے ہیں، وہ ہمارے مدارس میں اب باریاب ہو رہے ہیں اور جن کو زمانہ کا محتسب، اپنے عصر کا امام اور خود صاحبِ دعوت اور صاحبِ مقام ہونا چاہیئے تھا، وہ لادینی درسگاہوں کے متبع اور مقلّد ہونے پر فخر کر رہے ہیں۔ ؎

کر سکتے تھے جو اپنے زمانہ کی امامت
وہ کہنہ دماغ اپنے زمانہ کے ہیں پیرو

آج مدارس کا سب سے بڑا فتنہ اور سب سے بڑا ذہنی طاعون بڑھتا ہوا احساس کہتری ہے، جو گھن کی طرح اس درخت کو کھاتا چلا جا رہا ہے، کسی ادارہ کو اگر یہ گھن لگ جائے تو پھر اس کی زندگی محال ہے۔

**احساس کہتری کیوں؟** عزیزو! آپ احساس کہتری کا کیوں شکار ہوں؟ دوسروں کا احساسِ کہتری دینی کمزوری، ضعفِ عقیدہ، اور ضعفِ ایمان کی دلیل ہے، جس کے نتائج بہت سنجیدہ اور دور رس ہیں، انبیاء کے نائبین اور علومِ نبوت کے حاملین کو اپنی کہتری اور حقارت کا احساس ہو تو اس کے معنی یہ ہیں کہ وہ نبوت کے مقام سے ناآشنا اور یقین سے خالی ہیں، آپ تو ان ہستیوں کے جانشین ہیں جن کے متعلق عارفؔ رومی نے بجا طور پر کہا تھا:۔ ؎

نخوتے دارند و کبرے چوں شہاں
چاکری خواہند از اہل جہاں

اور جن کے متعلق سعدیؒ کے الفاظ میں یہ کہنا بالکل صحیح ہوگا، کہ:۔ ؏

شہان بے کلہ و خسروانِ بے کمر اند

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



**خود شناسی و خودداری** آپ کے پاس جو دولت ہے اس سے دنیا کا دامن خالی ہے، آپ کے سینہ میں علوم نبوت ہیں، اور وہ حقائق ہیں جو دنیا سے گم ہو چکے ہیں، اور جن کے گم ہونے سے آج عالم میں اندھیرا ہے، اضطراب و انتشار ہے، شر و فساد ہے، آپ اپنے ان سادہ کپڑوں، ان حقیر جسموں اور اس خالی جیب و دامن پر نظر نہ کریں، آپ دیکھیں کہ آپ کا سینہ کن دولتوں سے معمور، اور آپ کے اندر کیسا بدر کامل مستور ہے۔ ؎

برخود نظر کشا زتہی دامنی مرنج
در سینۂ تو ماہ تمامے نہادہ اند

آپ یاد رکھیں حقارت و ذلت کا تعلق انسان کے اندرون سے ہے، عالم خارجی اور بیرونی دنیا سے بہت کم ہے، حقارت ایک نفسیاتی کیفیت کا نام ہے، احساس حقارت کا نتیجہ ہے انسان کے شک و شبہ، ضعف و تذبذب، اور خود شناسی کے فقدان کا انسان خود اپنے کو حقیر و بے مایہ سمجھتا ہے، اور اس کو دھوکہ ہوتا ہے، کہ لوگ اس کو حقیر سمجھتے ہیں، اور دنیا میں وہ بے قیمت اور ذلیل ہے، حالانکہ یہ جفا وہ خود اپنے اوپر کرتا ہے، یاد رکھئے جو خود اپنی نگاہ میں ذلیل ہو جائے اسکو کوئی باعزت نہیں بنا سکتا۔ اور جو خود اپنے کو اپنی نظر سے گرا دے، کسی کو اس کی بالکل ضرورت نہیں کہ اس کو اپنے دل یا آنکھوں میں جگہ دے، جس کی گنجائش خود اپنے یہاں نہیں ہے، اس کی گنجائش کون و مکان میں نہیں ہے، یہ زمین بقدر دل سمٹتی اور پھیلتی ہے۔ اور اس کی وسعت گھٹتی اور بڑھتی ہے، آدمی کو یہ دیکھنا چاہیئے کہ اس نے اپنے کو اپنے دل میں کیا مقام دیا ہے اور اس کا معاملہ خود اپنی ذات کے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ساتھ کیا ہے، اگر کسی نے اپنے کو ذلیل و حقیر، مجبور و بے بس تہی دست و بے بضاعت اور دنیا کے بازار میں بے قیمت و بے ضرورت سمجھ لیا ہے، تو اس کو دنیا سے کسی انصاف اور کسی اعزاز کی توقع نہیں کرنی چاہیئے، حاتم طائی نے اسی حقیقت کو اپنے اس شعر میں بیان کیا ہے ؎

ونفسكَ أكرمها فانّكَ ان تَهُنْ

عليكَ فلن تَلقىٰ من النّاس مكرِما

اپنی ذات کی خود عزّت کرو، اس لئے کہ اگر تم اپنی نگاہ میں ذلیل اور بے وزن ہو جاؤ گے تو پھر دنیا میں تمہیں کوئی بھی عزّت کرنے والا نہیں ملے گا۔

دوستو! مجھے یقین ہے کہ ہم حقیر نہیں ہیں، صرف احساسِ حقارت کے مریض ہیں، اور یہ احساسِ حقارت ہماری خود ناشناسی اور خود فراموشی پر مبنی ہے، اس کا علاج صرف یہ ہے کہ ہم اپنے مقام سے باخبر ہو جائیں اور اپنی دولت اور سرمایہ کا صحیح جائزہ لیں، دنیا کی تبدیلی، نگاہوں کی تبدیلی، سب ہماری نگاہ کی تبدیلی کی تابع ہے، جس دن ہماری یہ نگاہ بدلی، دنیا بدل جائے گی، اور حقارت کا یہ مہیب سایہ جو ہمارے دل و دماغ پر مسلّط ہے اور ہم کو ڈرا رہا ہے کافور ہو جائے گا، کہنے والے نے کچھ غلط نہیں کہا:۔ ؎

اور اگر باخبر اپنی شرافت سے ہو

تیری سپہ انس و جن، تو ہے امیر جنود

ہماری قدیم اور معاصر تاریخ میں جن اشخاص نے اپنے مقام کو پہچان لیا، اور جن کو اس کا احساس ہو گیا کہ اللہ نے ان کو کون سی دولت دی ہے اور کس منصب

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



پر سرفراز کیا ہے، ان کو یہ سارا عالم پست نظر آنے لگا، ان کو سلطنتیں نہیں خرید سکیں، انہوں نے دنیا کی بڑی سے بڑی پیش کش سنکر ہمیشہ زیرِ لب مسکرا کر کہا ہے

بر دایں دام بر مرغِ دگر نہ
کہ عنقا را بلند است آشیانہ

انسانی تاریخ کی آبرو جو ارزاں فروشیوں اور خود فراموشیوں کی داستانوں سے داغدار ہے، انہیں خود آشنا و خدا شناس انسانوں کے دم سے ہے، انسانیت کا سر انھیں کی بدولت اونچا ہے، جنہوں نے اپنا سر ہمیشہ اونچا رکھا۔

**زندگی کی آبرو خودداروں کے دم سے قائم ہے** عزیزانِ گرامی! اس زندگی کے بقاء و تسلسل کے لئے جس طرح غذا اور لباس کی ضرورت، مادی ساز و سامان کی ضرورت ہے، اور لوگوں نے اس کا ذمہ لیا ہے، اسی طرح زندگی کے فروغ اور وقار اور انسانیت کے شرف اور اعتبار کے لئے یہ بھی ضروری ہے کہ اس مادہ پرست کوتاہ بیں دنیا میں وقتاً فوقتاً پیغمبرانہ خودداری اور دنیا کے انکار اور حقارت کا بھی اظہار ہوتا رہے، اور کسی کسی گوشہ سے یہ صدا بھی آتی رہے، کہ اَتُمِدُّونَنِ بِمَالٍ فَمَا آتَانِيَ اللّٰهُ خَيْرٌ مِّمَّا آتَاكُمْ بَلْ أَنْتُمْ بِهَدِيَّتِكُمْ تَفْرَحُونَ۔ جس روز یہ صدا بالکل بند ہو جائے گی، اور ساری دنیا نیلام کی منڈی بن جائے گی، جہاں جوہرِ ادراک، شعلۂ ایمان اور متاعِ علم سب کسی نہ کسی دام پر ملنے لگیں گے، اور انسان جمادات اور حیوانات کی طرح ارزاں اور گراں بکنے لگیں گے، اس دن یہ دنیا رہنے کے قابل نہ رہے گی، اور انسانیت اپنی آب و تاب کھو دے گی، اب اس کی ذمہ داری کہ انسانیت کی خودداری اور پیغمبروں کی سرداری کی شان قائم رہے، تنہا آپ کے سر ہے، اس کی توقع ان

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



درسگاہوں سے نہیں کی جا سکتی، جنہوں نے معدہ اور پیٹ کے نصب العین سے بلند ہونے کا دعویٰ خود بھی نہیں کیا، اس کی توقع تو آپ ہی سے ہو سکتی ہے، جن کے اسلاف میں امام ابو حنیفہؒ اور امام احمدؒ جیسے غیور اور خود شناس امام گزرے ہیں جن کو حکومتِ عباسیہ کسی قیمت پر خرید نہ سکی، امام غزالی جیسے عالی ہمّت جنہوں نے حریم خلافت کے اشارہ کے باوجود نظامیہ بغداد کی صدر مدرسی جو خلافت کے بعد سب سے بڑا دینی اعزاز تھا قبول نہیں کی، حضرت مجدد الف ثانیؒ جیسے صاحبِ عزیمت جنہوں نے جہانگیر کے سامنے جھکنے پر گوالیار کی اسیری کو ترجیح دی، آپ کے اسلاف میں حضرت مرزا مظہر جان جاناں بھی ہیں، جن کو بادشاہ دہلی نے پیغام بھیجا کہ اللہ نے اتنی بڑی سلطنت مجھے عطا کی ہے، آپ اس میں سے کچھ قبول فرمالیں، فرمایا اللہ تعالیٰ تو ہفت اقلیم کو متاع الدنیا قلیل، فرماتا ہے پھر ایک اقلیم میں سے ایک ولایت آپ کے حصّے میں آئی ہے، وہ کتنی ہے کہ فقیر اس کی طرف طمع کا ہاتھ بڑھائے، نواب آصف جاہ نے ایک بار بیس ہزار روپیہ نذر کیا، آپ نے قبول نہیں فرمایا، نواب نے کہا کہ محتاجوں کو بانٹ دیجئے، فرمایا کہ مجھ کو اس کا سلیقہ نہیں، یہاں سے نکل کر بانٹتے چلے جائیے، گھر تک پہنچتے پہنچتے تقسیم ہو جائیگا، نہ ہو تو وہاں ہو جائے گا، آپ کے اسلاف میں سے حضرت شاہ غلام علی صاحب دہلوی بھی تھے، نواب میر خاں والیِ ریاست ٹونک نے ان کی خانقاہ کے سالانہ مصارف کے لئے کچھ مقرر کرنا چاہا تو اُن کو لکھ دیا گیا، کہ ؎

ما آبروئے فقر و قناعت نمی بریم
با میر خاں بگوئے کہ روزی مقدر است

آپ کے اسلاف میں مولانا عبدالرحیم رامپوری جیسے مدرس گذرے ہیں، جنہوں نے ریاست

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کے دس روپیہ ماہوار کو بریلی کالج کی ڈھائی سو روپیہ کی اسامی پر اور لوجہ اللہ پڑھانے کو ایک معزز پروفیسری پر یہ کہہ کر ترجیح دی کہ اگر خدا نے قیامت کے دن پوچھا تو میں کیا جواب دوں گا، آپ کے اسلافِ کرام میں دارالعلوم دیوبند کے بانی مولانا محمد قاسم صاحب نانوتویؒ کی ذات گرامی ہے، جنہوں نے علی گڑھ کے ایک دیندار رئیس کی تنخواہ میں جو غالباً دس روپیہ ماہوار سے زیادہ نہ تھی، دو روپیہ ماہوار یہ کہہ کر کمی کرادی، کہ میں دو روپیہ اپنی والدہ صاحبہ کو دیا کرتا تھا ان کے انتقال کے بعد یہ روپیہ فاضل ہے اور میں قیامت کے دن اس کے حساب سے بچنا چاہتا ہوں، آپ کے اسلاف قریب میں وہ ایثار پیشہ مدرسین ہیں جنہوں نے اپنے مدارس کی چھوٹی چھوٹی تنخواہوں اور اپنے اساتذہ اور شیوخ کے قرب پر بڑی بڑی درسگاہوں کی بڑی بڑی پیشکشوں کو قربان کر دیا اور عسرت اور تنگی میں اپنی عمر بسر کر دی، آپ کو یقیناً یہ شعر پڑھنے کا حق ہے، کہ ؎

اولئك آبائی فجئنی بمثلهم

اذا جمعتنا یا جریر المجامع

**یہ راستہ معاشی حوصلہ مندیوں کا نہیں** دوستو! آپ اس سے یہ خیال نہ فرمائیں کہ مجھے زمانہ کی تبدیلی، ضروریات کی زیادتی، ہمتوں اور قویٰ کی کمزوری، حالات کے اختلاف کا کوئی احساس نہیں، اور میں آپ سے اس زمانہ میں مولانا عبدالرحیم اور مولانا محمد قاسم صاحب کے ایثار و زہد کا پورا مطالبہ کر رہا ہوں لیکن میں یہ ضرور کہوں گا کہ آپ کا راستہ بلاشبہ ایثار و قناعت، جدوجہد، جفاکشی، اور بلند ہمتی کا ہے آپ نے جو راستہ انتخاب کیا ہے، یا مرضیِ الٰہی نے آپ کے لئے پسند کیا ہے۔ وہ معاشی حوصلہ مندیوں اور دنیاوی سربلندیوں کا راستہ نہیں، اس راستے پر تو قد کنت فینا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



مَرجُوًّا قبل ھٰذا کا طعنہ سننا ہی پڑے گا، اس راستے پر تو ولا تمدّنّ عینیك الیٰ ما متعنا بہ ازواجا منھم زھرۃ الحیاۃ الدنیا لنفتنھم فیہ و رزق ربك خیر و ابقیٰ کا سبق پڑھنا ہی پڑے گا، لیکن اس کا انعام کیا ہے، وہ بھی سن لیجئے وجعلنا ھم ائمۃ یھدون بامرنا لما صبروا وکانوا بایاتنا یوقنون۔ مولانا روم نے اسی مقام کی خبر دی ہے، کہ

معدہ را بگزار سوئے دل خرام

تا کہ بے پردہ زحق آید سلام

**زمانہ کی بے بضاعتی و تشنہ لبی** آپ کو جو احساس کہتری تکلیف دے رہا ہے، اسکی کچھ تو وجہ یہ ہے کہ آپ اپنے مقام سے واقف نہیں، میں نے اس کو تفصیل سے عرض کر دیا ہے، دوسری وجہ یہ ہے کہ آپ اس دنیا سے واقف نہیں، آپ کو معلوم نہیں کہ زمانہ کس قدر بے بضاعت و تہی دامن اور کس قدر تشنہ لب ہے، آپ اس زمانہ کو مرعوب اور للچائی ہوئی نظر سے دیکھتے ہیں، اس لئے کہ آپ اس سے نا آشنا ہیں، آپ اس کو قریب سے دیکھیں گے تو معلوم ہوگا کہ یہ کس درجہ دیوالیہ ہے اور اسکو اپنے دیوالیہ پن کا شدّت سے احساس ہو رہا ہے، اس کے سب سکّے کھوٹے نکلے، اس کے سب تیر دغا دے گئے، اس کے سب چشمے سراب ثابت ہوئے، اس کے سب فلسفے اور نظام اس کے سب اِزم ناکام رہے، اس کے سب خواب بے تعبیر رہے۔ آپ کے پاس نبوّت محمدیؐ کے عطا کئے ہوئے جو حقائق ہیں، ان کو اپنی کم نظری سے پیش کرتے ہوئے آپ شرماتے ہیں کہ زمانہ سائنس اور سیاسیات اور اقتصادیات کی ترقی کا ہے لیکن دنیا کا حال یہ ہے کہ آج وہ انہیں کے لئے بیتاب اور چشم براہ ہے،

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



آج قومیں ان لوگوں کے انتظار میں ہیں جو ان کو زندگی کا نیا راستہ تبلائیں، اور محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا پیغام حیات سنائیں۔ ؎

ہمہ آہوان صحرا سر خود نہادہ برکف
بامید آں کہ روزے بشکار خواہی آمد

**اصل متاع علوم انبیاء** آپ جن باتوں کو معمولی سمجھتے ہیں اور جن کو آپ نے کوئی وقعت نہیں دی، میں نے بڑے بڑے فاضلوں کو ان پر سر دھنتے دیکھا ہے جب ان کے سامنے پیغمبروں کو تبلائی ہوئی باتیں کی گئیں، تو ایسا معلوم ہوا کہ جیسے کسی بلندی سے خطاب کیا جا رہا ہے اور ان کے کان اس سے ناآشنا تھے، آپ دنیا کے بازار میں اسی کا مال اور اسی کے مصنوعات لے جانا چاہتے ہیں، پھر اس کا کیا شکوہ کہ وہ بِضَاعَتُنَا رُدَّتْ اِلَیْنَا کہہ کر آپ کے سامنے ڈال دیتی ہے، دنیا آپ سے امیدوار ہے کہ آپ انبیاء علیہم السلام کی لائی ہوئی اطلاعات اور تبلائے ہوئے راستہ کو پیش کریں، دنیا آج بھی ان کے سامنے سر جھکانے کے لئے تیار ہے، اس کے دماغ اب بھی اس کے سامنے سرنگوں ہیں، جیسے چھٹی صدی مسیحی کے محدود ماحول میں سرنگوں تھے، یقیناً آپ کے پاس یونانیوں کے طبعیات وعنصریات وفلکیات پر جو چند اوراق ہیں، اُس کے مقابلے میں یورپ کے پاس سائنس اور تجربات ومشاہدات کی ایک دنیا ہے، یہ بھی واقعہ ہے کہ آپ آج یورپ کو یونان کی فلسفیانہ موشگافیوں اور عقلیات کی دقیقہ سنجیوں سے مرعوب نہیں کر سکتے، ان کی زندگی ختم ہو گئی ہے، اور وہ اپنی طاقت کھو چکے ہیں لیکن آپ کے پاس انبیاء علیہم السّلام کے لائے ہوئے جو علوم اور حقائق ہیں، یورپ وایشیا ان سے اب بھی محروم ہے، اس کے پاس آپ کے عقلی وفکری نتائج اور آپ کے علمی ذخیرے کا کچھ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



نہ کچھ جواب ہے، لیکن انبیاء علیہم السلام کے معجزات کا جواب نہیں، آپ اپنی اصل قوت اور حقیقی دولت لے جائیں اور پورے اعتماد و یقین کے ساتھ زندگی کے میدان میں آئیں، اس میدان میں آپ کا کوئی حریف نہیں، آپ کے پاس انسانیت کے لئے جو دعوت اور پیغام ہے، آپ کے پاس علم و حقیقت کا جو سرچشمہ ہے، آپ کو جس ذاتِ گرامی سے نسبتِ غلامی حاصل ہے اس کے بعد آپ میں سے ہر شخص کو یہ کہنے کا حق حاصل ہے، کہ

؎ عجب کیا گر مہ و پرویں مرے نخچیر ہو جائیں
که بر فتراکِ صاحب دولتے بستم سرِ خود را
وہ دانائے سُبل ختم الرُسل مولائے کُل جس نے
غبارِ راہ کو بخشا فروغِ وادیِ سینا

## علوم اسلامیہ کا زندگی سے ربط و تعلق اور اسکے لئے ہمارے اسلاف کی کوششیں

عزیزانِ گرامی قدر! میں نے عرض کیا تھا کہ آپ کے تعلق کا ایک سرا نبوتِ محمدیؐ سے ملتا ہے، اس سے آپ پر کیا ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں، میں نے ابھی تک اسی کی تفصیل بیان کی ہے، اسی کے ساتھ یہ عرض کیا گیا تھا کہ آپ کا دوسرا سرا زندگی سے ملتا ہے، اب میں عرض کروں گا کہ اس کی کیا ذمہ داریاں اور تیاریاں ہیں، اور آپ اس کے حقوق و فرائض سے کس طرح عہدہ برآ ہو سکتے ہیں :-

عزیزو اور دوستو! نبوت نے ہم کو جو علوم و حقائق اور جو اصول و ضوابط عطا کئے ہیں، ان میں ایک شوشہ اور ایک نقطہ کی ترمیم ممکن نہیں، آپ کے اسلاف کا یہ تجدیدی کارنامہ ہے کہ انھوں نے ان میں کوئی تحریف اور کوئی تبدیلی نہیں ہونے دی اور اس ذخیرے کو ہمارے ہاتھوں تک بے کم و کاست پہنچا دیا، لیکن اسی کے ساتھ اس حقیقت کو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



یاد رکھیے کہ ہمارے انھیں اسلاف نے ہر دَور اور ہر عصر میں اس ذخیرے کو زندگی میں منتقل کرنے کی کوشش بھی جاری رکھی، انہوں نے اپنی ذہانت اور محنت سے اس ذخیرے کو ایک زندہ قابلِ عمل اور نمو پذیر ذخیرہ ثابت کیا، انہوں نے اس کی ایسی ترجمانی اور تشریح کی کہ ان کی معاصر نسلوں کے دماغوں نے اس کو بآسانی قبول اور ہضم کرلیا، اور ان کو اپنے زمانہ اپنی عقلی سطح اور اس ذخیرے کے درمیان کوئی تفاوت اور فاصلہ محسوس نہیں ہوا، ان میں اصل شریعت، مقاصدِ دین، اور منصوبات کے بارے میں پہاڑوں کی سی استقامت، اور فولاد کی سی صلابت تھی، لیکن اس کی تعبیر و تشریح میں، اس کی توضیح و تفہیم میں شاخِ گل کی سی لچک اور ریشم کی سی نرمی تھی، ان کا عمل دراصل سیدنا علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کی اس حکیمانہ ہدایت پر تھا، کہ کلّموا النّاس علیٰ قدر عقولھم اتریدون ان یکذّب اللہ ورسولہٗ۔ اس لئے انہوں نے ہر زمانہ کی عقلی سطح کے مطابق دین کی تشریح و ترجمانی کا فرض انجام دیا، اور اس زمانہ کی نفسیات و ضروریات کا لحاظ کیا، تیسری صدی میں مامون و معتصم کی سرپرستی اور یونانی علوم کے اثرات سے معتزلہ دماغوں پر چھا گئے تھے، اور عقلیت کے واحد نمائندہ تصور کئے جانے لگے تھے، اعتزال زمانہ کا فیشن اور روشن خیالی کی علامت بنتا جارہا تھا، اس وقت امام ابوالحسن اشعری نے معتزلہ کی اس عقلی اجارہ داری کے خلاف علمِ بغاوت بلند کیا، اور شریعت و سنّت کی حمایت و نصرت اور عقائدِ اہل سنت کا اثبات اسی زبان، انھیں اصطلاحات اور اسی اسلوب میں کرنا شروع کیا، جس کے سہارے معتزلہ نے اپنا علمی تفوق اور ذہنی سیادت قائم کی تھی، اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ تھوڑی مدت میں معتزلہ کا یہ عقلی طلسم ٹوٹ گیا اور سنّت و شریعت کے حلقوں میں جو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



احساس کہنری تیزی سے پھیلتا جا رہا تھا وہ دفعتہً رک گیا، ابوبکر بن الصیرفی کا مقولہ ہے کہ "معتزلہ نے بہت سر اٹھایا تھا، اللہ تعالیٰ نے ان کے مقابلہ کے لئے شیخ ابوالحسن اشعری کو پیدا کیا۔ انہوں نے اپنی ذہانت و استدلال سے ان کو بند کر دیا۔" اسی کارنامہ کی بناء پر ابوبکر اسمٰعیلی جیسے مبصرین نے ان کو مجدد دین امت میں شمار کیا ہے۔

امام ابوالحسن اشعری کے بعد ان کے مکتبِ خیال کے علمائے ان کے کام کو جاری رکھا، اور قاضی ابوبکر باقلانی، شیخ ابواسحٰق اسفرائینی جیسے متکلم، اور علامہ ابواسحٰق شیرازی اور امام الحرمین جیسے مدرس و استاد پیدا ہوئے جنہوں نے اہل سنت کا علمی تفوق قائم رکھا لیکن اس عرصہ میں یونان کا علمی ذخیرہ عربی میں منتقل ہو چکا تھا اور باطنیوں اور فلاسفہ نے مل کر فلسفہ کو تقدیس و عصمت کا جامہ پہنا دیا تھا اور وہ عقلیت وحق کا معیار بن گیا تھا، ادھر علم کلام کے حق میں جس کو سب سے زیادہ زمانہ شناس اور بیدار مغز ہونا چاہیئے تھا جمود و تقلید سرایت کر گئی تھی، علماء کلام کو نہ صرف اس پر اصرار تھا کہ اشعری و ماتریدی عقائد کو تسلیم کیا جائے بلکہ اس پر بھی اصرار تھا کہ عقائد کو ثابت کرنے کے لئے بھی وہی مقدمات و دلائل اور وہی الفاظ و اصطلاحات استعمال کئے جائیں جو اشاعرہ و ماتریدیہ نے استعمال کئے ہیں۔ حالانکہ زمانہ نئے دلائل اور نئے طرز استدلال اور نئے اجتہاد کا طالب تھا۔ امام ابوالحسن اشعری کا دور فلسفہ کا دورِ طفولیت تھا اور عالم اسلام میں اس کا نیا نیا تعارف ہوا تھا، پانچویں صدی میں وہ اپنے شباب کو پہنچ چکا تھا اور زندگی میں اپنے پنجے گاڑ چکا تھا، اس وقت ایک نئی شخصیت، نئے اجتہاد، تازہ دماغ اور نئے علمِ کلام کی ضرورت تھی، اس کے لئے انتظام خداوندی نے امام غزالی کو تیار کیا، امام غزالی نے اپنی تصنیفات میں اصول و عقائد اسلامیہ پر نئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



انداز سے گفتگو کی اور ان کے ثبوت کے لئے ایسے مقدمات و دلائل قائم کئے جو اس زمانہ کے لحاظ سے زیادہ موثر اور اپنے اثر کے لحاظ سے زیادہ دلنشیں و دل پذیر تھے، ان کے استدلال اور طریق بحث نے دین کا نیا وقار اور اہل سنّت کا نیا اعتبار قائم کر دیا، اور ہزاروں بے چین اور مضطرب دماغوں کے لئے وہ سکون و ایمان کا باعث ہوئے اگرچہ علم کلام کے حلقہ نے اس وقت ان کی اس اہم دینی خدمت کی داد نہیں دی بلکہ علم کلام کی پرانی لکیر سے ہٹنے کی بنا پر ان پر اعتراضات کئے جن کا جواب امام صاحب نے فیصل التفرقۃ بین الاسلام والزندقۃ میں دیا ہے، لیکن بالآخر عالم اسلام نے ان کے اس مجددانہ کارنامہ کا اعتراف کیا، امام صاحب نے فلسفہ کا جواب دینے کے لئے اس کی ضرورت سمجھی کہ وہ فلسفہ کے اصل ماخذوں کا براہ راست مطالعہ کریں اور اس پر علمی تنقید کرنے کا استحقاق پیدا کر سکیں، چنانچہ انہوں نے دو سال لگ کر (جیسا کہ المنقذ من الضلال میں وہ لکھتے ہیں) فلاسفہ کے علوم کا گہرا مطالعہ کیا، اور باطنیہ کے عقائد و خیالات سے واقفیت پیدا کی، پھر انہوں نے اوّل مقاصد الفلاسفہ۔ پھر تہافۃ الفلاسفۃ لکھی، تہافۃ الفلاسفۃ میں انہوں نے نیا کام یہ کیا کہ ابھی تک متکلمین اسلام کی طرف سے مدافعت و جوابدہی کیا کرتے تھے جو ہمیشہ سے ایک کمزور طریقہ ہے۔ امام غزالیؒ نے پہلی بار فلسفہ کے شیش محل پر سنگ باری کی، ان کے اس حملہ کا اثر یہ تھا کہ بقول مغربی مؤرخین فلسفہ سو برس تک فلسفہ کی عمارت ان کے حملہ سے متزلزل رہی اور تقریباً نوّے ۹۰ سال کے بعد فلسفہ کے حلقہ نے ابن رشد کی کتاب تہافت التہافت کی صورت میں امام غزالی کی کتاب کا جواب پیش کیا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



امام غزالی کے بعد اس کی ضرورت تھی کہ فلسفہ کی بنیادوں پر منظم حملہ ہو۔ اور نفسِ فلسفہ کو اعتراضات کے تیروں سے چھلنی کر دیا جائے۔ اور ثابت کیا جائے کہ فلسفہ کا سارا نظام قیاس آرائی اور بادپیمائی سے زیادہ نہیں، اس کے لئے فلسفہ سے بڑی گہری اور وسیع واقفیت، ایک بڑے نقاد دماغ اور ایک بڑے جری اور طاقتور قلم کی ضرورت تھی، اس کام کے لئے شیخ الاسلام حافظ ابن تیمیہ بڑھے، جو ہر طرح اس کے لئے موزوں تھے، انہوں نے اپنے مختلف رسائل بالخصوص اپنی تصنیف الرد علی المنطقیین میں فلسفہ اور اس کے پورے نظام فکر کو بے اعتبار ثابت کر دیا۔ ان کی مجتہدانہ کتابیں اب بھی ذہن کو نئی غذا، قلوب کو نیا اعتماد اور فکر کو تازگی اور نشاط بخشتی ہیں۔

ادھر فلسفہ اور علم کلام دونوں نے مل کر جو ایک عقلی ظاہریت اور سطحی تفلسف پیدا کر دیا تھا اور عالم اسلام میں اس کے اثر سے یہ غلط خیال پیدا ہو گیا تھا کہ صداقت و یقین حاصل کرنے کا راستہ صرف استدلال و فکر ہے، اس کے خلاف مولانا جلال الدین رومیؒ نے قلمی جہاد کیا، ان کی زندہ جاوید مثنوی درحقیقت ساتویں صدی کے عقلی بحران کے خلاف قلب و روح کی ایک دلکش صدائے احتجاج ہے، اور نہ صرف علم کلام کی ایک مجتہدانہ تصنیف ہے بلکہ نئے علم کلام اور نئے استدلال کی بنیاد ہے۔ انہوں نے عقائد و حقائقِ اسلامیہ کے ثبوت کے لئے نئے نئے دلائل اور نئی نئی مثالیں دی ہیں۔ جو بیک وقت قلب و دماغ دونوں کو متاثر کرتی ہیں اور دونوں کی سلوٹوں کو دور کرتی ہوئی دلنشیں و جاگزیں ہوتی چلی جاتی ہیں، اس کتاب کی تاثیر ابھی تک باقی ہے اور فلسفہ زدہ حلقوں میں اب بھی اس کے تیر بے خطا ہیں۔

مولانا رومؒ اور حافظ ابن تیمیہؒ کے بعد فلسفہ نے نئی کروٹ لی، اب وہ تصوف و

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اخلاق کی سرحدوں میں بھی گھس آیا اور سیاست و انتظام میں بھی دخل دینے لگا، اب اس کی تردید کے لئے تنہا الٰہیات کے مباحث اور علم کلام کی کاوش کافی نہ تھی، اب فلسفہ کے ہمہ گیر اثرات کا مقابلہ وہ کرسکتا تھا جو یونانی الٰہیات کے ساتھ یونانیوں کے علم الاخلاق، مصر کی افلاطونیت جدیدہ اور اشراق، ہندوستان کے جوگ اور قرون وسطیٰ کے سیاسی تخیلات پر بھی ناقدانہ نظر رکھتا ہو، اور فلسفہ و تصوف، علم الاخلاق اور علم السیاست اور اسلام کے معاشی اصول اور نظام مالیات پر بھی اس کا مطالعہ وسیع اور نظر عمیق ہو، اس موقع پر شاہ ولی اللہ کی شخصیت نمودار ہوتی ہے، جنہوں نے حجۃ اللہ البالغہ اور ازالۃ الخفاء لکھ کر اسلام کی عظمت اور صداقت کا نقش قائم کر دیا، اور علمی حلقوں میں اسلام کی نئی علمی ساکھ، علوم اسلامیہ کی زندگی کا ثبوت اور طبقہ علماء کا وقار قائم کر دیا۔

۱۸۵۷ء میں انگریزی حکومت کے تسلط سے نئے نئے فتنوں نے سر اٹھایا، عیسائی مبلغین نے اسلام پر علانیہ حملے شروع کر دیئے اور علماء اسلام کو دعوت مقابلہ دی، پادریوں کا جواب دینے کے لئے اناجیل ان کی تفاسیر اور ان کی تاریخ تدوین اور مسیحیت و اسلام کے مابہ النزاع مسائل و مباحث کی براہ راست مطالعہ کی ضرورت تھی، اس موقع پر طبقہ علماء ہی کے ایک فرد مولانا رحمت اللہ صاحب کیرانوی میدان میں آئے اور انہوں نے اظہار الحق اور ازالۃ الاوہام جیسی کتابیں لکھ کر مسیحیت کی اشاعت میں ایک سنگ گراں رکھ دیا، یہ کتابیں ہندوستان سے لے کر مصر و ترکی تک اپنے موضوع پر بے نظیر سمجھی جاتی ہیں۔ اور ابھی تک لاجواب ہیں۔

دوسری طرف آریوں نے جن کو حکومت وقت کی شہ مل گئی تھی اسلامی عقائد و

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



الٰہیات پر نیا حملہ شروع کر دیا اور عالم حدوث و قِدَم، ذات و صفات، کلام الٰہی، حیات بعد الموت اور تناسخ، قبلہ اور حیات نبویؐ پر عقلی اعتراضات کرنے شروع کئے۔ ان کے جواب میں نہ تو قدیم کلامی دلائل پورے طور پر کارگر تھے، نہ قدیم مقدمات اور قدیم اسلوب موثر تھا، حضرت مولانا محمد قاسم نانوتویؒ نے ان کے جواب کے لئے ایک نیا علم کلام تیار کر دیا۔ انہوں نے روزمرہ کی ہلکی پھلکی زبان میں چھوٹی چھوٹی مثالوں اور عام فہم دلیلوں میں بڑے بڑے علمی مسائل سمجھائے اور بڑے بڑے مباحث کا فیصلہ کیا۔ تقریر دلپذیر حجۃ الاسلام، آب حیات اور قبلہ نما انکی ذہانت و سلامتِ فہم اور دقیقہ شناسی کا بہترین نمونہ ہیں۔ دوسری طرف انیسویں صدی کے آخر اور بیسویں صدی کے شروع میں پنجاب میں ایک فتنہ کھڑا ہوا۔ یہ نبوتِ محمدیؐ کے خلاف ایک سوچی سمجھی بغاوت تھی اور اسلام کے پورے اعتقادی اور علمی و فکری نظام کو ڈائنامیٹ کرنے اور خدانخواستہ اس کے ملبہ پر ایک نئی نبوت اور امامت کے قصر کی تعمیر کی کوشش تھی، اس کے مقابلہ میں چند مخلص اور بالغ نظر علماء میدان میں آئے، جن میں مولانا سید محمد علی مونگیریؒ بانی ندوۃ العلماء اور مولانا سید انور شاہؒ کا نام اور کام سب سے زیادہ روشن ہے۔

**زندگی کی رفاقت اور زمانہ کے تقاضوں کی تکمیل** یہ ساری تفصیل اس لئے سنائی گئی کہ آپ اندازہ کر سکیں کہ علماء اسلام کی ذہانت اور جذبۂ خدمت نے کبھی منزل پر قیام اور لکیر کا فقیر بننا گوارا نہیں کیا، انہوں نے علم کے چلتے پھرتے قافلہ کا ساتھ دیا۔ ان کا ہاتھ زمانہ کی نبض سے کبھی جدا نہیں ہوا، ان کی نگاہ زندگی کے بدلتے ہوئے تیوروں سے کبھی ہٹی نہیں، انہوں نے اسلام کی خدمت کے لئے جس زمانہ میں جس چیز، جس طرز اور جس اسلوب کی ضرورت سمجھی، بلا تکلف اختیار کر لیا، انہوں نے اسلام سے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



وفاداری اور دین کی خدمت گزاری کا عہد کیا تھا انہوں نے کسی مدرسۂ فکر، کسی مکتبِ خیال اور کسی اندازِ فکر سے وابستگی کی قسم نہیں کھائی تھی، ہندوستان و مصر میں جب اسلام پر تمدن و تہذیب اور تاریخ و ادب کی راہ سے حملے شروع ہوئے اور مغربی مصنفین اور مستشرقین نے اسلام کی مستند شخصیتوں اور اس کے معیاری عہد پر اعتراضات کیے، اور اسلام کے خد و خال کو بگاڑ کر بدنما شکل میں پیش کیا، تو طبقۂ علماء ہی میں سے ایسے اہلِ قلم اور ادیب و مصنّف آگے بڑھے جنہوں نے ان مضامین پر ایسی کتابیں لکھیں جو نہ صرف اسلامیات بلکہ اردو ادب میں بھی یادگار ہیں اور جنہوں نے جدید تعلیمیافتہ اصحاب میں سے ہزاروں کو نیا اطمینان اور دماغی سکون عطا کیا، اور نہ صرف ان کا تذبذب دور ہوا بلکہ اسلام سے شیفتگی پیدا ہو گئی۔ مولانا شبلی کی الفاروق، الجزیہ فی الاسلام کتب خانۂ اسکندریہ اس سلسلہ کی کامیاب تصنیفات ہیں۔

**نصابِ تعلیم کے تغیرات** خود آپ کا نصابِ تعلیم اس حقیقت کا گواہ ہے کہ علماءِ اسلام نے کسی ضرورت کے تسلیم کرنے اور کسی مفید و ناگزیر چیز کو قبول کرنے میں کبھی پس و پیش نہیں کیا، یہ نصاب عہد بہ عہد تبدیلیوں اور مختلف علمی و عقلی رجحانات کا نمائندہ ہے، اس میں ہر دور میں اضافہ و ترمیم ہوتی رہی ہے، صرف یہ سو برس کا زمانہ ایسا ہے جس میں اس نصاب میں کم سے کم تبدیلی ہوئی ہے حالانکہ یہی زمانہ اپنی سیاسی و ذہنی تبدیلیوں کی بنا پر جائز اور ضروری تبدیلیوں کا سب سے زیادہ مستحق و متقاضی تھا۔

**دین کی نمائندگی کے لئے متنوّع صلاحیتوں کی ضرورت** عزیزو! اس عہدِ انقلاب میں دین کی نمائندگی، تعلیماتِ اسلام کی ترجمانی اور نہ صرف ان کی تشریح و تفہیم بلکہ ان کی بلندی و برتری کا نقش قائم کرنے کے لئے بڑی وسیع تیاریوں اور بڑی متنوع صلاحیتوں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کی ضرورت ہے۔ آپ اسلام کے سپاہی ہیں اور زندگی کے معرکہ کے لئے تیار ہو رہے ہیں، کسی فوجی تربیت گاہ اور وہاں کی تیار ہونے والی فوج کے لئے سب سے زیادہ ناموزوں سب سے زیادہ خطرناک بحث، قدیم وجدید اسلحہ اور طریق جنگ کی بحث ہے، سپاہی کے لئے نہ کوئی ہتھیار قدیم ہے نہ جدید، اس کو تو یہ دیکھنا ہے کہ میدان جنگ کے لئے کون سا ہتھیار کارگر ہے اور کون سا طریق جنگ موزوں، تیار ہونے والے سپاہی کے لئے تعصب کی کوئی گنجائش نہیں، اس کا نہ کسی خاص اسلحہ سے رشتہ ہے نہ کسی خاص فن جنگ سے، اس کو تو تمام ضروری اسلحہ سے مسلح ہونا چاہیئے۔ عرب شاعر نے بہت پہلے کہا تھا:۔

کُلّ امرئٍ یسعی الی یوم الھیاج بما استعدّا

**نئی تحریکوں سے گہری اور ناقدانہ واقفیت کی ضرورت** آپ کو نئے فتنوں سے واقف ہونا چاہیئے، مگر سطحی واقفیت عدم واقفیت سے زیادہ مضر ہے، آج ہمارے مدارس میں فیشن کے طور پر بعض تحریکوں اور نظاموں کے نام لئے جاتے ہیں، لیکن ان کے متعلق بہت کم معلومات ہیں، ناقدانہ نظر اور محققانہ مطالعہ تو بڑی چیز ہے، ان کی اجمالی حقیقت سے بھی واقفیت نہیں، ضرورت ہے کہ ماہرین فن اور اہل نقد و نظر کی نگرانی اور رہنمائی میں ان کا مطالعہ کیا جائے اور اسلام کے نظام کی برتری ثابت کی جائے، یہ کام مشکل ہے لیکن ضروری ہے، اگر یہ مدارس کے اہتمام میں منظم طریقہ پر نہ ہوا تو وہ غیر منظم طریقہ پر ہوگا۔

**نئے مطالعہ کی مشکلات و ذمہ داریاں** ہمارے مدارس میں نئے مطالعہ کا رجحان بھی بڑھ رہا ہے مگر مجھے اس کا اظہار کرتے ہوئے افسوس ہوتا ہے کہ اس میں کوئی سنجیدگی اور گہرائی نہیں، میں عصری مطالعہ کا بڑا داعی ہوں مگر بے تکلف کہتا ہوں کہ وہ اس قدر آسان

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اور سرسری کام نہیں، جتنا سمجھ لیا گیا ہے۔ اس کے لئے کتابوں کے صحیح انتخاب وترتیب پر پوری رہنمائی اور کسی اچھے مشیر کی رفاقت کی ضرورت ہے، پھر اس سے پہلے اس کی ضرورت ہے کہ وہ ذہن تیار ہو جائے جو اس مطالعہ سے فائدہ اٹھا سکے، معلومات میں صحیح ترتیب ونظام قائم کرسکے اور ان کو صحیح طور پر استعمال کرسکے، اگر یہ ذہن صحیح تعلیم وتربیت اور اساتذہ کی صحبت سے تیار ہو گیا تو وہ ہر طرح کی پڑھی چیزوں سے کام لے گا اور معلومات کے موادِ خام سے کارآمد مصنوعات اور عظیم نتائج پیدا کرے گا، اور ادب، تاریخ، معلومات عامہ، یہاں تک کہ بہت سی غیر متعلق چیزوں سے دین کی نصرت اور خدمت کا ایسا موثر اور حیرت انگیز کام لے گا جو بعض اوقات خالص دینی چیزوں سے نہیں لیا جا سکتا' اس وقت من بین فرث ودم لبنًا خالصًا سائغًا للشاربین کی حقیقت کا ظہور ہوگا، اگر ایسا نہیں ہے، دین کی بنیادیں قلب ودماغ میں مستحکم نہیں ہوئی ہیں۔ ذہن کج اور ذوق فاسد ہے تو۔ ع

ہر چہ گیرد علتی علت شود

کا مصداق ہوگا۔

**ملک کی زبان وادب سے ربط وتعلق** اس موقع پر میں دو اور حقیقتوں کی طرف آپ کو متوجہ کرنا چاہتا ہوں۔

ایک حقیقت تو یہ ہے کہ کسی ملک میں دین کی خدمت واشاعت اور وہاں کی زندگی پر اثر انداز ہونے کے لئے ضروری ہے کہ دین کی خدمت کرنے والوں کو اس ملک کی زبان وادب کا صاف ستھرا ذوق ہو، اور وہ مذاقِ سلیم اور معیارِ صحیح کے مطابق اس میں اظہارِ خیال کرنے کی قدرت، جیتی جاگتی زبان اور شگفتہ اندازِ بیان میں تصنیف و

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



تقریر کی قابلیت رکھتے ہوں۔ دین کی دعوت اس وقت بہت موثر ہو جاتی ہے جب اس میں دل آویزی اور دلپذیری بھی ہو، اور یہ ایک ایسی نفسیاتی حقیقت اور امر واقعہ ہے کہ انبیاء علیہم السلام تک کو اپنی قوم کو خطاب کرنے اور ان کے دل و دماغ میں نفوذ کرنے کے لئے بہترین زبان دی گئی، قرآن مجید میں کہا گیا، انا انزلناہ قرآنا عربیًا لعلکم تعقلون کہیں فرمایا گیا بلسان عربی مبین کہیں ارشاد ہوا، وما ارسلنا من رسول الا بلسان قومہ اہلِ فکر سمجھتے ہیں کہ لسان القوم سے مراد صرف اتنا ہی نہیں کہ وہ ان کی سمجھ سکتا اور ان کو سمجھا سکتا ہو، بلکہ اپنے زمانہ کے اعلیٰ سے اعلیٰ لسانی اور ادبی معیار پر پورا اترتا، بلکہ سب سے فائق ہو، اس کی تصدیق اس سے ہوتی ہے کہ اس کے بعد ہی فرمایا لِتُبَيِّنَ لھم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا انا افصح العرب۔

آپ جانتے ہیں کہ جن لوگوں نے اسلام کی تاریخِ اصلاح و تجدید میں کوئی بڑا کارنامہ انجام دیا اور مسلمانوں کے خیالات و رجحانات پر گہرا اثر ڈالا، وہ عموماً زبان و قلم کی طاقت رکھتے تھے اور ان کی تصنیفات یا تقریروں میں صحیح ادبیت اور بلاغت ہے، حضرت شیخ جیلانی کے مواعظ آج بھی زورِ بیان اور خطابت کا نمونہ ہیں، امام ربانی کے مکتوبات اپنی ادبیت، زور اور طلاقت، سلاست اور بے تکلفی میں ابوالفضل اور فیضی کی انشاء پردازی سے کہیں بڑھے ہوئے ہیں، شاہ ولی اللہ صاحبؒ کی حجۃ اللہ البالغہ عربی انشاء اور علمی زبان کا ایسا نمونہ ہے کہ مقدمہ ابن خلدونؒ کے بعد سے ان صدیوں میں اس سے بہتر نمونہ نظر نہیں آتا۔ شاہ صاحب کی فارسی میں بھی خاص حلاوت اور سلاست ہے، ازالۃ الخفا کے بعض ٹکڑے ادبی شہ پارے ہیں، یہ اس وقت کی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



باتیں ہیں جب عربی اور فارسی اس ملک میں مسلمانوں کی تصنیفی اور علمی زبان تھی اردو کے رواج کے بعد خود شاہ صاحب کے فرزندوں نے اردو میں تصنیف و تالیف کا کام شروع کیا، شاہ عبدالقادر صاحب کا ترجمہ دہلی کی ٹکسالی زبان کا بہترین نمونہ ہے اور اپنی ادبی خوبیوں اور استناد کی بنا پر اردو کے کلاسیکل ادب میں خاص درجہ رکھتا ہے، مولانا محمد قاسم صاحب کی اردو تصنیفات میں ایسی سلاست، سادگی اور برجستگی پائی جاتی ہے کہ دقیق علمی مضامین اردو ذوق پر بار نہیں ہونے پاتے، اس ملک میں عرصہ دراز تک زبان و ادب کی قیادت طبقۂ علماء کے ہاتھ میں رہی اور وہی اس ملک کی ادبی رہنمائی کرتے رہے۔ خواجہ الطاف حسین حالی، مولوی نذیر احمد دہلوی اور مولانا شبلی نعمانی اردو دب کے معماروں میں شمار کئے جانے چاہئیں، علماء نے اپنی لطافتِ ذوق، سلامتِ طبع سخن فہمی اور انشاء پردازی کے ایسے نمونے چھوڑے ہیں جو اردو کا قیمتی سرمایہ ہیں۔ مولانا حبیب الرحمان خاں شروانی رحمۃ اللہ علیہ کے مضامین اور مولانا سید عبدالحئی ناظم ندوۃ العلماء کا تذکرہ گل رعنا اور تاریخ یاد ایام اردو نثر کا ایسا نمونہ ہے جس میں تاریخی ثقاہت و متانت اور ادبی بانکپن اور رنگینی پہلو بہ پہلو ہیں، اور یادش بخیر مولانا سید سلیمان ندوی رحمۃ اللہ علیہ نے تو اردو کو اپنی علمی تحقیقات اور ادبی مضامین سے گرانبار کر دیا۔ ان کی کتابیں اب بھی اور بہت دنوں تک نقدِ کامل عیار اور ادب وانشار کا معیار سمجھی جائیں گی۔ اسی طرح مولانا ابوالکلام آزاد کی تحریروں نے اردو کو ایک نئی طاقت اور نیا اسلوب بخشا، الہلال کے سحرِ حلال نے ایک وقت میں سارے ہندوستان کو مسحور کر لیا تھا۔ اب بھی ان کا ایک ایسا ادبی مقام ہے جو انھیں کے ساتھ مخصوص ہے، علماء کی اس بیدار مغزی اور زمانہ شناسی کا نتیجہ یہ ہوا کہ علماء پر اس ملک کی تعمیر و ترقی سے علیحدگی اور اس کے رجحانات

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



وجذبات سے بے خبری کا الزام نہیں لگایا جا سکا، انہوں نے اس ملک میں کبھی جزیرہ بننے کی کوشش نہیں کی، بعض دوسرے اسلامی ملکوں کی طرح وہ زمانے کے کارواں سے بچھڑے نہیں، انہوں نے اپنی دعوت اور دینی مقاصد کے لئے وہی زبان استعمال کی جو اس ملک میں رائج تھی اور جو ادبی حلقوں میں اثر رکھتی تھی، ہمیں ان روایات کو قائم رکھنا چاہیئے، اور اس مقدس ترکہ کی حفاظت کرنی چاہیئے، ہم اگر اب بھی دین کی مؤثر خدمت انجام دینا چاہتے ہیں اور اپنے عقائد وخیالات کو عوام وخواص تک پہنچانا چاہتے ہیں تو ہمیں اپنی تصنیف وتقریر کے لئے شگفتہ وسلیس زبان اور نیا اسلوب اختیار کرنا پڑے گا، اور اپنی تصنیفات ومضامین اور تقریروں کو اس ادبی معیار پر لانا ہوگا جو اس زمانہ میں قائم ہوگیا ہے۔ یہ نہ ثقاہت کے خلاف ہے نہ اسلاف کی روایات کے بلکہ حکمتِ دین کے عین مطابق ہے۔

**عربی زبان پر قدرت** | دوسری چیز یہ ہے کہ عربی زبان اس وقت ایک زندہ اور طاقتور زبان ہے، عرب ملکوں میں وہ اپنے پورے عروج اور شباب پر ہے، وہ تصنیف وتالیف، خطابت وتقریر، سیاست وصحافت، علم وفلسفہ اور دستور وقانون کی زبان ہے، وہ پورے طور پر نکھر گئی ہے، ہمارے عربی مدارس میں ایک غلط فہمی یہ پھیلی ہوئی ہے کہ قدیم عربی زبان تفسیر وحدیث وفقہ میں محدود ہے اور وہ کہیں پائی نہیں جاتی، عربی کے نام سے بالکل ایک جدید زبان ایجاد ہوگئی ہے، جس میں زیادہ تر انگریزی وفرانسیسی کے معرّب یا دخیل الفاظ ہیں، اس غلط فہمی نے ہمارے بہت سے علماء اور نوجوانوں کو عربی سے متوحش اور مایوس بنا دیا ہے، آپ اگر مجھ پر اعتماد کرسکیں تو میں پورے وثوق کے ساتھ عرض کروں گا کہ جدید عربی کا کہیں وجود نہیں، اس وقت جو زبان اہل علم اور

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اہلِ قلم، شرق اوسط میں استعمال کرتے ہیں، وہ قرآن وحدیث اور جاہلیت واسلام کی زبان سے زیادہ سے زیادہ قریب ہے، نئی ضرورتوں کے لئے بھی انہوں نے عربی کے قدیم ذخیرہ اور قرآن وحدیث سے الفاظ نکال لئے ہیں۔ اس سلسلے میں انہوں نے جو کام انجام دیا ہے، وہ حیرت انگیز بھی ہے، اور قابلِ داد بھی، مصر پر نپولین کے حملہ کے بعد سے جو مغربی الفاظ عربی زبان میں داخل ہوگئے تھے وہ ایک ایک کر کے بے دخل کئے گئے اور ان کی جگہ پر خالص عربی الفاظ رکھے گئے اس وقت ان ملکوں کا لسانی اور ادبی معیار اتنا بلند ہوگیا ہے، اور صحافت واشاعت نے عربی کے خزانۂ عامرہ کے نوادر کو ایسا وقفِ عام کر دیا ہے کہ اب عربی میں کام کرنے کے لئے بڑی تیاری اور جد وجہد کی ضرورت ہے، ہمارے مدارس میں جس انداز پر عربی زبان وادب کی تعلیم ہو رہی ہے، اس کے ساتھ ان ملکوں میں کوئی علمی خدمت یا دعوتی کام ناممکن ہے، اگر آپ کو عربی دنیا میں دین کی دعوت وتبلیغ کا کام انجام دینا ہے یا ہندوستان کی دینی وعلمی تحریکات کا تعارف کرانا ہے تو اس کے لئے بڑے پیمانے پر تیاری کی ضرورت ہوگی۔ اب ہندوستان ان ملکوں سے الگ نہیں رہ سکتا، دنیا کی سیاست میں شرقِ اوسط کو خاص اہمیت حاصل ہے اور یہ اہمیت بڑھتی جائے گی۔ ہر ایک مسلمان کے نقطۂ نظر سے وہ اب بھی عالم کا قلب اور مرکز اعصاب ہے، اگر شرقِ اوسط سے ربط قائم کرنے اور دین اور مسلمانوں کی صحیح نمائندگی کرنے کے کام سے علماء نے گریز کیا تو یہ نہ ان کے حق میں اچھا ہوگا نہ اس ملک کے حق میں اس لئے اس پہلو کی طرف بھی ہمارے مدارس میں خصوصی توجہ کی ضرورت ہے، زبان وادب زندہ اور متحرک چیزیں ہیں، کچھ مدت کے لئے بھی اگر کوئی ادارہ یا فرد ان سے بچھڑ جائے تو اس کو اس کا نقصان مدتوں برداشت کرنا پڑے گا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



**عقائد صحیحہ کی حفاظت** دوستو اور بھائیو! میں نے آپ کا بہت وقت لیا، لیکن
"لذیذ بود حکایت دراز تر گفتم"

اب آپ سے رخصت ہونے سے پہلے میں ایک آخری چیز کہنا چاہتا ہوں جو اگرچہ آخر میں کہی جا رہی ہے، مگر وہ اہمیت میں کسی سے کم نہیں، آپ کے ہمارے اسلاف کا سب سے بڑا کارنامہ یہ ہے کہ انہوں نے مسلمانوں کی دینی حس اور مذہبی غیرت کی حفاظت کی اور وقت کے کسی فتنہ کے سامنے سپر نہیں ڈالی۔ انہوں نے بدعات و رسوم اور شعائر جاہلیت کے معاملہ میں کبھی مداہنت و تساہل سے کام نہیں لیا۔ آپ کے اسلاف میں حضرت مولانا شاہ محمد اسمٰعیل شہیدؒ اور مولانا رشید احمد صاحب گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ جیسے جبلِ استقامت اور نقیب شریعت گزرے ہیں، جنہوں نے سب کچھ گوارا کیا، مگر کسی خلافِ شریعت فعل اور کسی بدعت کے ساتھ رعایت نہیں برتی، انگریزی حکومت کے تسلط کے بعد جب اس ملک پر مغربی تہذیب وعادات اور ملحدانہ عقائد و خیالات کا سیلاب آیا تو آپ چٹان کی طرح اپنی جگہ قائم رہے، آپ کے اسلاف شریعت کے بارہ میں اتنے ذکی الحس، اتنے دور بین اور اتنے غیور واقع ہوئے تھے کہ انہوں نے آخر وقت تک بدعات کو سندِ جواز نہیں دی، جو مسلمانوں کی زندگی کا جزو بنتی جاتی تھیں، انہوں نے محتسب اور شریعت کے بے لاگ منتظم کے فرائض انجام دیئے اور ان کی نگاہ اقتساب سے کوئی انحراف اور کوئی بدعت بچ کر نکل نہیں سکی، انہوں نے عوام کا عتاب، لوگوں کی ملامت، تکفیر کے فتوے، مقاطعہ اور ایذا رسانی سب کچھ گوارا کیا مگر اپنے مسلک کو نہیں چھوڑا، اس کا نتیجہ یہ ہے کہ آج لاکھوں کی تعداد میں ایک طبقہ جو زیادہ سنجیدہ، باوقار اور صاحبِ فکر ہے ان بدعات سے محفوظ ہے، اور یہ بدعات ابھی تک مسلمانوں کی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



زندگی میں مستند اور مسلّم نہیں ہو سکیں اللہ تعالیٰ ان خادمینِ شریعت اور ان محافظینِ دین کی تربتیں ٹھنڈی رکھے اور ان کو امت کی طرف سے جزائے خیر عطا فرمائے ؎

آسماں ان کی لحد پر شبنم افشانی کرے
سبزۂ نورستہ اس گھر کی نگہبانی کرے

آج ہمیں ان کی بصیرت، ان کی فراست، ان کے دینی تفقہ اور ان کے رسوخ فی العلم کی قدر آتی ہے کہ انہوں نے اپنا فرض کس خوبی سے انجام دیا من المومنین رجال صدقوا ما عاھدوا اللہ علیہ فمنھم من قضیٰ نحبہ ومنھم من ینتظر وما بدلوا تبدیلا۔

مجھے پہلے تو آپ سے یہ کہنا ہے کہ یہ آپ کا بڑا عزیز اور محبوب سرمایہ ہے انہوں نے اپنی جانوں کو حصار بنا کر اس باغ کی حفاظت کی ہے۔ انہوں نے اپنے خون سے اس کے درختوں کو سینچا ہے، اور ہمیں تبلا دیا کہ شریعت کے باغ کی رکھوالی اس طرح کی جاتی ہے ؎

آغشتہ ایم ہر سر خارے بخون دل
قانونِ باغبانئ صحرا نوشتہ ایم

ہمیں اس سرمایہ کو سینہ سے لگا کر رکھنا چاہیئے۔ اور اپنے ہر سرمایہ سے زیادہ اس سرمایہ کو عزیز رکھنا چاہیئے۔ مجھے آپ سے دوستانہ شکایت ہے، میرے دردمند دل کو آپ سے گلہ ہے کہ آپ اس سرمایہ سے بیگانہ ہوتے جارہے ہیں۔ آپ کے بزرگوں کی بہترین صلاحیتیں، اور مبارک ترین اوقات ان نفوس قدسیہ کی طرف سے حمایت و مدافعت میں گزرے، آپ انہیں کی بدولت ایک بڑے گروہ میں معتوب و مغضوب

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہوئے اور آپ کے ساتھ اب بھی یہ نسبت لگی ہوئی ہے، مگر اب آپ میں بہت سے ان کے نام اور کام سے بھی واقف نہیں، آپ میں سے کتنے مولانا اسمٰعیل شہیدؒ کے حالات اور کارناموں سے واقف ہیں؟ آپ میں سے کتنے بھائیوں نے صراط مستقیم اور تقویۃ الایمان پڑھی ہے؟ آپ میں سے کتنے بھائی توحید و سنت کی صحیح حقیقت سے واقف ہیں، وہ بتلا سکتے ہیں کہ اہل جاہلیت کے ایمان باللہ کی حقیقت کیا تھی، اور قرآن نے کیوں ان کو مشرک کہا، توحید کے کیا مراتب ہیں، اور شرک کے کیا مظاہر ہیں، بدعت کی جامع و مانع تعریف کیا ہے، اور اس کے کیا نقصانات ہیں، آپ کو ان سب مسائل پر تیار ہونا چاہیئے تھا، اور آپ کا مطالعہ اور آپ کی بصیرت عوام سے اس بارہ میں بہت ممتاز ہونی چاہیئے تھی، مگر مجھے خطرہ ہے کہ آپ میں سے بہت سے بھائی ان چیزوں سے بالکل خالی الذہن ہوں گے۔

**نئے دور کے فتنے** اسی کے ساتھ ایک دوسری حقیقت یہ ہے کہ اب نیا دور نئے فتنے لا رہا ہے، جاہلیت نئے روپ میں ظاہر ہو رہی ہے، پہلے اگر بدعات کا معاملہ تھا تو اب کھلی کھلی وثنیت اور اصنامِ قدیمہ کا دَور دورہ ہے، یہ حالات ہمارے احساسِ مذہبی، ہماری حمیتِ دینی اور ہمارے عقیدۂ توحید کو چیلنج کرتے ہیں۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ جنہوں نے بدعات و رسوم مروجہ کو کبھی گوارا نہیں کیا وہ ان مشرکانہ رسوم و مظاہر کو کس طرح گوارا کرتے ہیں، اور ان کا رویہ اس بارہ میں کیا ہوتا ہے۔ ہم اپنے اسلاف کے دینی تصلب اور دینی شجاعت کے معترف ہیں، اور خدا اور خلق کے سامنے اس کی گواہی دینے کے لئے تیار ہیں کہ انہوں نے باطل کے سامنے گردن نہیں جھکائی، اور ہتھیار نہیں ڈالے؛ دیکھنے کی بات ہے کہ ہمارے بعد کی نسلیں ہمارے متعلق کیا رائے قائم کرتی ہیں،

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اور ہم تاریخ میں کیسے نقوش چھوڑ کر جاتے ہیں۔

**دورِ جدید کی ذمہ داریاں** عزیزو اور رفیقو! تقدیر الٰہی نے ہمارے لئے جس دور کا انتخاب کیا ہے اس کی ذمہ داریاں بہت بڑھی ہوئی ہیں، لیکن اس کا انعام اور اس کی سرفرازیاں بھی بہت بڑھ چڑھ کر ہیں۔ ذمہ داریوں سے گریز اور زمانہ سے شکست مردوں کا کام نہیں، جو وقت باقی رہ گیا ہے اس کی تیاری میں صرف کیجئے، خدا نے آپ کو بہترین مربّی اور شفیق استاد دیئے ہیں، ایک دینی ماحول اور ایک بہت بڑا ادارہ بخشا ہے، زمانہ کی نزاکت، اور اپنے کام کی عظمت سمجھئے، اور اپنے کو قیمتی اور کارآمد بنائیے، تاکہ امت کے لئے قیمتی اور کارآمد ثابت ہوں۔

غافل منشیں، نہ وقت بازیست
وقتِ ہنر است و کارسازیست

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# عصرِ جدید کا چیلنج اور اس کا جواب

۱۲ اگست ۱۹۷۲ء کی شب کو دارالعلوم دیوبند کے دارالحدیث کے وسیع ہال میں مولانا نے طلبہ کو خطاب کیا، جلسہ کی صدارت مولانا منت اللہ صاحب رحمانی امیر شریعت بہار و اڑلیسہ نے فرمائی۔ جلسہ میں متعدد ارکان شوریٰ بڑے اساتذہ اور اہتمام کے متعدد ذمہ دار شریک تھے۔ طلبہ بہت بڑی تعداد میں موجود تھے۔ تقریر ٹیپ کر لی گئی تھی اس کو بڑی محنت سے مولوی واحد فیاض جلال پوری و مولوی محمد شعیب خاں کوٹی وغیرہ نے ٹیپ سے قلمبند اور مرتب کیا۔ مولانا نے اس پر تفصیل کے ساتھ نظر ثانی فرمائی ہے حسب ضرورت ترمیم و تشریح سے بھی کام لیا اور ذیلی عنوانات قائم کئے۔ بعد میں، یہ تقریر مجلس تحقیقات و نشریات اسلام کی طرف سے رسالہ کی شکل میں شائع ہوئی۔ اور اب اس مجموعہ کی زینت ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# عصرِ جدید کا چیلنج اور اس کا جواب

(خطبۂ مسنونہ اور حمد و صلوٰۃ کے بعد:)

جنابِ صدر! عزیز طلبہ!

**دیرینہ و عزیزانہ روابط** دارالعلوم دیوبند کے طلبہ کے سامنے کچھ عرض کرنا عزت و مسرت کی بات بھی ہے، اور ذمہ داری و مسئولیت کی بھی،...... مجھے مختلف اداروں، اور دانش گاہوں یونیورسٹیوں سے لے کر عربی مدارس تک کے طلبہ سے عرض و معروض کرنے کا موقعہ ملا ہے، لیکن بلا تکلف عرض کرتا ہوں کہ مجھے آپ کے سامنے کچھ کہنے میں بڑی ذمہ داری محسوس ہوتی ہے، میں اس اعزاز و اعتماد کی جس کا آپ نے اظہار کیا ہے، قدر کرتا ہوں، میں خدا کے سامنے سجدہ ریز، اور ثنا خواں ہوں کہ جو کبھی یہاں طالب علم کی حیثیت سے حاضر ہوتا تھا، اور اپنے لئے اسکو بڑی سعادت کی بات سمجھتا تھا، اس کو اس وقت خطاب کرنے کا شرف حاصل ہو رہا ہے، ابھی شاید یہ وفا شعار، اور درد آشنا، سرزمین مجھے بھولی نہ ہوگی، میں اس سعادت و توفیق پر بھی اللہ تعالےٰ کے سامنے سجدۂ شکر ادا کرتا ہوں کہ اس نے مجھے یہاں حضرت شیخ الاسلام مولانا حسین احمد صاحب مدنیؒ کی زندگی میں طالب علمانہ، اور نیازمندانہ حاضری، اور ان کے سامنے زانوئے تلمذتہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کرنے کی توفیق عطا فرمائی، میں اس کو اپنے لئے سرمایہ سعادت سمجھتا ہوں، اور اس سے اللہ تعالیٰ کے یہاں بڑی امیدیں رکھتا ہوں۔

میں اس بات پر جتنا فخر کروں کم ہے، لیکن میری نیاز مندی کی تاریخ اس سے زیادہ وسیع اور طویل ہے، کئی پشتوں سے میرا تعلق اس درسگاہ عالی مقام سے رہا ہے، یہاں کی زمین ان لوگوں کے آنسوؤں سے نم، اور یہاں کی فضا ان کی آہوں سے اب بھی معطر ہوگی، جو قافلہ[1] بنا کر اس سرزمین سے گزرے۔

مجھے اس اعزاز، اور اس ذمہ داری دونوں کا احساس ہے، لیکن میں اپنے آپ کو آپ سے الگ نہیں سمجھتا، میں پہلے بھی طالب علم تھا، اب بھی طالب علم ہوں، اور طالب علم ہی رہنا چاہتا ہوں، میری زندگی علم اور طالبان علم کے ساتھ وابستہ کر دی گئی ہے، اور میں چاہتا ہوں کہ یہ سلسلہ ہمیشہ قائم رہے، میں آپ سے انہیں الفاظ میں جو کبھی زبان نبوت سے حضرات انصار، اور اہل مدینہ کے لئے نکلے تھے، کہہ سکتا ہوں کہ :۔

المحیا محیاکم، والممات مماتکم۔ جینا بھی تمہارے ساتھ ہے، اور مرنا بھی تمہارے ساتھ ہے۔

خدا میری یہ دعا، اور آرزو پوری کرے۔

## دارالعلوم دیوبند کے قیام کا اصل محرک، حمیت دینی

طلبائے عزیز! آپ دارالعلوم دیوبند کے طالب علم ہیں، میں آپ سے سوال کرتا ہوں کہ آپ کی درسگاہ

---

[1] اشارہ سید احمد شہیدؒ، اور ان کے رفقاء (مولانا اسمٰعیل شہیدؒ اور مولانا عبدالحیؒ صاحب وغیرہم) کی طرف ہے جن کا کئی روز اس قصبہ میں قیام رہا (ملاحظہ ہو سیرت سید احمد شہیدؒ جلد اول باب "دوآبہ کا دورہ")

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کی بنیاد کس چیز پر پڑی؟ آپ کی درسگاہ کا طرۂ امتیاز کیا ہے؟ یقیناً آپ کے پاس اس کے لئے بڑے بڑے معقول، اور نا قابل تردید جوابات ہوں گے آپ اگر کہیں، کہ علم پر اس کی بنیاد پڑی، تو کون انکار کرسکتا ہے؟ اگر آپ کہیں کہ اخلاص پر اس کی بنیاد پڑی تو کون اس کی تردید کرسکتا ہے؟ اگر آپ کہیں کہ احیاء سنت اور مخالف بدعت پر، یا علم حدیث کی ایک خاص طرز کی خدمت پر اس کی بنیاد پڑی تو اس میں بھی کسی اختلاف کی گنجائش نہیں، یہ ساری چیزیں قابل صد احترام ہیں، اور ان پر جتنا فخر کیا جائے کم ہے، لیکن یہ وہ چیزیں ہیں، جن میں ہندوستان کے اکثر دینی مدارس دارالعلوم کے شریک ہیں، مرتبہ و مقام کا فرق ضرور ہوگا، لیکن مدارس عربیہ کی بنیاد عام طور پر انہیں مقاصد پر رکھی گئی ہے، انہیں کی طرف انکا انتساب ہے، اور یہی ان کی حقیقی قدر و قیمت ہے۔

لیکن جس امتیاز پر آپ کے مدرسہ کی بنیاد پڑی، اور جو اس کا حقیقی سنگ بنیاد ہے، (وہ سنگ بنیاد نہیں جو اہل ثروت اور اہل وجاہت سے رکھوایا جاتا ہے، اور جس کے لئے بڑے بڑے جلسے، اور تقریبیں منعقد کی جاتی ہیں) وہ دین کی حمیت، اور اسلام کی حفاظت کا جذبہ تھا، یہ ہے اس دارالعلوم کا سب سے بڑا طرۂ امتیاز۔

**مغربی تہذیب، اور مغربی تعلیم کے خطرے کا مقابلہ** اس وقت جب کہ ہندوستان پر ایک نئی تہذیب کا حملہ، اور یہاں ایک نئے دور کا آغاز ہو رہا تھا، اس وقت اس دارالعلوم کی بنیاد پڑی، دارالعلوم کی بنیاد در حقیقت اس احساس پر تھی کہ اب ہندوستان میں جو دور آنے والا ہے، وہ ایمان بالغیب

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کا دور نہیں ہوگا، وہ دور محمد عربی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دانائے سُبل ختم الرسل مولائے کل[1] سمجھنے کا دور نہیں ہوگا۔ اس دور کی بنیاد ختم نبوت، اور اس عقیدہ پر نہیں ہوگی کہ آپ آخری پیغمبر، اور آپ کی شریعت آخری شریعت ہے، بلکہ اب جو دور شروع ہو رہا ہے، اس کی بنیاد مادی زندگی کو اصل ماننے، اور محسوسات وظواہر کی پرستش پر ہوگی۔

**صحیح میدان عمل کا انتخاب** اس وقت جب کہ سلطنت مغلیہ کا چراغ گل ہوگیا تھا، اس وقت کے روشن ضمیر علماء نے اس حقیقت کو سمجھا کہ اس دم توڑتی ہوئی قوت میں جان ڈالنے میں اپنا وقت صرف کرنا، اور اس ٹمٹماتے چراغ کو جس کا تیل ختم ہوگیا ہے، اور بتی جل گئی ہے۔ دوبارہ بھڑکانا نہ صرف مشکل، بلکہ لاحاصل کام ہے، اس لئے کہ کسی ایسے خشک درخت کو جو زندگی کی صلاحیت سے محروم، اور اس کا نمو ختم ہوچکا ہے، کسی "ہزارے" سے چھڑکاؤ کرکے، اور کسی خارجی تدبیر سے شاداب، اور قائم نہیں رکھا جاسکتا، گویا ان کے سامنے فلسفی مورخ ابن خلدون کا حکیمانہ مقولہ تھا کہ "إن الھرم اذا نزل بالدولة لا يرتفع" (جب کوئی سلطنت بوڑھی اور از کار رفتہ ہوجاتی ہے، تو پھر اس کو از سر نو جوان نہیں کیا جاسکتا) وہ یہ سمجھتے تھے کہ کوئی بڑی سی بڑی مسیحائی

---

[1] اشارہ اقبال کے اس شعر کی طرف www.KitaboSunnat.com

وہ دانائے سُبل، ختم الرسل، مولائے کل جس نے
غبار راہ کو بخشا فروغِ وادیِ سینا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


کسی جان بہ لب ادارہ کو جو اپنی زندگی کے دن پورے کر چکا ہے، زندہ نہیں رکھ سکتی' انہوں نے اپنی صلاحیتوں اور وسائل کا دیانتدارانہ اور حقیقت پسندانہ جائزہ لیا' اور اپنی طاقتوں کو سوچ سمجھ کر اسلامی تہذیب' اور اسلامی علوم کی حفاظت کے مقصد پر مرکوز کر دیا' ان کو یقین تھا کہ ہم کو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ذریعہ زندگی کا جو آئین دیا گیا ہے اور جو کتاب عطا کی گئی' جو قانونِ شریعت ملا ہے' ہمیں جس تہذیب کا وارث بنایا گیا ہے' ہمیں جو محکمات اور اصول عطا کئے گئے ہیں' ان کے لئے بہار و خزاں' جوانی اور بڑھاپے' ترقی اور تنزل' تغیر و تبدلی' اور موت و حیات کا یہ قانون طبعی نہیں' جو ساری کائنات میں کارفرما ہے۔

| | |
|---|---|
| لَا يَاْتِيهِ الْبَاطِلُ مِنْ بَيْنِ يَدَيْهِ وَلَا مِنْ خَلْفِهِ تَنْزِيلٌ مِّنْ حَكِيمٍ حَمِيدٍ۔ (سورہ حم سجدہ - ۴۲) | اس پر جھوٹ کا دخل نہ آگے سے ہو سکتا۔ اور نہ پیچھے سے (اور) دانا (اور) خوبیوں والے (خدا) کی اتاری ہوئی ہے |

اس کی حقیقت ہے۔

| | |
|---|---|
| اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِيْ وَرَضِيْتُ لَكُمُ الْاِسْلَامَ دِيْنًا۔ (سورہ المائدہ - ۳) | آج ہم نے تمہارے لئے تمہارا دین کامل کر دیا اور اپنی نعمتیں تم پر پوری کر دیں' اور تمہارے لئے اسلام کو دین پسند کیا۔ |

اس کے دوام اور بقا کی ضمانت اور اعلان ہے' انہوں نے ساری طاقت علوم اسلامیہ کی حفاظت اور اس تہذیب کو نہ صرف اپنی جگہ برقرار رہنے' بلکہ اس کے دائرہ کو وسیع کرنے اور زندگی سے اس کا رابطہ قائم رکھنے پر صرف کر دی' توفیق الٰہی کی یہ خاص یاوری اور دستگیری تھی کہ انہوں نے اپنی جدوجہد کے لئے صحیح میدان کا انتخاب کیا' یہاں پر ایک لغزش سیکڑوں برس پیچھے ڈال سکتی تھی' اور پھر کبھی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اس کی تلافی نہیں ہو سکتی تھی۔

**مولانا محمد قاسم صاحبؒ کا اصل امتیاز** حضرت مولانا محمد قاسم صاحبؒ نانوتوی، اور ان کے عالی مقام رفقاء حضرت مولانا رشید احمد صاحب گنگوہیؒ وغیرہ کے اندر جو جذبہ کار فرما تھا، وہ حمیت اسلامی کا جذبہ تھا، اسی نے ان سے اس دارالعلوم کی بنیاد رکھوائی، مولانا محمد قاسم صاحبؒ کو دینی علوم میں اجتہاد کا مقام حاصل تھا، اللہ تعالیٰ نے ان کو علم کلام، اور معارف الٰہیہ میں دیدہ وری، اور نکتہ سنجی کی غیر معمولی دولت سے نوازا تھا، جس کی شاہد ان کی کتابیں "آب حیات" "تقریر دل پذیر" اور "حجۃ الاسلام" ہیں، لیکن ان کا سب سے بڑا امتیاز یہ تھا کہ اللہ تعالیٰ نے ان کو حمیت اسلامی کے جوہر سے حصہ وافر عطا فرمایا تھا اور اللہ نے ان کو ایک بے چین روح اور ایک مضطرب دل عطا فرمایا تھا، وہ یہ دیکھ رہے تھے کہ ہندوستان جس پر ہمارے اسلاف کی بہترین صلاحیتیں صرف ہوئی ہیں اور جس نے اسلام کی خدمت اور دینی علوم کے میدان میں وہ کارنمایاں انجام دیئے جن کی نظیر بڑے بڑے اسلامی ملک نہیں پیش کر سکتے۔ تاریخ کے پچھلے دور میں وہ مسلمانوں کی ذہانت، ان کی قوت اجتہادی، ان کی اولوالعزمی، اور حوصلہ مندی کے اظہار کا سب سے بڑا میدان رہا ہے، اس نے علوم اسلامیہ کی خدمت میں حصہ ہی نہیں لیا، بلکہ ان میں اضافہ کیا ہے، اس نے اسلامی کتب خانوں کو بعض وہ کتابیں دیں، جن کی مثال اسلام کی پوری علمی تاریخ میں نہیں ملتی، کیا اس وسیع ملک کو اس آسانی کے ساتھ مغربی تہذیب کی تحویل، اور اس کے علم برداروں کے چارج میں دے دیا جائے؟ کیا ہم اپنی ان آنکھوں سے دیکھیں کہ مسلمان خاندانوں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کے نونہال، صدیقی، فاروقی، علوی، عثمانی، اور سادات وشیوخ کے گھرانوں کے چشم وچراغ، جن کے اسلاف کرام کی کوششوں کی بدولت لاکھوں انسانوں کو اسلام کی ہدایت، اور علم کی دولت نصیب ہوئی، جنہوں نے اسلام کے چراغ کو اپنے سینے سے لگائے رکھا، اور بڑی بڑی آندھیوں اور طوفانوں میں بھی اس کو گل ہونے نہ دیا۔ اسلامی تہذیب و معاشرت، اور سنّت و شریعت سے رشتہ توڑ کر خالص مادہ پرست انگریزوں کے قبضے میں چلے جائیں، اور وہ ان کو اپنی نئی تہذیب و تعلیم کے سانچہ میں ڈھال کر مسلمانوں، یا صحیح الفاظ میں دنیا داروں کی ایک نئی نسل تیار کر دیں، جس کو نام اور قومیت کے سوا کسی چیز میں سابق نسل سے مناسبت اور مشابہت نہ ہو؟۔

یہ سوال تھا جو مولانا محمد قاسم صاحبؒ کے سامنے ایک مسئلہ بن کر کھڑا ہو گیا، یہ مسئلہ محض ایک مدرسہ، اور تعلیم گاہ کے قیام کا نہیں تھا، میں سمجھتا ہوں کہ دارالعلوم دیوبند کے حق میں "ازالۂ حیثیت عرفی" کا جرم ہوگا، اگر کہا جائے کہ دارالعلوم چند مخصوص کتابوں کے پڑھنے پڑھانے، اور درس و تدریس کے ایک مرکز کی حیثیت سے قائم ہوا تھا، اس سے بڑھ کر اس کے بانیوں کے ساتھ کوئی ناانصافی نہیں ہوسکتی، ایسا کہنے والوں کو ان بزرگوں کی روحوں کے سامنے شرمندہ ہونا پڑے گا، جس وقت یہ کہا جاتا تھا، کہ یہ محض ایک مدرسہ ہے، تو حضرت شیخ الہند تڑپ اٹھتے تھے، ان کے نزدیک یہ اسلام کا ایک قلعہ، اس کے داعیوں اور مجاہدوں کی تربیت کی ایک چھاؤنی، اور سلطنت مغلیہ کے گل ہونے والے چراغ کا بدل، بلکہ نعم البدل تھا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بس مولانا محمد قاسم صاحبؒ کے سامنے اصل مسئلہ یہی تھا کہ کیا ہندوستان کو ان مغربی غارتگروں کے ہاتھ میں دے دیا جائے؟ کیا ہم اپنی آنکھوں سے دیکھتے رہیں کہ ہمارے جگر کے ٹکڑے، جنہوں نے ہمارے خون جگر سے پرورش پائی، جن کی رگوں میں علماء اور اولیاء کا خون دوڑ رہا ہے، ان کالجوں اور یونیورسٹیوں کے قبضے میں چلے جائیں، اور مغربی تہذیب اور تعلیم کے سائے میں پروان چڑھ کر، اور ہم سے مکمل طور پر بیگانہ و نا آشنا ہو کر نکلیں؟ انہوں نے انگریزی حکومت کے اس چیلنج کو قبول کیا، اور بالکل اپنے جدامجد صدیق اکبرؓ کی زبان میں یہ کہا کہ :۔

أَيُنتقص الدين وأنا حيٌّ — کیا خدا کے دین میں میرے جیتے جی کتربیونت ہو سکتی ہے۔

ان کی صحیح ترجمانی یہی فقرہ کرتا ہے، جو آج سے ساڑھے تیرہ سو برس پہلے حضرت ابوبکرؓ کی زبان سے نکلا تھا، اس فقرہ نے تاریخ کے دھارے کو بدل دیا، اور زمانہ کی کلائی موڑ دی تھی، یہ ایک مختصر سا فقرہ نہیں، ایک دور کا عنوان، اور ایک تاریخ کا خلاصہ ہے، اگر صدیق اکبرؓ کی کوئی سیرت و سوانح نہ لکھی جاتی، تو یہی ایک فقرہ ان کی مکمل سیرت و سوانح بن سکتا تھا، یہ ایک الہامی فقرہ تھا، جو ان کی زبان سے نکلا، ایک شیر تڑپ کر جست لگا کر دھاڑتا ہے، جس سے سارا جنگل کانپ جاتا ہے، اس سے زیادہ جلال و صولت اور اس سے زیادہ شجاعت و غیرت اس فقرہ میں ہے، میں سمجھتا ہوں کہ دارالعلوم دیوبند اور ندوۃ العلماء کے بانیوں کی جو چیز رہنمائی کر رہی تھی، وہ یہی احساس تھا، ان کا ہرگز یہ مقصد نہیں تھا کہ وہ صرف و نحو کی تعلیم اور علوم عالیہ و آلیہ کی مجرد تدریس کے لئے مرکز قائم کریں، اس لئے مصر کا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



جامع ازہر، تیونس کا جامع زیتونہ، مراکش کا جامع القرویین اور ہندوستان کے کئی بڑے بڑے مدارس موجود تھے، ان کی ٹکر کا کوئی مدرسہ قائم کرنا اور اس بے سروسامانی کی حالت میں محض تعلیم و تعلم کے لئے کوئی دانشمندانہ فعل اور کوئی جرأت مندانہ اقدام نہ تھا۔

**غیر منقطع رشتہ اور ناقابل شکست عہد** یہی دینی حمیت تھی جس نے مولانا محمد قاسم صاحبؒ کو بے چین بنا رکھا تھا، اور انہوں نے مدرسہ قائم کیا، اس مدرسہ نے ایک بہت محدود اور غیر محسوس طریقہ پر کام کا آغاز کیا، جس کا احساس اس زمانے کے اچھے اچھے صاحب نظر لوگوں کو بھی شاید نہ ہوا ہو لیکن اس کا مقصد بہت عظیم تھا، وہ مقصد یہ تھا کہ ہندوستان میں اسلامی تہذیب، اسلامی معاشرت، علم دینیہ اور شریعت اسلامیہ کے لئے ایک قلعہ تعمیر کریں، اور اس دعوت کو متعدی بنائیں،

وَجَعَلَهَا كَلِمَةً بَاقِيَةً فِي عَقِبِهِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُونَ (الزخرف۔ ۲۸)

اور یہی بات اپنی اولاد میں پیچھے چھوڑ گئے تاکہ وہ (خدا کی طرف) رجوع کریں۔

ان کی ان تمام کوششوں کا ماحصل اور مطمح نظر صرف یہ تھا، کہ اس ملک کے مسلمان جب تک زندہ رہیں، ان کا رشتہ ملت ابراہیمی، اور شریعت محمدی سے استوار رہے وہ اسی دین و آئین کے پابند ہوں جو خاتم النبیین محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ذریعہ سے انکو ملتا ہے، اور جب وہ دنیا سے رخصت ہوں تو وہ اسی دین کے وفادار اور حلقہ بگوش ہوں، یہ گویا اسی وصیت اور عہد نامہ کی تعمیل تھی، جس کا قرآن شریف میں تذکرہ ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



وَوَصّٰی بِهَآ اِبْرٰهٖمُ بَنِيْهِ وَيَعْقُوْبُ يٰبَنِيَّ اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰى لَكُمُ الدِّيْنَ فَلَا تَمُوْتُنَّ اِلَّا وَاَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ۔
(سورۃ البقرہ-۱۳۲)

اور ابراہیم نے اپنے بیٹوں کو اس بات کی وصیت کی اور یعقوب نے بھی (اپنے فرزندوں سے کہا) کہ بیٹو خدا نے تمہارے لئے اس دین کو پسند فرمایا ہے تم مرنا تو مسلمان ہی مرنا۔

## نیا زمانہ، نئے فتنے

عزیزانِ گرامی! آپ کی درسگاہ کی بنیاد جمعیت اسلامی پر پڑی، آپ کی درسگاہ کی بنیاد زمانہ کے چیلنج کو قبول کر لینے پر پڑی، اب زمانہ کے نئے چیلنج کو آپ نظر انداز نہیں کر سکتے، کم سے کم دار العلوم دیوبند، اور ندوۃ العلماء کیلئے اس چیلنج کو نظر انداز کرنے کا جواز نہیں، اس لئے کہ ان کی بنیاد ہی زمانہ کے چیلنج کو قبول کرنے پر پڑی تھی، مغربی تہذیب اور معاشرت، اور انگریزی تعلیم جس کے ساتھ کسی قسم کی مذہبی، اور اخلاقی تعلیم و تربیت کا انتظام نہیں تھا، اس زمانہ کا فتنہ تھا۔

لیکن فتنے کسی زمانہ کے ساتھ مخصوص نہیں، اور ایک ہی فتنہ ہمیشہ نہیں ہوتا، نئے نئے فتنے سر اٹھاتے ہیں، اور اسلام اور مسلمانوں کے لئے نئے نئے خطرے سامنے آتے ہیں، جاہلیت نئے نئے روپ میں سامنے آتی ہے، اور بڑے دم خم کے ساتھ میدان میں اتر آتی ہے اقبال نے غلط نہیں کہا تھا ؎

اگرچہ پیر ہے مومن، جواں ہیں لات و منات

بڑی خطرناک بات ہے کہ لات منات یعنی باطل طاقتیں، اور جاہلیت قدیم تو زندگی اور جوش و خروش سے بھر پور رہوں، اور مومن میں جو سیدنا ابراہیم علیہ السلام کا وارث اور نائب ہے، کہنگی اور فرسودگی، پستی اور افسردگی، کنارہ کشی اور پسپائی کی ذہنیت پیدا ہو جائے، لات و منات نئے دم خم کے ساتھ، نئی امنگوں اور ولولوں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کے ساتھ نئی تیاریوں اور نئے طریقوں کے ساتھ، نئے نعروں اور نئی للکاروں کے ساتھ میدان میں آئیں اور مومن پر موت کی نیند طاری ہو جائے، اس کے قویٰ میں افسردگی، اور اضمحلال پیدا ہو جائے۔ وہ زندگی کے میدان سے فرار اختیار کرکے یا کنارہ کش ہو کر کسی گوشۂ عافیت کو تلاش کرلے، جہاں وہ اپنی زندگی کے دن گزار سکے، اور لات و منات خم ٹھونک کر میدان میں کھڑے ہوں، اور دعوت مبارزت دے رہے ہوں۔

**عہد جدید کا فتنۂ کبریٰ** حضرات! اس زمانہ کا فتنہ اور چیلنج کیا ہے؟ اس زمانہ کا چیلنج یہ ہے کہ اسلام کو اس کی جداگانہ تہذیب، اس کی مخصوص معاشرت، اس کے عائلی قانون، اس کے نظام تعلیم، اس کے زبان و ادب، اور رسم الخط، اور اس کے پورے ورثہ سے الگ کر دیا جائے، اور اسلام چند عبادات، اور چند رسوم و تقریبات (جو بعض مذاہب کا کل سرمایہ، اور بعض قوموں کا واحد مذہبی نشان ہے) مثلاً شادی اور غمی میں کیا ہونا چاہیئے، مردے کو کس طرح آخری مرحلہ سے گزارا جائے وغیرہ وغیرہ بس اسلام انہیں مذہبی و معاشرتی رسوم (RITES) کا مجموعہ بن کر رہ جائے، میں نہیں جانتا کہ کل کیا ہو، لیکن پھر بھی اندازہ ہے کہ شاید ابھی یہ مرحلہ دور ہے کہ ہندوستان کے مسلمانوں سے کہا جائے کہ آپ کو نماز پڑھنے کی اجازت نہیں، آپ کو کوئی خاص عقیدہ اختیار کرنے کی اجازت نہیں، آپ روزہ نہیں رکھ سکتے، آپ زکوٰۃ نہیں دے سکتے، لیکن وہ مرحلہ ضرور آگیا ہے، کہ مسلمانوں سے اشارے اور کنایہ سے، اور کبھی کبھی صاف کہا جاتا ہے، کہ مسلمان اپنی رضا و رغبت سے اپنی جداگانہ تہذیب، اور ہر اس چیز سے بے تعلقی اختیار کرلیں جو ان میں ایک الگ ملت، اور ایک

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



مستقل تہذیب کا وارث ہونے کا احساس پیدا کرتی ہے، وہ خود ہی اعلان کر دیں کہ ہم کسی جداگانہ تہذیب کے حامل نہیں ہیں، وہ خود اپنے لئے وہی یکساں قانون پسند کریں جو سارے ملک کے لئے نافذ ہو، وہ اپنے تمام تعلیمی مرکزوں کو جو انہوں نے اپنی پسند و ضرورت کے مطابق قائم کئے تھے، حکومت کی تحویل اور انتظام میں دیدیں، اور ان کے نظم و نسق سے خود دست بردار ہو جائیں، تاکہ ان سے ایک ہی طرح کے ماڈل تیار کئے جائیں جو اس سیکولر اور اشتمالیت پسند ملک سے ہم آہنگ ہو، حکومت اسلام کی مخالف نہیں، اور اس کو اسلام کے ختم کرنے کے کام سے کوئی دلچسپی نہیں، اس کو تو اس پر فخر ہے کہ عالم اسلام کی سب سے بڑی مسلم برادری یہاں آباد ہے، اس کو آباد رہنا، اور پھلنا پھولنا چاہیئے، اس سے بڑے بڑے کام لئے جا سکتے ہیں، اور بین الاقوامی، اور سیاسی موقعوں پر اس کو ایک دلیل کے طور پر پیش کیا جا سکتا ہے، آج صاف صاف کہا جا رہا ہے کہ اگر مسلمانوں کو اس ملک میں رہنا ہے تو ان کو قومی دھارے میں بہنا چاہیئے اور قومی دھارے کے معنی ہیں کہ آپ تمام تشخصات سے دست بردار ہو جائیں، آج کا مطالبہ یہ ہے کہ مسلمان رہو، تمہیں کوئی نہیں ٹوکتا، یہ فرقہ وارانہ فسادات تو ایک مریض کی ہذیانی کیفیت، اور ہسٹریا کا ایک دورہ ہے، جو ہمیشہ نہیں رہے گا، آپ دیکھ رہے ہیں کہ وہ بہت کم ہو گئے ہیں، اور میں پیشین گوئی کرتا ہوں کہ وہ اور بھی کم ہو جائیں گے میرے نزدیک یہ اصل خطرہ نہیں، اصل خطرہ نسل کشی کا نہیں، معنوی ارتداد کا ہے، ذہنی و تہذیبی ارتداد، اس خطرہ کو دیکھنے اور اس کو محسوس کرنے کے لئے کسی بڑی فراست، اور دوربینی کی ضرورت نہیں، یہ تو دیوار کا نوشتہ ہے، جس کو ہر ایک پڑھ سکتا ہے، اللہ تعالیٰ نے جن کو آنکھیں دی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہیں وہ صاف دیکھ رہے ہیں کہ آج علی گڑھ کا معاملہ ہے، کل دارالعلوم دیوبند اور ندوۃ العلماء کی باری آسکتی ہے، وقت اور حالات کا مسئلہ ہے اور اس کا انحصار اس پر ہے کہ ہم علی گڑھ کے مسئلہ پر کتنی زندگی اور بیداری، اور کتنی غیرت اور خودداری کا ثبوت دیتے ہیں۔

## دینی بدعات اور منکرات سے نبرد آزما ہونے والوں کے خلاف کی ذمّہ داری

عزیز طلبہ! آپ کے اسلاف وہ تھے، جنہوں نے بدعات کے ساتھ ادنیٰ مصالحت گوارہ نہیں کی، آپ کے اسلاف نے آج تک مولود کے قیام کی اجازت نہیں دی، کتنے رسوم اور طریقے ہیں جو مسلمانوں کی زندگی میں داخل ہو گئے، اور انہوں نے مذہبی فرائض، اور دینی شعائر کی حیثیت اختیار کر لی ہے، لیکن آپ کا جس مکتب خیال اور مسلک سے تعلق ہے، اس کے علماء نے ان کی ہمیشہ مخالفت کی، اور ان کو بدعت اور بے اصل بنایا، اس کی ان کو معاشرتی اور اجتماعی زندگی میں بہت بڑی قیمت ادا کرنی پڑی، ان کا مقاطعہ کیا گیا، ان کو مسجدوں سے نکالا گیا، ان پر کفر و ضلالت کے فتوے لگائے گئے، وہ بہت سے دنیوی مفادات، اور لذتوں سے محروم رہے، لیکن انہوں نے ان چیزوں کے ساتھ ذرا بھی رواداری نہیں برتی اور کسی مداہنت اور مصلحت کوشی سے کام نہیں لیا، میرا خود اسی کیمپ سے تعلق ہے، جو شرک و بدعات کے مقابلہ میں سر بکف رہا ہے، بلکہ میرا تعلق اس خاندان سے ہے، جو اس سلسلہ میں بہت آگے رہا ہے، اور جو شرک و بدعت کے معاملہ میں زیادہ ذکی الحس واقع ہوا ہے، میرا نسبی و روحانی اور ذہنی تعلق حضرت سید احمد شہیدؒ اور حضرت مولانا شاہ اسمٰعیل شہیدؒ سے ہے، جنہوں نے اس ملک میں احیاء توحید

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



و سنت کی دعوت کا علم بلند کیا، اور اس کے لئے جان کی بازی لگا دی، اگر میری جرأت معاف کی جائے تو میں کہوں کہ آپ کے کیمپ میں بھی یہ خیال اور یہ دعوت وحمیت اسی کیمپ سے آئی ہے، اس لئے مجھے یہ پوری تاریخ عزیز ہے، میں اس پورے ورثہ کو سینہ سے، بلکہ آنکھوں سے لگاتا ہوں، نہ اس سے شرمسار ہوں، اور نہ اس سے دست بردار، میری تمام تحریریں، میری حقیر کاوشیں، اور کوششیں سب اسی ورثہ کی حفاظت اس کی تبلیغ و اشاعت، اور اس کی بازیافت میں صرف ہوئی ہیں ؎

میں کہ میری نوا میں ہے آتش رفتہ کا سُراغ
میری تمام سرگزشت کھوئے ہوؤں کی جستجو

میرے کوتاہ قلم نے "دعوت وعزیمت" کی داستان تفصیل سے بیان کی ہے، اور اس موضوع پر ہزاروں صفحات سیاہ کئے ہیں، مجھ پر ان کتابوں کے مصنف کی حیثیت سے بھی ذمہ داری ہے کہ میں آپ کا احتساب کروں۔

آپ ان اسلاف کے نام لیوا ہیں، جنہوں نے دین میں ادنیٰ تحریف، اور مسلمانوں کے ادنیٰ انحراف کو برداشت نہیں کیا، آج معاملہ بدعات کا نہیں، آج معاملہ انگریزی تعلیم کا نہیں، آج معاملہ ایک طرف شرک جلی، اصنام پرستی، اور دیومالائی عقائد (میتھالوجی) کا ہے، آج معاملہ برہمنی تہذیب اور ہند و معاشرت کے قبول کرنے کا ہے، دوسری طرف آج معاملہ مکمل لادینیت اور کمیونزم کے قبول یا رد کرنے کا ہے، آج معاملہ ایک ایسی قوم کی حیثیت اختیار کرنے کا ہے، جس کی ساری وفاداریاں و وابستگیاں اس خاک کیساتھ ہوں، جن سے ہمارے ظاہری جسم کا خمیر اٹھا ہے، اسی کے لئے جینا اور مرنا ہو، آج کا چیلنج اور آج کا خطرہ پچھلے تمام چیلنجوں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اور خطرات سے زیادہ سنگین ہے، اور اس کے قبول کرنے کے لئے کہیں زیادہ جرأت، کہیں زیادہ ایمان اور استقامت، اور کہیں زیادہ ایثار و قربانی کی ضرورت ہے۔

**موجودہ انقلاب کی برق رفتاری و ہمہ گیری** پہلے انقلاب بڑی سست رفتاری، اور آہستہ خرامی کے ساتھ آتا تھا، جیسا زمانہ تھا، ویسا ہی انقلاب بھی وہ بیل گاڑیوں، ہاتھیوں اور زیادہ سے زیادہ تیز رفتار گھوڑوں کا زمانہ تھا، اس وقت انقلاب انہیں سواریوں کی رفتار سے آتا تھا۔ پھر ریل چلی، انقلاب ریل پر سفر کر کے آنے لگا، ہوائی جہاز چلے انقلاب کی رفتار تیز ہوئی، اب انقلاب ایٹمی ازجی استعمال کرتا ہے، آواز سے زیادہ تیز جہازوں، اور ریڈیو، اور ٹیلی ویژن کے ذریعہ دم کے دم گھر گھر پہنچ جاتا ہے۔

**جمہوریت و حکومت کے دائرہ کی وسعت** آج "سلطانیٔ جمہور" کا زمانہ ہے، ہمارے اوپر پارلیمنٹ کی حکومت ہے اور اس کو آئین سازی کا پورا اختیار، پھر حکومت کا دائرہ پہلے کی طرح دفاع، امن قائم کرنے اور ٹیکس وصول کرنے تک محدود نہیں، وہ زندگی کے تمام شعبوں اور تعلیم و تربیت کے تمام ذرائع پر حاوی ہے، اور گھر اور باہر کی کوئی چیز اس کے دائرۂ اختیار سے خارج نہیں، رات پارلیمنٹ میں ایک قانون پاس ہو جاتا ہے، اور آج سارے ملک میں اس کا نفاذ، اس وقت ہم اور آپ یہاں جمع ہیں، ممکن ہے اس وقت پارلیمنٹ کا کوئی اجلاس ہو رہا ہو وہاں ایک قانون بن جائے، اور ہماری زندگی میں کوئی اہم تبدیلی واقع ہو، آپ کو معلوم ہے کہ پرانی حکومتیں پرائیوٹ معاملات میں دخل نہیں دیتی تھیں، ذاتی ملکیتوں سے ان کا کوئی تعلق نہیں تھا، آزاد درسگاہوں سے ان کو کوئی سروکار نہیں تھا، آپ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



جیسے پرسنل لا کہتے ہیں، یعنی شادی، بیاہ، اور ترکے وغیرہ کا قانون، اس سے ان کو کوئی علاقہ نہیں تھا، تعلیم میں کسی خاص عقیدے، کسی خاص فکر و مقصد پر ان کو اصرار نہ تھا، اب دنیا بدل چکی ہے، آپ کو سمجھنا چاہیئے کہ آپ کس جگہ بیٹھے ہیں، زمانہ کے انقلاب نے آپ کو اس جگہ پر اچانک لا کھڑا کیا ہے؟ آپ آج اس محدود ماحول میں بہت خوش ہیں، آج آپ کو ہر طرف نورانی شکلیں نظر آتی ہیں۔ آپ کے کانوں میں قال اللہ اور قال الرسول کے سوا کوئی صدا نہیں پڑتی، یہ آپ کا دار الحدیث ہے، وہ دار التفسیر یہ مسجد کا روحانی ماحول ہے، اور یہ مدرسہ کی علمی فضا، لیکن کل جب آپ یہاں سے جائیں گے، اور کل سے میری مراد یہ نہیں کہ جب آپ فارغ التحصیل ہو کر جائیں گے، بلکہ جب آپ چھٹیوں میں اپنے گھر جائیں گے، تو وہاں آپ کو بہت کچھ دنیا بدلی ہوئی نظر آئے گی، میں نہیں کہہ سکتا کہ آپ کی چھٹیوں تک اس ملک میں کیا تغیرات ہو جائیں گے، اگر آپ نے اپنے گرد و پیش کی دنیا کا جائزہ نہ لیا، تو آپ اس دنیا میں خود بیگانے بن جائیں گے۔

**اندرونی خطرہ** بڑے خطرے کی بات یہ ہے کہ خود مسلمانوں کے اندر ایک جماعت ایسی پیدا ہو گئی ہے، جو غیر مسلموں کے مقابلہ میں "مدعی سست گواہ چست" کی مصداق ہے، وہ اگر کوئی بات ادھ کٹی، اور دبی زبان سے کہتے ہیں تو یہ اس کو ڈنکے کی چوٹ پر کہنے کے لئے تیار ہیں، وہ صاف صاف کہتے ہیں کہ مسلمانوں کو یہاں کی مشترک تہذیب میں ضم ہو جانا چاہیئے، اور تمام امتیازات یہاں تک کہ عربی، اسلامی ناموں سے بھی چینی مسلمانوں کی طرح دست بردار ہو جانا چاہیئے، وہ صاف کہتے ہیں کہ اگر ہم کو ہندوستان میں رہنا ہے تو ہر اس چیز سے دست بردار ہونا پڑیگا، جس سے "من و تو"

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کی تمیز پیدا ہوتی ہے، اور جو مسجد و کلیسا میں امتیاز کرتی ہے، اس وقت جو ذہن ہندوستان کی قیادت کر رہا ہے، وہ ہر اس چیز سے بھڑکتا ہے، جو کسی قسم کا امتیاز، اور تشخص پیدا کرتی ہے۔

**تعیّن و وضاحت اسلام کا امتیاز** لیکن ہمارے دین کے حدود معین ہیں، ہمارے دین کے اس "اکّال الامم" سرزمین میں اپنی جداگانہ شکل و صورت کے ساتھ باقی رہنے کا راز اسی میں مضمر ہے کہ اس میں آریائی مذاہب کی طرح اطلاقیت، یا تعیّنات سے گریز، اور رقت و سیّالیت نہیں ہے جس نے ہمہ اوست کے عقیدہ، یا وحدۃ ادیان کے فلسفہ کو جنم دیا، ہمارے یہاں کفر و ایمان، شرک و توحید، ضلالت و ہدایت، اور حلال و حرام کے درمیان واضح طریقہ پر خط کھنچا ہوا ہے۔

فَمَنْ يَّكْفُرْ بِالطَّاغُوْتِ وَيُؤْمِنْ بِاللّٰهِ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى لَا انْفِصَامَ لَهَا۔ (سورۃ البقرۃ-۲۵۶)

تو جو شخص سرکش سے اعتقاد نہ رکھے اور خدا پر ایمان لائے اس نے ایسی مضبوط رسی ہاتھ میں پکڑ لی ہے، جو کبھی ٹوٹنے والی نہیں ہے۔

**وحدت ادیان نہیں، وحدت حق** وہ وحدت ادیان کا نہیں، بلکہ وحدت حق کا قائل ہے یعنی سب دین ایک نہیں، بلکہ حق ایک ہے، وہ صاف اعلان کرتا ہے کہ:۔

فَمَاذَا بَعْدَ الْحَقِّ اِلَّا الضَّلَالُ فَاَنّٰى تُصْرَفُوْنَ (سورۃ یونس-۳۲)

اور حق بات کے ظاہر ہونے کے بعد گمراہی کے سوا ہے ہی کیا، تو تم کہاں پھرے جاتے ہو۔

اس کا ایک واضح اور معین نظام عقائد ہے، اس کی ایک مستقل تہذیب ہے، مکمل قانون، اور نظام معاشرت ہے، اس کے لئے اس کے صحیفہ میں صاف اعلان موجود ہے کہ:

اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِيْ وَ — آج ہم نے تمہارے لئے دین کامل کر دیا اور اپنی نعمتیں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



رَضِيتُ لَكُمُ الْإِسْلَامَ دِينًا۔ (سورۃ مائدہ ۳) تم پر پوری کر دیں اور تمہارے لئے اسلام کو دین پسند کیا۔

یہاں نہ کوئی اپنے آپ کو دھوکا دے سکتا ہے، نہ دوسرے کو، یہاں دن کی روشنی ہے جس میں سپید و سیاہ صاف نظر آتے ہیں۔

**دو حقیقت بیں آنکھیں** عزیزو! مولانا محمد قاسم صاحب بانیٔ دار العلوم، اور مولانا محمد علی صاحب مونگیریؒ بانیٔ ندوۃ العلماء کو کس چیز نے تڑپایا؟ ایک کو یہاں، اور دوسرے کو وہاں، میں ان دونوں میں کچھ فرق نہیں سمجھتا، میں ان کو ایک ہی چہرۂ زیبا کی دو آنکھوں کی طرح سمجھتا ہوں، دونوں روشن، دونوں پاکباز، اور حقیقت بیں، ایک ہی نور باطن اور ایک ہی فراستِ ایمانی دونوں میں کام کر رہی تھی، دونوں ہی " اتقوا فراسة المومن فانه ينظر بنور الله " کا مصداق تھے، دونوں تعلیمی مرکزوں میں نصاب ایک وسیلہ تھا، مقصد نہیں، اس کے اختلافات بنیادی حیثیت نہیں رکھتے، مولانا محمد علی مونگیریؒ اور ان کے رفقاء کی تحریریں پڑھئے، ان کی نگاہ ان جزئیات سے بہت بلند تھی، اگر کوئی یہ سمجھے کہ انہوں نے عربی ادب کو غالب کرنے کے لئے یا تاریخ اسلام اور علوم عصریہ کو جگہ دینے کے لئے ندوۃ العلماء کی تحریک شروع کی تھی، تو اس سے بڑھ کر کوئی حق تلفی ان کے ساتھ نہیں ہو سکتی؛ دونوں نے اپنے اپنے زمانہ کے فتنے کا مقابلہ کیا، ایک نے یہاں قلعہ تعمیر کیا، دوسرے نے وہاں، دونوں نے اپنے اپنے زمانہ کے چیلنج کو قبول کیا، اور بدلے ہوئے زمانہ کے مطابق دین کے محافظ، حق کے داعی اور شریعت کے ترجمان پیدا کرنے کی کوشش کی، خدا ان دونوں کو اعلیٰ مراتب سے سرفراز فرمائے، اور ان کے تمام رفقاء اور معاونین، کو جزائے خیر دے، اور ہمیں ان کے صحیح مقاصد کے سمجھنے اور ان کے نقش قدم

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے۔

**اصلاح وتجدید کی تاریخ میں افراد کا مقام اور کام** | میرے عزیزو! اسلام میں تجدید واصلاح کی پوری تاریخ، افراد کی اولوالعزمی کی تاریخ ہے، کہنے کو یہ ملّی اور اجتماعی تاریخ ہے، اور بیشک ہے لیکن عملاً یہ از اوّل تا آخر افراد کی صلاحیتوں، ان کے عزم وہمّت کی نمود ہے، جب کبھی اسلام کو للکارا گیا، تو کوئی فرد کامل، کوئی صاحبِ عزم ہستی سامنے آگئی، ایسے موقع پر نہ کوئی کونسل بیٹھتی تھی، نہ کوئی مشورہ ہوتا تھا، کوئی صاحبِ یقین سامنے آجاتا تھا اور حالات کو یکسر بدل کر رکھ دیتا تھا، حضرت عمر ابن عبدالعزیزؒ اور سیدنا حسن بصری سے لے کر خاندان ولی اللّٰہی اور ان دینی مرکزوں کے بانیوں، اور موجودہ دینی دعوتوں اور کوششوں کے علمبرداروں تک سب کا معاملہ یہی ہے کہ ؎

کار زلف تست مشک افشانی اما عاشقاں
مصلحت را تہمتے بر آہوئے چیں بستہ اند

**مجدّد صاحب اور شاہ ولی اللہ صاحب کا کارنامہ** | اقبالؒ نے حضرت مجدّد الف ثانی کے متعلق بالکل صحیح کہا تھا کہ ؎

وہ ہند میں سرمائیہ ملّت کا نگہبان
اللہ نے بروقت کیا جس کو خبردار

انہیں کی کوششیں تھیں کہ ہندوستان کا رشتہ دین حجازی، اور محمد عربی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کٹنے نہیں پایا، اور وہ تہذیبی لحاظ سے برہمنیت، اور فکری واعتقادی لحاظ سے ویدانت کے آغوش میں جانے کے بجائے اسلام وشریعت

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



محمدیؐ کی تحویل اور امانت میں رہا انھیں کا مخفی ہاتھ تھا، جس نے اکبر کے تخت پر بالآخر محی الدین اورنگزیب جیسے غیور اور فقیہہ بادشاہ کو بٹھایا، پھر اس ملک میں تجدید واحیاء دین کا جو کچھ کام ہوا، وہ حضرت شاہ ولی اللہ صاحب اور ان کے خاندان کا کارنامہ ہے، کیا دیوبند یا سہارنپور، کیا دہلی، کیا لکھنؤ، ہم سب انھیں کے خوان نعمت کے ریزہ چین ہیں۔ دارالعلوم، مظاہر علوم، اور ندوہ اور کتاب وسنّت کی تعلیم کی سب درسگاہیں[1]، اسی ایک چراغ سے روشن کئے ہوئے ہیں، ان سب کا سلسلۂ نسب شاہ ولی اللہ صاحب اور ان کے اخلاف نامدار، اور ان کے تلامذۂ باکمال پر ختم ہوتا ہے ؎

یک چراغیست دریں خانہ کہ از پرتو آں
ہر کجا می نگری انجمنے ساختہ اند

**دیوبند کے طلبہ کی ذمّہ داری** آپ اس مدرسہ میں تعلیم پارہے ہیں، اس مدرسہ کا آپ سے مطالبہ ہے، کہ آپ اس نئے چیلنج کو قبول کریں، یہاں اگر کوئی آئے تو یہاں اس کو کوئی ہل چل نظر نہیں آئے گی لیکن اس کی تہہ میں طوفان سوئے ہوئے ہیں، اب بھی اگر کوئی موج ایسی اٹھ سکتی ہے، جو الحاد اور بے دینی کے مرکزوں کو متزلزل کرسکتی ہے، تو اسی بحر الکاہل سے ؎

اسی دریا سے اٹھتی ہے وہ موج تند جولاں بھی
نہنگوں کے نشیمن جس سے ہوتے ہیں تہہ وبالا

---

[1] مثلاً جماعت اہلحدیث کے مدارس، جو بنارس، دربھنگہ، مئو وغیرہ میں قائم ہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



**نازک ترین دور** میں تاریخ کا ایک طالب علم ہوں، اور تاریخ میرا ایک پسندیدہ اور محبوب موضوع ہے، میرا ہندوستان کی تاریخ کا جتنا مطالعہ ہے، اس کی روشنی میں کہہ سکتا ہوں کہ ہندوستان کی ہزار سالہ تاریخ میں اس سے زیادہ نازک دور نہیں آیا، اس لئے کہ اس دور میں حالات کو بدلنے، قلب و دماغ کو متاثر کرنے، ارادوں کو فنا کرنے، جذبات کو ختم کرنے، اقدار کو تبدیل کرنے، اور نقطۂ نظر، و طریقۂ فکر میں انقلاب لانے کے اتنے وسائل کسی دور میں نہیں تھے، پہلے جو دور گزرے ہیں، ان کے پاس کیا سامان تھا؟ کیا سیاست کی یہ شیرینی اور چاشنی تھی؟ جمہوریت اور مساوات کا یہ نعرہ، اخبارات و رسائل، پریس، ریڈیو، اور ٹیلی ویژن کی یہ طاقت تھی؟ یہ عظیم دانش گاہیں جنا درس یونیورسٹیاں اور کالج تھے؟ جلسے اور جلوس اور پروپیگنڈے کی یہ مہارت تھی؟

**زمانہ کے ابوالفضل وفیضی** گزشتہ دور کا سب سے بڑا فتنہ، فتنۂ اکبری کہا جاتا ہے، کیا اس وقت اقتدار اعلیٰ کے پاس یہ مراکز تھے؟ یہ لاکھوں کی تعداد میں شائع ہونے والے اخبارات تھے؟ یہ نئی ایجادات تھیں؟ جو مشرق کی بات کو دم کے دم مغرب تک پہنچا دیتی ہیں؟ بیشک اکبر کے پاس فیضی اور ابوالفضل جیسے ذہین اور باکمال لوگ تھے، میں ابوالفضل، فیضی کی ذہانت کا قائل ہی نہیں، بلکہ اس سے مرعوب ہوں، لیکن آج کتنے ابوالفضل اور فیضی موجود ہیں، اس وقت وہ تنہا تھے، آج ان کے کام کے لئے مستقل ادارے قائم ہیں، ابوالفضل، فیضی کے اندر کبھی دینی جذبہ انگڑائی لیتا ہوگا، چنانچہ فیضی ہی کے قلم سے "سواطع الالہام" جیسی حیرت انگیز تفسیر نکلی، لیکن آج کے ابوالفضل، فیضی کے اندر وہ انابت بھی نہیں جو اس دور کے لوگوں میں تھی، اسلام کے ساتھ وہ جذباتی وابستگی بھی نہیں، جو اس زمانہ کے روشن خیالوں — اور

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



تجدد پسندوں کے اندر تھی۔

**الحاد وتشکیک کے نئے دروازے** دوستو! فلسفہ اور علم کلام آج اپنی بہت کچھ طاقت کھو چکا ہے، سائنس میں بھی اب پڑھے لکھوں کو ملحد، متشکک اور منکر خدا بنانے کی وہ طاقت نہیں ہے، جو انیسویں صدی کے اواخر اور بیسویں صدی کے بالکل اوائل میں تھی، اب اس کو اس مقصد سے کوئی دلچسپی نہیں ہے، بلکہ اس کے اندر اس کے بہت سے علمبرداروں کے تغیر حال کی وجہ سے دینی حقائق، اور خدا اور عالم غیب کے وجود و ثبوت کے لئے نیا مواد، اور نئے دلائل پیدا ہو گئے ہیں، چنانچہ آج فلسفہ و سائنس سے وہ الحاد، اور تشکک نہیں پیدا ہو رہا ہے، جس نے انیسویں صدی کے علماء حق کو مضطرب اور بے قرار بنا دیا تھا، آج اس کے برخلاف سیاسیات و معاشیات اور تاریخ و ادب سے الحاد و تشکیک کا کام لیا جا رہا ہے، علوم عمرانیہ (سوشیالوجی) اور انگریزی ادب کے ذریعہ مذہب بیزاری، اور ذہنی انتشار پیدا کیا جاتا ہے، آپ کے لئے شاید ایک حیرت انگیز انکشاف ہوگا، کہ آج بہت سی یونیورسٹیوں کے عربی و اُردو کے شعبے الحاد و تشکیک کے مرکز بنے ہوئے ہیں، اور شاید بعض یونیورسٹیوں میں عربی مطالعہ اسلامیات دینی حیثیت سے سب سے زیادہ کمزور ہے۔

**حقیقت پسندانہ جائزہ اور وسیع تیاری** ہم کو اس صورت حال کا وسیع النظری، وسیع القلبی اور حقیقت پسندی کیساتھ جائزہ لینا چاہیئے اور دیکھنا چاہیئے کہ ہم کو زندگی کے میدان میں اترنے اور اسلامی دعوت، اور شریعت اسلامی کی حفاظت کا مقدس فریضہ اپنے ذمہ لینے سے پہلے کیا کیا تیاریاں کرنی چاہیئے، اور کن جدید اسلحہ سے مسلح، اور کن جدید طریقہ ہائے جنگ سے واقف، اور ان میں ماہر ہونا چاہیئے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



آپ کے لئے تقدیر الٰہی نے اس زمانہ کا انتخاب کیا ہے، سب سے پہلے آپ کو معلوم ہونا چاہیئے کہ آپ کس زمانہ کے لئے پیدا کئے گئے ہیں، یہ بات قابل فکر بھی ہے، قابل تعریف بھی، ہمدردی کی مستحق بھی ہے، اور مبارکباد کی بھی، مبارکباد کی اس لئے کہ اللہ تعالےٰ نے آپ کو اس کا اہل سمجھا، اور اتنی جلیل القدر خدمت آپ کے سپرد کی آپ اس ذمہ داری کو قبول کیجیئے، وقت کے اس خطرے، اور زمانہ کی اس سنگینی کو سمجھئے اور اس کی دعا کیجیئے، اور خدا سے توفیق مانگئے کہ جس طرح آپ کے اسلاف کرام نے اپنے زمانہ کے بدعات و تحریفات اور اپنے زمانہ کے فتنوں اور ضلالتوں کو قبول نہیں کیا، آپ اس وقت کی بدعات و تحریفات اس دور کے فتنوں اور ضلالتوں اور جاہلیتوں کو قبول نہ کریں۔

**مذہب کا مغربی تصوّر اور اس کا فتنہ** | آپ اس چیلنج کو قبول کریں جو مذہب کو ہر قسم کے اثر و رہنمائی سے، اور زندگی میں مداخلت کرنے سے محروم کر دیتا ہے، مذہب بیزار یورپ کے اس مسلمہ اصول پر اعتقاد رکھتا ہے کہ مذہب ایک پرائیوٹ معاملہ ہے، جو ہر قسم کے آزاد نظام تعلیم آزاد تعلیم گاہوں اور مکمل و ہمہ گیر تہذیب کے نظریہ کا مخالف ہے، اور جس کے بعد ہندوستان کی صورت وہی ہو جائے گی جس کو اقبال نے نصف صدی پہلے کہہ دیا تھا۔

ملاّ کو جو ہے ہند میں سجدہ کی اجازت
نادان سمجھتا ہے کہ اسلام ہے آزاد

**دیوبند کے فضلاء کتنے مؤثر اور کامیاب ہو سکتے ہیں** | صرف دار العلوم دیوبند کے فضلاء اگر عزم کر لیں، اور توفیق الٰہی ان کی دستگیری کرے تو اس صورت حال کی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



میں بہت کچھ تبدیلی پیدا کر سکتے ہیں' ان کا جمہور وعوام سے جو ربط ہے وہ کسی دینی جماعت کا نہیں' ان کے سارے ہندوستان میں مدارس کا جن کو ہم مدارس عربیہ کہتے ہیں' جال بچھا ہوا ہے' اور اس درسگاہ کے علماء و فضلاء وہاں مسندِ درس پر متمکن' عام مسلمانوں میں "ذی اعتبار" اور مساجد و محلوں میں با اثر ہیں لیکن اس کیلئے ایک ایسی قلندرانہ جرأت اور ایک ایسے مستانہ یقین کی ضرورت ہے جس کو دیکھ کر ترجمان حقیقت شاعر پکار اٹھے ؎

ہوا ہے گو تند و تیز لیکن چراغ اپنا جلا رہا ہے
وہ مردِ درویش جس کو حق نے دیئے ہیں انداز خسروانہ

**ذہن وکردار کی تعمیر** ان نئے حالات سے عہدہ برآ ہونے کے لئے آپ کو ذہنی طور پر بھی تیار ہونا پڑے گا اور علمی طور پر بھی اور اخلاقی و روحانی طور پر بھی' ایک طرف آپ کو جدید فتنوں اور فلسفوں کی حقیقت و ماہیت کا پس منظر ان کے محرکات اور عوامل اور ان کے ارتقاء کی تاریخ کا غائر نظر سے مطالعہ کرنا ہوگا کہ اپنے حریف اور مدمقابل کو پوری طرح پہچاننا' اس کی طاقت' اور اس کے مقاصد سے واقف ہونا مقابلہ کیلئے شرط اولین ہے' دوسری طرف آپکو اپنے اندر اتنی پختگی' اور صلابت اور اتنی خودداری اور خودشناسی پیدا کرنی ہوگی کہ کوئی آپ سے آپ کے ضمیر کا' آپ کے عقیدہ کا' اور آپکی دینی حمیت کا سودا کرنے کا خواب بھی نہ دیکھ سکے' موجودہ نظام تعلیم اپنے فضلاء کو ایک کفِ جو پر بکنا' اور اپنے جوہر و ہنر کا نیلام کرنا سکھاتا ہے' مگر ہمارا نظام تعلیم اس کا قائل ہے کہ ؎

ہر دو عالم قیمت خود گفتہ ئی
نرخ بالا کن کہ ارزانی ہنوز

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



**موجودہ عہد کی عام ضمیر فروشی** | یہ عام ضمیر فروشی کا دور ہے، بڑے بڑے فاضل اور صاحب قلم ہیں، جن کی ذہانت، اور جن کے مطالعہ کے سامنے ہماری کوئی حیثیت نہیں، لیکن ضمیر کے نام کی کوئی چیز ان کے یہاں نہیں پائی جاتی، ان کے دماغ کی جگہ پر دماغ ہے، اور دل کی جگہ پر بھی دماغ ہی ہے، بلکہ ان کے پہلو میں ایک دھڑکتے ہوئے دل کے بجائے ایک رواں دواں قلم رکھا ہوا ہے، جو سب کچھ لکھ سکتا ہے، جس کے یہاں آخرت کی جوابدہی، اور ضمیر کی ملامت، اور سرزنش کا کوئی سوال نہیں، ان میں زمانہ کے ساتھ بدلنے، اور اس کے مطالبوں کی ترجمانی کرنے کی غیر محدود صلاحیت ہے۔

**نئی قیادت کی ضرورت** | آپ یہاں سے مدرس بن کر نکلیں، مبارک، آپ علمی متون کے شارح ہوں، مبارک آپ واعظ و خطیب ہوں، مبارک، آپ کتابوں کے مصنف ہوں، مبارک میں بھی اس کا گنہگار ہوں، لیکن اس وقت زمانہ کو اس سے زیادہ کسی اور چیز کی ضرورت ہے، اس وقت زمانہ کو ان مردان کار کی ضرورت ہے، جو اس نئے دور کو ایک نئی فکری قیادت، ایک نیا دینی اعتماد، ایک نئی روحانی و اخلاقی قوت عطا کر سکیں، اگر ایسا نہ ہوا، تو ہندوستانی مسلمانوں کے لئے ایک بڑا خطرہ ہے اور اس ملک کے لئے بھی، آج زمین ہمارے پاؤں تلے سے نکلتی جا رہی ہے اور بالکل وہی صورت حال ہے، جس کی قرآن مجید نے اپنے الفاظ میں تصویر کھینچی ہے۔

| | |
|---|---|
| أَوَلَمْ يَرَوْا أَنَّا نَأْتِي الْأَرْضَ نَنْقُصُهَا مِنْ أَطْرَافِهَا۔ (سورہ الرعد۔ ۴۱) | اور کیا انہوں نے نہیں دیکھا کہ ہم زمین کو اسکے کناروں سے گھٹائے چلے جاتے ہیں۔ |
| وَضَاقَتْ عَلَيْهِمُ الْأَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ | اور زمین باوجود (اتنی بڑی) فراخی کے تم پر تنگ ہوگئی |

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



وَضَاقَتْ عَلَيْهِمْ أَنْفُسُهُمْ ۔ (سورہ التوبہ ۱۱۸) اور ان کی جانیں ان پر دوبھر ہو گئیں ۔

آج ہم جس زمین پر کھڑے ہوئے ہیں، اور جس پر دینی و علمی مرکزوں کے قلعے تعمیر کر رہے ہیں، وہ کوئی پتھر کی چٹان یا مسطح میدان نہیں ہے، وہ ریت کا ایک تودہ ہے، جس کے ذروں کو ہواؤں کے طوفان اڑا رہے ہیں، اور جو برابر ہمارے نیچے سے کھسک رہی ہے، یہ وہی زمین ہے، جس کو قرآن مجید نے "كَثِيبًا مَّهِيلًا" کہا ہے ۔

**حقیقت شناسی، اور خود شناسی** دوستو! قبل اس کے کہ زمانہ آپ کو سبق دے، زمانہ کے بے درد اور بے رحم حقائق آپ کی آنکھیں کھولیں، آپ خود آنکھ کھولنے اور روشنی حاصل کرنے کی کوشش کریں، گرد و پیش کی دنیا کا جائزہ لیں، اور دیکھیں کہ اچانک آپ کو انقلاب روزگار نے کہاں لا کر کھڑا کر دیا ہے، کہاں مولانا محمد علیؒ مونگیری، اور مولانا شبلیؒ کا عہد اور کہاں آج کا عہد، اگر آپ عزم کے ساتھ اس انداز پر اپنے ذہنوں کی تعمیر کریں، اور اساتذہ کرام رہنمائی فرمائیں، کہ جب آپ اس دنیا سے نکلیں تو آپ اس وسیع دنیا کے (جس میں آپ کو زندگی گزارنا ہے) حقائق سے آنکھیں ملا سکیں حالات سے پنجہ آزمائی کر سکیں ۔

آپ کے اسی گروہ کے اندر ان بوسیدہ کپڑوں اور نحیف جسموں میں شیر خفتہ ہیں، آپ ہی کے اندر ایسے پاک نفس داعی، اور ایسے بے لوث مصلح ہیں، جن سے آپ بھی بے خبر ہیں، اور آپ کے اساتذہ بھی اور آپ کے دوست و رفیق بھی، میں انہیں خوابیدہ صلاحیتوں کو اپنی اس کمزور اور ناتواں آواز سے دستک دے رہا ہوں، کاش کہ میری آواز ان دروازوں کے پار پہنچ جائے، اور سونے والوں میں بیداری ہو، اور آپ اپنی بے کراں صلاحیتوں سے واقف ہوں، اقبال نے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہلال عید کو مخاطب کر کے کہا تھا، میں آپ کو مخاطب کر کے کہتا ہوں ؎

برخود نظر کشا ز تہی دامنی مرنج
در سینۂ تو ماہ تمامے نہادہ اند

○

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# زمانہ جس زبان کو سمجھتا ہے وہ نفع اور زندگی کے استحقاق کی زبان ہے

یہ اہم تقریر ۲۷ محرم الحرام ۹۳ھ مطابق ۲ مارچ ۷۳ء دارالحدیث جامعہ رحمانی خانقاہ مونگیر میں کی گئی۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# زمانہ جس زبان کو سمجھتا ہے وہ نفع اور زندگی کے استحقاق کی زبان ہے

بعد حمد وصلوٰۃ۔

حضرات امیر شریعت اساتذۂ کرامؒ طلبائے عزیز! آج میری ایک دیرینہ آرزو پوری ہوئی، کہ میں یہاں اس عزیز و محبوب سرزمین پر حاضر ہوا۔ میری یہ حاضری آپ کے لئے کسی نفع یا کسی خدمت کا ذریعہ ہے یا نہیں اس میں بہت شبہ کی گنجائش ہے، اور یقین کے ساتھ نہیں کہا جا سکتا کہ میں آپ کی کوئی خدمت انجام دے سکوں گا، اور ان توقعات کو پورا کر سکوں گا جن کا آپ نے اپنے اس مخلصانہ سپاس نامہ میں اظہار کیا ہے۔ لیکن اس میں کوئی شک نہیں کہ یہ حاضری میرے لئے موجب سعادت اور باعث سرفرازی ہے۔ میں یہاں خادمانہ حاضر ہوا ہوں، عزیزانہ بھی، برادرانہ بھی لیکن اس سے زیادہ خادمانہ۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ اگر میرے والد ماجد رحمۃ اللہ علیہ بھی یہاں تشریف لاتے تو وہ بھی اس حاضری پر خوش ہوتے، اور جن کی خدمت میں وہ آتے ان کو بھی اس سے بڑی مسرت ہوتی۔

**قدیم تعلق** | جیسا کہ سپاسنامے میں کہا گیا ہے، میرا اس سلسلہ سے اور اس ذات

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



گرامی سے جس سے اس جگہ کا انتساب ہے، بہت قدیم اور عمیق تعلق ہے اور میں اس تعلق پر نازاں بھی ہوں، شکرگذار بھی اور اللہ تعالیٰ سے دعاگو بھی کہ اس کو باقی رکھے میں یہاں بالکل محسوس نہیں کرتا کہ میں کسی نئی جگہ پر ہوں اور کچھ اجنبی طلبہ کو کسی مدرسے کے طالب علموں کو خطاب کر رہا ہوں۔ میں بالکل یہ محسوس کرتا ہوں کہ اپنے خاندان کے افراد کو اپنے ہی خاندان کے نونہالوں اور عزیزوں کو خطاب کر رہا ہوں، اور غالباً حضرت مولانا منت اللہ صاحب امیر شریعت بھی یہی سمجھتے ہوں گے، اور یہی محسوس کرتے ہوں گے، اور انہوں نے مجھے بلا کر یہ تصور نہ کیا ہوگا کہ وہ کسی اجنبی کو دعوت دے رہے ہیں، بلکہ اپنے ہی ایک عزیز اور فرد خاندان کو اپنے بچوں سے اور اس چمن کے نونہالوں سے ملا رہے ہیں، اس لئے آپ سے مجھے نہ کسی قسم کی کوئی معذرت کرنی ہے نہ کوئی رسمی شکریہ ادا کرنا ہے۔ البتہ اس سپاسنامہ پر اتنا ضرور عرض کروں گا کہ یہ سپاسنامہ تو اس کو پیش کیا جاتا ہے جس سے کسی قسم کی بیگانگی ہو، یا وہ مہمان کی حیثیت رکھتا ہو۔ یہ تو میرا گھر ہے میں یہاں گھر کے ایک فرد کی حیثیت سے حاضر تھا، اور یہ آپ نے تکلف برتا۔ لیکن چونکہ یہ تکلف محبت پر مبنی ہے اور اس کا محرک بہت قابل قدر ہے۔ آپ حضرات نے اپنے تعلق کے اظہار کا یہی طریقہ سمجھا جو آجکل رائج ہے اس لئے میں اس کی زیادہ شکایت نہیں کروں گا، البتہ یہ ضرور کہوں گا کہ اس کی ضرورت نہ تھی، اگر آپ نے خلوص کے ساتھ اس کو پیش کیا تو اس کو سر آنکھوں پہ رکھتا ہوں، اور آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔

**کہنے کی باتیں بہت ہیں** میرے عزیزو! اس وقت آپ سے کہنے کی باتیں بہت ہیں۔ ہم آپ سب ایک ہی کشتی کے سوار ہیں۔ بلکہ میں سمجھتا ہوں کہ دنیا کی جتنی دینی درسگاہیں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہیں خواہ وہ ہندوستان میں ہوں، خواہ وہ مصروشام میں ہوں، خواہ وہ مراکش، الجزائر اور ٹیونس میں ہوں، سب کے طلبہ ایک ہی کشتی کے سوار ہیں۔ یہ کشتی اس وقت ایک متلاطم سمندر میں ہے، اس کے گرداب بلا اور اس کے بھنور بہت سخت ہیں۔ اس میں اس وقت طوفان آیا ہوا ہے، اور بڑے بڑے جہاز جو بڑے بڑے انتظامات سے مسلح ہیں اور جن کے تحفظ کا پورا سامان کیا گیا ہے، اور جو سمندر کے رخ پر بہہ رہے ہیں وہ بھی اس وقت تلاطم میں ہیں وہ بھی اس وقت ایک خطرہ محسوس کرتے ہیں چہ جائیکہ ہم اور آپ جو دریا کے رخ کے بالکل خلاف اپنی کشتی کو لے جا رہے ہیں اس لئے ہم آپ کو بہت سنجیدگی کے ساتھ اپنے مسئلہ پر غور کرنا چاہیئے۔

**دو فریق** اس میں ایک تو وہ ہے جو دینی مدارس کے مستقبل سے بالکل مایوس ہے، ان کی افادیت کا منکر ہے۔ اور اس کی سمجھ میں نہیں آتا کہ یہ کس غرض کے لئے ہیں اور یہ کیا خدمت انجام دیں گے اور ان کا کوئی فائدہ بھی ہے یا نہیں، ان کے پاس بدلے ہوئے زمانہ کے لئے کوئی پیام ہے، یہ اپنے اندر کوئی افادیت رکھتے ہیں، ان کے اندر باقی رہنے کی بھی صلاحیت ہے؟

ایک فریق وہ ہے کہ جو بالکل خواب غفلت میں مدہوش ہے۔ وہ حقائق کو بالکل نہیں سوچتا۔ وہ یہ سمجھتا ہے کہ جیسے آج سے چار سو برس اور چھ سو برس پہلے کا زمانہ ہے، جامعہ نظامیہ بغداد کا زمانہ ہے۔ اس کو کسی تغیر و انقلاب کی خبر نہیں، یا اگر خبر ہے تو اس نے اپنے کو اس سے بالکل بے تعلق بنا رکھا ہے جیسا کہ آپ نے سنا ہوگا کہ شتر مرغ ریت میں اپنا سر دھنسا دیتا ہے۔ اور خارجی دنیا سے آنکھیں بند کر لیتا ہے اور پھر اسکو خبر نہیں ہوتی کہ کیا ہوتا ہے۔ جب وہ نہیں دیکھتا تو سمجھتا ہے کہ کچھ ہو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہی نہیں رہا ہے۔ یہ دونوں فریق دوسروں پر ہیں۔ دونوں، دو مختلف انتہاؤں پر ہیں جسے ہماری درسی زبان میں علی طرفی الاخیر کہتے ہیں، ان میں کوئی بھی حقیقت پسندی سے کام نہیں لے رہا ہے۔ اور کسی کی بھی راہ، اعتدال کی راہ نہیں ہے۔

**زمانہ تیزی کے ساتھ بدل رہا ہے** آپ سے کوئی چھپی ڈھکی بات نہیں ہے، اور اس کے لئے کسی بڑے انکشاف اور کسی بڑی تحقیق کی ضرورت نہیں ہے کہ زمانہ بہت نازک ہے اور زمانہ بہت تیزی کے ساتھ بدل رہا ہے بلکہ بدل چکا ہے اور اس کے بعد بھی وہ ایک جگہ پر رُکا ہوا نہیں ہے، بلکہ بدلتا چلا جا رہا ہے اس لئے ہمارے مدارس کے طلبہ کو ان دونوں فریقوں سے بالکل ہٹ کر ٹھنڈے دماغ سے اور بہت صبر و سکون اور بڑی سنجیدگی کے ساتھ غور کرنا چاہیئے کہ ان کا مستقبل کیا ہے اور وہ کیا خدمت انجام دے سکتے ہیں۔

**مذہب کوئی عجائب خانہ اور میوزیم نہیں** یہ میں آپ سے کہدوں، بڑی بڑی کتابیں آپ پڑھ سکتے اور آپ نے پڑھی ہوں گی، اور اگر پڑھنے کا ابھی موقع نہیں ملا تو آپ آئندہ پڑھ سکتے ہیں اس موضوع پر بڑی اچھی اچھی کتابیں ہیں، لوگوں نے علمی حیثیت سے تحقیقی طریقے پر اس پر بحث کی ہے کہ کسی نظام کو محض روایات پرستی، محض قوت مقابلہ اور محض اصرار اور انکار کے ساتھ باقی نہیں رکھا جا سکتا، کوئی صالح سے صالح نظام ہو، اس کو محض روایت پرستی پر اور ایک مقدس ورثہ کے طور پر یا آثار قدیمہ کے طور پر باقی نہیں رکھا جا سکتا۔ دنیا میں آثار قدیمہ کی گنجائش تو ضرور ہے۔ اور آپ نے بڑے بڑے شہروں میں آثار قدیمہ کے مرکز دیکھے ہوں گے، وہاں زندہ عجائب خانے بھی ہیں اور مردہ عجائب گھر بھی ہیں، شاید آپ کے صوبہ کے دارالحکومت پٹنہ میں بھی کوئی ایسی جگہ ہو۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ایسے آثار قدیمہ دنیا میں نہ صرف یہ کہ باقی رکھے جاتے ہیں بلکہ ان کو سینے سے بھی لگایا جاتا ہے اور ان کے لئے بہت بڑا قطعۂ زمین مخصوص کر دیا جاتا ہے، اوران کے لئے حکومت کے بجٹ کا ایک بہت بڑا حصہ بھی مخصوص کر دیا جاتا ہے۔ یہ صحیح ہے لیکن اس کی حیثیت کیا ہے۔ اس کی حیثیت ایک بے ضرر، ایک غیر متعلق، ایک قابلِ زیارت، قابل دید، اور تفریح کے ایک سامان کے طور پر یا قدیم یادگاروں کے ایک مجموعہ کی ہے۔ اس سے زائد کچھ نہیں۔ ان کو اس لئے نہیں رکھا جاتا کہ زندگی میں ان کی ضرورت ہے۔ ان کے بغیر کام نہیں چلتا۔ وہ ایک بہت اہم خدمت انجام دے رہے ہیں۔ بالکل نہیں، بلکہ صرف اس لئے کہ اس مشغول زندگی میں کبھی کبھی تفریح کی ضرورت ہوتی ہے، تو ان سے تفریح حاصل ہوتی ہے، یا پھر قدیم تاریخ پر فخر کرنے کا ایک موقع ملتا ہے کہ قدیم عظمت کا وہ نشان ہے کسی قوم کسی ملک کے ایک دور کی تہذیب کا مرقع ہے، اگر آثار قدیمہ کے اندر احساس ہوتا یا جن کی طرف ان آثار قدیمہ کی نسبت ہے وہ اگر زندہ ہوتے تو ہرگز اس صورت حال پر خوش نہ ہوتے۔

**یہ پوزیشن کوئی زندہ اور صاحبِ دعوت قوم قبول نہیں کر سکتی** | کوئی زندہ جماعت جو پیام رکھتی ہے جس کا ایک مقام ہے۔ جس کو بعض حقیقتوں پر اصرار ہے، جس کو بعض چیزوں سے انکار ہے، جس کا اپنا ایک راستہ ہے، جس کو خدا نے روشنی عطا کی ہے، جو کچھ چیزوں کو غلط سمجھتی ہے، کچھ چیزوں کو صحیح سمجھتی ہے، وہ ہرگز اس پوزیشن کو قبول کرنے کے لئے تیار نہیں کہ اس کے لئے کوئی جگہ مخصوص کر دی جائے اور اس کو بے ضرر سمجھ کر وہاں رہنے کا موقع دیا جائے جیسا کہ فراعنہ قدیم کی لاشیں ممی کی ہوئی .... مصر میں رکھی ہوئی ہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



**عربی مدارس آثارِ قدیمہ کے طور پر** | جو لوگ عربی مدارس کی وکالت اور ان کی سفارش اس انداز سے کرتے ہیں کہ بھئی آپ کے یہاں بڑے بڑے میوزیم ہیں آپ کے یہاں بڑے بڑے دار الآثار ہیں۔ برطانوی قوم کا حال یہ ہے کہ اس کو سب سے زیادہ شغف ہے میوزیم سے۔ شاید جتنے بڑے بڑے میوزیم لندن میں ہوں دنیا کے کسی شہر میں ہوں۔ اس لحاظ سے یہ عربی مدرسے آثارِ قدیمہ کی حیثیت سے باقی رکھے جائیں تو میں کم از کم ایسی پوزیشن کو ہرگز قبول کرنے پر تیار نہیں، میں سمجھتا ہوں کہ جس نظام کی وکالت حضرت مولانا محمد قاسم صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے کی اور حضرت مولانا محمد علی صاحب مونگیری نے کی جس کے لئے ندوۃ العلماء کی درسگاہ قائم ہوئی۔ اور جس کے لئے دیوبند قائم ہوا۔ جس سے ہم سب لوگوں کو تعلق ہے۔ اس کی بنیاد ہرگز اس پر نہیں تھی۔ یہ رحم کی کوئی درخواست نہیں تھی، یہ رحم کے لئے کوئی استغاثہ نہیں تھا، کہ صاحبو! بہت سی چیزیں آپ نے چھوڑ دی ہیں، قبرستان بھی باقی ہیں بڑے بڑے آباد اور ایسے شہر کہ جہاں پر ایک گز زمین کا ملنا بھی مشکل ہے، وہاں پر بہت بڑے رقبہ میں قبرستان پڑے ہوئے ہیں۔ ان کا کوئی مصرف نہیں ہے اور وہ ایک بہت بڑی جگہ گھیرے ہوئے ہیں۔ بہت سے لوگوں کے مکانات بھی بن سکتے ہیں مکانات کے لئے لوگوں کے پاس جگہ نہیں ہے۔ شہر تنگ ہو رہا ہے، پھیلتا چلا جا رہا ہے اور یہ قبرستان ہیں، آپ نے قبرستان چھوڑ رکھے ہیں۔ آپ کا کیا حرج ہے اگر آپ ان مدرسوں کو بھی اسی طرح چھوڑ دیں، کم سے کم میں اس پوزیشن کو قبول کرنے کے لئے بالکل تیار نہیں ہوں۔

بہر حال ایک تو فریق یہ سمجھتا ہے کہ یہ مدرسے اپنی افادیت، اپنی زندگی کی صلاحیت

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ختم کر چکے ہیں، اور اب ان کو... آثار قدیمہ کے طور پر باقی رکھنا چاہیئے۔ تو میں آپ سے یہ کہہ رہا تھا کہ اول تو میں اس پوزیشن کو قبول نہیں کرتا، دوسرے یہ کہ دنیا میں جو اس مقام پر آجائے، جو اپنے لئے یہ مقام پسند کرلے اس کے لئے پھر زندگی کی زیادہ گنجائش نہیں ہوتی۔ آج اگر قبرستانوں کو لوگوں نے کسی وجہ سے چھوڑ رکھا ہے تو کل ان کو نہیں چھوڑیں گے۔ چنانچہ آپ دیکھ لیجئے کہ دہلی میں حضرت خواجہ باقی باللہ کا قبرستان کتنا بڑا تھا۔ اس کے دیکھنے والے یہاں بھی موجود ہوں گے۔ میں بھی جب شروع میں دہلی جایا کرتا تھا، دہلی کی سیر کرتا تھا تو ایک لق ودق میدان تھا۔ ہزاروں ہزار قبریں تھیں۔ اب ان کو تلاش کرتے رہیئے۔ اب جہاں حضرت خواجہ کا مزار ہے اس کے آس پاس کا تھوڑا سا حصہ باقی رہ گیا ہے، اس لئے کہ شہر کی ضروریات بڑھتی جاتی ہیں اور شہر کی ضرورت کو ایک حقیقت سمجھا جاتا ہے اور یہ چیزیں محض ایک رعایت اور مجبوری کے دائرہ میں آتی ہیں اور رعایت ومجبوری حقیقت کا مقابلہ نہیں کرسکتی، اس لئے اول تو ان مدارس کی پوزیشن صحیح نہیں، دوسری بات یہ کہ تاریخ یہ ثابت کرتی ہے کہ ان چیزوں کو رواں دواں اور حقیقت پسند زندگی، وہ زندگی جو زندگی کی صلاحیتوں سے نہ صرف معمور بلکہ مخمور اور مدہوش ہے۔ اور جو کسی کو قبول کرنے کے لئے کسی کو اپنے حصہ میں سے حصہ دینے کے لئے تیار نہیں ہے۔ زیادہ دیر تک برداشت نہیں کرسکتی۔

**محض قدامت اور تاریخ کے سہارے پر کوئی ادارہ زندہ نہیں رہ سکتا** دنیا میں کوئی ادارہ محض اس وجہ سے نہیں چل سکتا کہ یہ ادارہ آج سے سو برس دو سو برس پہلے قائم ہوا۔ اور اس نے کچھ مفید خدمت انجام دی تھی۔ محض تاریخ کے بل پر، محض تاریخ کے سہارے کوئی ادارہ، کوئی تحریک، کوئی فلسفہ، کوئی نظام نہ چلا ہے نہ چلے گا۔ اگر آپ کسی ادارے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کو قائم رکھنے کے لئے اور اس کے لئے کچھ مراعات حاصل کرنے کے لئے اس کی تاریخ پیش کرتے ہیں کہ اس نے دور ماضی میں یہ خدمات انجام دیں۔ تو لوگ اس کو بالکل نہیں سنیں گے۔ اور اگر کوئی آج خاموش ہو جائیگا تو کل ان کے اندر سے نہایت پرزور اور پرجوش تقاضہ پیدا ہو گا کہ اس کو ختم کر دینا چاہیئے۔

**بقاء انفع کا بے لاگ قانون** اللہ تعالیٰ کا جو نظام اس کائنات میں جاری و ساری ہے جو ہمیں قرآن مجید اور تاریخ کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے، وہ بقائے انفع کا قانون ہے۔ یوں تو اس وقت دنیا نے جس قانون کو تسلیم کیا، وہ بقائے اصلح کا قانون ہے (SURVIVAL OF THE FITTEST) لیکن حقیقت میں قرآن مجید سے جو سمجھ میں آتا ہے، وہ ہے بقائے انفع کا قانون، صاف صاف قرآن مجید میں ہے، سورۂ رعد کی آیت ہے۔ آپ نے بہت پڑھی ہوگی اور اس کی تفسیر بھی دیکھی ہوگی۔ "فَأَمَّا الزَّبَدُ فَيَذْهَبُ جُفَاءً وَ أَمَّا مَا يَنْفَعُ النَّاسَ فَيَمْكُثُ فِي الْأَرْضِ كَذٰلِكَ يَضْرِبُ اللّٰهُ الْأَمْثَالَ" جس چیز میں کوئی نافعیت نہیں، جس چیز میں کوئی پیام نہیں ہے، جو چیز کوئی اہم خدمت انجام نہیں دے رہی ہے، جس پر انسان کی بقاء اور نشو و نما اور انسان کی راحت اور ترقی کا کوئی انحصار نہیں ہے اس کو قرآن مجید نے زبد کے لفظ سے ادا کیا ہے۔ جو بہت ہی جامع اور نہایت وسیع اور عمیق لفظ ہے، اور معانی سے لبریز ہے۔ زبد پھین کو کہتے ہیں یعنی دریا کا وہ جھاگ جو اپنے اندر کوئی ہستی نہیں رکھتا جس کے اندر ثبات و استقامت کی کوئی صلاحیت نہیں، وہ دریا کے جوش کی ایک نمود ہے، دریا کے جوش کا ایک خارجی ظہور ہے، اور اس کے اندر کوئی استقرار نہیں کوئی صلابت نہیں،

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بس ایک پھولی ہوئی سی چیز ہے جس کے اندر ہوا بھر گئی ہے، یا یہ کہئے کہ نیچے کا جو میل کچیل تھا وہ اُوپر آگیا ہے۔ اس کے اندر انسانوں کو فائدہ پہنچانے کی کوئی صلاحیت نہیں ہے، وہ اوپر اوپر بہہ جائے گا یا کنارہ پر جا کر کہیں کسی چیز سے اٹک جائے گا اور باقی نہیں رہے گا، اس لئے کہ اس میں باقی رہنے کی صلاحیت نہیں ہے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ کا جو قانون تربیت ہے، وہ قانون تربیت اس کی اجازت نہیں دیتا کہ زبد زیادہ دنوں تک باقی رہے، اس لئے کہ یہ عالم اتنی وسعت نہیں رکھتا کہ اس میں زبد کی سمائی ہو۔ اگر دریاؤں کا جھاگ اور پانی کا بھین اس طرح باقی رہنے لگے تو جن کو باقی رہنا چاہیئے ان کے لئے مشکل ہو جائے واما ما ینفع الناس لیکن جو چیز لوگوں کو نفع پہنچانے والی ہے فیمکث فی الارض وہ ٹھہر جاتی ہے۔

**زمانہ جس زبان کو سمجھتا ہے وہ نفع اور زندگی کے استحقاق کی زبان ہے** تو اگر ہمارے مدارس یہ چاہتے ہیں کہ وہ باقی رہیں، اور وہ اس زندگی میں اپنی جگہ بنانا چاہتے ہیں، زندگی کا استحقاق ثابت کرنا چاہتے ہیں تو ان کو اپنے اندر نافعیت پیدا کرنی چاہیئے کہ زندگی کی کوئی ضرورت ہے، جو ان کے بغیر پوری نہیں ہوتی۔ اس لئے کہ زمانہ جس زبان کو سمجھتا ہے، اور ہر زمانہ میں سمجھتا رہا ہے، اس کے لئے ترجمہ کی ضرورت نہیں، وہ آپ عربی میں کہئے تو زمانہ سمجھے گا، انگریزی میں کہئے تو سمجھے گا۔ اور زبان بےزبانی میں کہئے تو سمجھے گا۔ گونگا اس کو کہے گا، اس کا اظہار کرے گا تو زمانہ سمجھے گا۔ اور اگر اپنے زمانہ کا کوئی سحبان اور اپنے زمانہ کا کوئی لسان اس کا اظہار کرے گا تو زمانہ سمجھے گا۔ زمانہ جس زبان کو سمجھتا ہے وہ نفع کی زبان ہے۔ وہ زندگی کے استحقاق کی زبان ہے، زندگی جیسا کہ اقبال نے کہا ہے، ایک استحقاق ہے، زندگی کوئی خیرات نہیں، زندگی تو خود حاصل

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کی جاتی ہے۔ آپ اس کا استحقاق پیدا کر لیجئے تو دنیا آپ کو تسلیم کرنے پر مجبور ہوگی، جرمنی کو دو ہولناک جنگوں کے بعد بھی اس لئے باقی رکھا گیا ہے کہ اس نے اپنی صلاحیت کا ثبوت دیا۔ اس کو ہمیشہ کے لئے کوئی ختم نہیں کرسکا۔ بہت سی قومیں دنیا میں ہیں جو بالکل ختم ہوگئیں، لیکن بہت سی قومیں ایسی ہیں جو بار بار شکست کھانے کے بعد بھی باقی ہیں۔ مسلمانوں نے تاتاریوں سے شکست کھائی اور ایسی کھائی کہ شاید دنیا کی کسی قوم نے ایسی شکست نہیں کھائی تھی لیکن چونکہ ان کے اندر ما ینفع الناس کا مادہ تھا۔ وہ ایک پیام رکھتے تھے۔ وہ ایک زندہ دعوت رکھتے تھے، اس لئے تاتاریوں کو ان کے سامنے جھکنا پڑا۔ وہ تاتاریوں کے سامنے جھکے ان کی تلوار کے سامنے جھکے لیکن تاتاریوں کی تلواروں کو، دلوں کو اور دماغوں کو ان کی نافعیت کے سامنے، اور ان کے پیام کے سامنے جھکنا پڑا۔

میرے عزیزو! آج ہمارے دینی مدارس کے لئے ایک ہی راستہ ہے اور وہ یہ کہ وہ زندگی کا استحقاق ثابت کریں، اپنا امتیاز ثابت کریں کہ اگر وہ نہ رہے تو زندگی بے معنی ہو جائے گی۔ یا زندگی ناقص ہو جائے گی اور کم سے کم ایک بہت بڑا خلا پیدا ہوگا، ایک بڑا شگاف اس زندگی کے اندر پیدا ہو جائے گا جس کو اور کوئی پر نہیں کرسکتا باقی رحم کی درخواست نہ کبھی دنیا میں سنی گئی ہے نہ کبھی سنی جاسکتی ہے، اور زمانہ تو جمہوریت کا ہے، جمہوریت بھی ایسی کہ اس نے اب کلیت پسندی کو اور کمیونزم کو قبول کرلیا ہے، بالکل سوچ سمجھ کر ایک منزل کے طور پر، منزل ہی نہیں بلکہ ایک فیصلہ کے طور پر اس نے کمیونزم کو قبول کرلیا ہے تو اس میں تو اب بالکل اس کی گنجائش نہیں رہی کہ ہم یہ کہیں کہ بھائی ہمیں فلاں حکومت نے باقی رکھا، ہم فلاں دور میں باقی رہے،

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



آپ بھی ہمیں باقی رکھئے یا آپ یہ کہیں کہ ہم نے جنگ آزادی میں اتنا حصہ لیا تھا۔ ہمارا استحقاق ہے۔ اس کو اب دنیا ماننے کے لئے تیار نہیں ہے۔

**آپ ایک اہم محاذ پر تعینات ہیں** آپ یہ ثابت کیجئے کہ آپ ایک ایسے مورچے پر کھڑے ہوئے ہیں، زندگی کے ایک ایسے محاذ پر کھڑے ہوئے ہیں کہ اگر آپ نے وہ محاذ چھوڑ دیا تو اس کو سنبھالنے والا کوئی نہیں۔ آپ ثابت کریں کہ آپ اخلاق کے محاذ پر کھڑے ہیں۔ خدمت خلق کے محاذ پر کھڑے ہیں، آپ علمی بلندی کے محاذ پر کھڑے ہیں، آپ علمی تحقیق کے محاذ پر کھڑے ہیں۔ آپ نے اگر اپنی جگہ چھوڑ دی یا آپ کو اپنے محاذ سے ہٹا دیا گیا تو زندگی میں اتنا بڑا خلا پیدا ہو گا جس کو نہ یونیورسٹیاں پر کر سکیں گی۔ نہ علمی مجلسیں پر کر سکیں گی، نہ کوئی اکیڈمی پر کر سکے گی، اور نہ کوئی اور کوشش پر کر سکے گی۔ یہ ہے خدا کا بنایا ہوا وہ ابدی قانون جس کو قرآن مجید کی اس آیت میں بیان کیا گیا ہے کہ "فَأَمَّا الزَّبَدُ فَيَذْهَبُ جُفَاءً ۖ وَأَمَّا مَا يَنفَعُ النَّاسَ فَيَمْكُثُ فِي الْأَرْضِ ۚ كَذَٰلِكَ يَضْرِبُ اللَّهُ الْأَمْثَالَ" پہلی بات تو یہ ہے کہ اب اس وقت ہمارے مدارس کہ محض مسلمانوں کے جذبۂ خیر، مسلمانوں کے دین پسندی، اسلام پسندی یا محض مسلمانوں کے دین و شریعت کے احترام یا محض بعض علماء کی قربانی یا بعض علماء کی بزرگی کے بل پر قائم نہیں رہ سکتے، میں دل پر پتھر رکھ کر یہ الفاظ کہہ رہا ہوں اور خود مجھے اس سے تکلیف ہے، لیکن یہ حقیقت ہے جس کا اظہار کم سے کم اس درسگاہ کے عزیز طلبہ کے سامنے ہو جانا چاہیئے جس کے بانی نے زمانہ کی نبض کو پہچانا، جس کے بانی نے سب سے پہلے اپنے دور میں یہ اعلان کیا کہ زمانہ بدل گیا ہے، زمانے کے جائز تغیرات کو واقعی تغیرات تسلیم کرنا چاہیئے، اور اپنی افادیت ثابت کرنی چاہیئے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



**حضرت مولانا محمد علی مونگیریؒ کی فراست وبصیرت** | حضرت مولانا محمد علی صاحب مونگیری رحمۃ اللہ علیہ جن کو آپ حضرات ایک شیخ طریقت کی حیثیت سے جانتے ہیں۔ بیشک وہ ایک بلند پایہ شیخ طریقت تھے، بہت اعلیٰ صاحبِ نسبت بزرگوں میں تھے اور اس کی شہادت ان کے تمام معاصرین نے دی ہے۔ حضرت مولانا فضل الرحمٰن صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے الفاظ ان کے متعلق بہت بلند ہیں کہ اس کی بلندی تک ہماری رسائی ممکن نہیں لیکن اس میں اضافہ کرتے ہوئے میں عرض کروں گا کہ اللہ تعالیٰ نے ان کو وہ بصیرت عطا فرمائی تھی، وہ ادراکِ صحیح اور نور باطن عطا فرمایا تھا جو بہت کم لوگوں کو ملا کرتا ہے، انہیں لوگوں کو ملتا ہے جن سے اللہ تعالیٰ کوئی بڑا کام لیتا ہے۔ اقبال نے جو کہا ہے میں ان کو بالکل اس کا مصداق سمجھتا ہوں؎

دو صد دانا دریں محفل سخن گفت　　سخن نازک تر از برگ سمن گفت

ولے بامن بگو آں دیدہ ورکیست　　کہ خارے دید واحوالے چمن گفت

**ندوۃ العلماء کی تحریک دینی بصیرت کا نقطۂ عروج ہے** | یہ ندوۃ العلماء کی تحریک معمولی تحریک نہیں ہے۔ یہ اس زمانہ کی دینی بصیرت کا نقطۂ عروج ہے۔ میں آپ کو حضرت مولانا محمد علی کی درسگاہ کا طالب علم سمجھ کر خطاب کر رہا ہوں۔ میں جامعہ رحمانیہ اور ندوۃ العلماء کو کم جانتا ہوں۔ میں تو حضرت مولانا محمد علی کی درسگاہ کی حیثیت سے آپ کو بھی اور ندوہ کے طلبہ کو بھی خطاب کرتا ہوں۔ دو ہی تین دن پہلے میں نے وہاں کے طلبہ کو خطاب کیا، یہ ایک حسنِ اتفاق ہے کہ آج میں آپ کو خطاب کرنے کی عزت حاصل کر رہا ہوں۔

**کرنے کے دو کام** | میرے عزیزو! اب میں تم سے یہ عرض کروں گا۔ اور میں نے اس

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



میں حضرت امیر شریعت کے مشوروں سے بھی فائدہ اٹھایا ہے، اور انہوں نے مجھے توجہ دلائی ورنہ ممکن ہے کہ میری اس گزارش کا رخ کچھ اور ہوتا۔ اب میں آپ سے آپ کی زبان اور آپ کے مطلب کی بات کہنا چاہتا ہوں۔ آپ دو طرح سے اپنی افادیت ثابت کر سکتے ہیں، اور اپنے وجود کو تسلیم کرا سکتے ہیں، اور زندگی کا استحقاق پیدا کر سکتے ہیں۔ ایک داخلی محاذ سے ایک خارجی محاذ سے۔ داخلی محاذ تو یہ ہے کہ آپ علم میں کمال پیدا کریں یہ بات میں آپ کو ایک ایسے جہاں گرد آدمی کی حیثیت سے بتاتا ہوں جس کے متعلق سپاسنامے میں بھی اشارے ہیں۔ اور حضرت امیر شریعت نے بھی فرمایا، اس میں کوئی تعریف کی بات نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ کی حکمت تھی کہ مجھے باہر جانے کا اتفاق بار بار ہوا۔ اور صرف باہر جانے کا اتفاق نہیں ہوا۔ بلکہ مجھے وہاں کی ان مجلسوں میں شرکت کا اتفاق ہوا جو تعلیمی مسائل پر غور کرنے کے لئے منعقد ہوا کرتی ہیں، اور بعض اداروں سے میرا مستقل تعلق ہے۔ یہ میں نے اس لئے کہا کہ آپ اس گزارش کی قدر و قیمت سمجھیں۔ یہ کوئی عابر سبیل رستہ گزرنے والے آدمی کی بات نہیں، یہ اس شخص کی بات ہے جو ان مجلسوں میں بیٹھا ہے، اور سے

"میرے دیکھے ہوئے ہیں مشرق و مغرب کے میخانے"

میں نے مشرق و مغرب کے میخانے دیکھے ہیں، اس لئے آپ سے یہ عرض کرتا ہوں کہ علم میں کمال پیدا کرنا خواہ وہ کوئی علم ہو آپ کے لئے مفید ہے۔ اگر آپ یہ سمجھتے ہیں کہ ہم عربی میں اور علوم دینیہ میں کمال پیدا کریں گے تو جنگل میں مور ناچا کس نے دیکھا؟ بھلا اس کمال کا قدردان کون ہے یہ آپ کی بے خبری کی بات ہے، میں آپ کو بتاتا ہوں کہ یہاں سے لے کر امریکہ تک، یورپ تک میک گل تک، اور آکسفورڈ اور کیمبرج تک ہر جگہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اس علم کی قدر ہے بشرطیکہ آپ نے اس میں کوئی کمال حاصل کیا ہو۔ لیکن کمال کس کو کہتے ہیں، کمال شُدبُد کو نہیں کہتے، کمال کان یکون کو نہیں کہتے۔ کمال اس کو نہیں کہتے کہ آپ عربی کی عبارت پڑھ لیں اور سمجھ لیں، اس کا نام کسی نے بھی کمال نہیں رکھا۔ کمال وہ ہے جسے کہتے ہیں کہ "جادو وہ جو سر چڑھ کر بولے" کمال وہ ہے جو اپنا اعتراف کرالے، میں آپ کو یقین دلاتا ہوں زمانے کے انقلابات و تغیرات کی یہ سب داستانیں بالکل بے بنیاد ہیں، یہ لوگ آپ کو بالکل دھوکہ دیتے ہیں جو یہ کہتے ہیں کہ زمانہ بدل گیا ہے۔ آپ کہاں ہیں۔ کس چکر میں ہیں۔ آپ کہاں اپنا وقت کھو رہے ہیں۔ ارے بھائی کالج، یونیورسٹی میں پڑھا ہوتا۔ سائنس پڑھی ہوتی انگریزی لٹریچر پڑھا ہوتا۔ آپ نے اکنامکس کا مطالعہ کیا ہوتا۔ آپ نے فزکس کا مطالعہ کیا ہوتا۔ آپ نے ٹیکنالوجی کی تعلیم حاصل کی ہوتی۔ یہ سب ابلہ فریبی اور خیام خیالی ہے اس کے سوا کچھ نہیں۔ کمال آپ کسی چیز میں پیدا کریں اور امتیاز حاصل کرلیں۔ پھر آپ کو کبھی شکایت نہیں ہوگی، کہ زمانہ ہم کو نہیں پوچھتا۔ ہماری کوئی جگہ نہیں ہے۔ آج جو کچھ بھی آپ ہماری دینی تعلیم کا انحطاط دیکھ رہے ہیں وہ بے کمالی کی وجہ سے ہے۔

**طب یونانی کو اسلئے زوال ہوا کہ باکمال لوگ ختم ہوگئے** میں آپ سے ایک بات پوچھتا ہوں، شاید میں اور کوئی مثال دیتا تو اس کے سمجھنے میں دقت ہوتی۔ یہ دیکھئے کہ ایک زمانہ میں سارے ہندوستان میں طب یونانی کا زور تھا۔ ہر ہر جگہ مطب کھلے ہوئے تھے اور ہندو اور مسلمان، اور نیک و بد اور جاہل و عالم سب حکماء کے پاس جاتے تھے اور ان کے مطب کا یہ حال تھا کہ بس ایک بھیڑ لگی رہتی تھی، اور معلوم ہوتا تھا کہ ایک تیر ان کے ہاتھ میں ہے۔ کیا آپ کہتے ہیں کہ طب یونانی کو زوال اسلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہے کہ ڈاکٹری آگئی ہے، ہومیوپیتھک آگئی ہے اور جدید میڈیسن آگئی ہے اس لئے طب یونانی کو زوال ہوا۔ میں بالکل نہیں مانتا۔ طب یونانی کو اس لئے زوال ہوا کہ اب اس طرح کے طبیب نہیں پیدا ہوتے، اب اس طرح کے ذہین طباع، ذی استعداد اور مجتہدانہ ذہن کے طبیب نہیں ہیں۔ اگر آج وہ پیدا ہوجائیں تو میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ ان کے پاس ڈاکٹر جائیں۔ اس میں ذرا مبالغہ نہیں۔ آپ کے شہر کا سول سرجن جھک مار کر ان کے پاس جائے۔ جب اس کی تکلیف رفع نہیں ہوگی تو کیا کرے گا۔ آپ ایک ایسا طبیب پیدا کر دیجئے۔ میں جالینوس اور بقراط کا نام نہیں لیتا۔ میں افسر الاطباء حکیم عبدالعلی جھوائی ٹولہ اور مسیح الملک حکیم اجمل خان کا ذکر کرتا ہوں، حکیم محمود خاں کا ذکر کرتا ہوں، اگر ان کے پائے کا نہیں ان کے آدھے کمال کا بھی کوئی پیدا ہوجائے تو طب یونانی کے زوال وغیرہ کی ساری داستان ختم ہوجائے۔ اور معلوم ہوجائے کہ طب یونانی زندہ ہے، بات یہ ہے کہ پہلے درس نظامی پڑھ کر لوگ طب کی طرف متوجہ ہوتے تھے۔ جتنے بڑے بڑے علماء ہیں تقریباً طب پڑھتے تھے۔ حضرت مولانا رشید احمد صاحب گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ، حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانویؒ، حضرت مولانا مونگیری رحمۃ اللہ علیہ کے متعلق مجھے معلوم نہیں، لیکن اکثر علماء اس زمانہ میں طب پڑھتے تھے، ان میں سے بعض پیشہ کے طور پر اس کو اختیار کر لیتے تھے اور بعض اس سے اشتغال نہیں رکھتے تھے، وہ منطق و فلسفہ پڑھے ہوئے، اور اشارات طوسی وغیرہ پڑھے ہوئے۔ حل کئے ہوئے جب طب کی طرف جاتے تھے، ذہین خاندانوں کے افراد ہوتے تھے، محنت کرتے تھے، تو ان کو ایک ایسا ملکہ حاصل ہوجاتا تھا کہ نبض پر ہاتھ رکھا اور اندر تک پہنچ گئے۔ ایک ایک رگ و ریشہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کو پہچان لیا۔

**مدارس کا بھی یہی حال ہے** یہی ہمارے آپ کے درس کا حال ہے، آپ کسی علم میں کسی فن میں، اختصاص پیدا کرلیں، امتیاز پیدا کرلیں، دنیا آپ کا لوہا مانے گی، اور معاشی مسئلہ بھی حل ہو جائے گا۔ اور مدارس کا جو مسئلہ اس وقت ہمارے یہاں درپیش ہے یہ سب ختم ہو جائے گا۔ یہ سب دراصل ہماری پست ہمتی، سست کوشی اور ہماری کام چوری کی عادت کا نتیجہ ہے کہ آج کوئی استعداد پیدا نہیں ہو رہی ہے۔ اس کا سب سے زیادہ تجربہ تو ہمارے مولانا منت اللہ صاحب کو ہوگا کہ وہ دیوبند میں دیکھتے رہتے ہیں، ندوہ میں دیکھتے رہتے ہیں، دونوں جگہ کے وہ اہم بنیادی رکن ہیں۔ کہ کس طرح کے فضلاء نکل رہے ہیں۔ دورہ کا امتحان لینے کے لئے لوگ گئے اور معلوم ہوا کہ عبارت صحیح نہیں پڑھ سکتے۔ پہلی حدیث۔ اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّيَّاتِ، وَاِنَّمَا لِكُلِّ امْرِئٍ مَّا نَوٰى، ہی کو غلط پڑھا اور ترجمہ بھی غلط کیا۔ اسی طرح کے فضلاء مسلسل ادھر کئی سال سے نکل رہے ہیں، میرے خیال میں کوئی بیس سال سے یہ انحطاط نمایاں طریقے پر شروع ہو گیا ہے، اور پھر یہ شکایت کرتے ہیں کہ ہمارا زمانہ نہیں رہا۔ ہمارے والدین نے ہماری عمر برباد کی۔ آج بھی ایسے لوگ ہیں کہ جنہوں نے کسی فن میں امتیاز پیدا کرلیا، اور جہاں ہیں وہاں مرجع خلائق ہیں، اور ان کا اٹھنا بیٹھنا مشکل ہے۔ اگر کسی نے کسی ایک صنف میں بھی کوئی امتیاز پیدا کرلیا تو بس پھر اس کے لئے فقر و فاقہ اور پریشانی بھی ختم اور اگر ہوگی بھی تو وہ کسی اپنی کمزوری کی وجہ سے ہو تو ہو۔ میں ابھی مولانا کی مجلس میں کہہ رہا تھا کہ میں نے مظاہر العلوم اس مہینہ کے شروع میں غالباً وسط فروری میں تقریر کی تھی اس میں میں نے کہا تھا کہ اگر تم کسی صاحب کمال کے بارے میں سنو یا تاریخ میں پڑھو کہ وہ ضائع

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہوا یا اس کی قدر نہیں ہوئی تو یقین مانو کہ اس کے اندر کوئی کمزوری ہے، کوئی سنک تھی، مراق تھا، سخت غرور تھا، گالیاں دیتا تھا، مارنے کے لئے دوڑتا تھا اور سونے پر آیا تو سوتا چلا جارہا ہے۔ جاگنے پر آیا تو جاگتا چلا جارہا ہے، ایسی کوئی اس کے اندر مراق کی بات تھی اس وجہ سے لوگ اس سے فائدہ نہیں اٹھاسکے۔ ورنہ میں نہیں مانتا کہ کوئی صاحب کمال جس کے اندر توازن اور اعتدال ہو وہ ضائع ہوا ہو۔

**اصل مسئلہ محنت کا ہے** میں آپ سے ایک بات اور بھی کہدوں حالانکہ وہ میری زبان سے آپ اس کو سننے کے بالکل متوقع نہیں ہوں گے اور وہ یہ کہ آپ کو معلوم ہے کہ ہماری درسگاہ ندوۃ العلماء کی بنیاد ہی اصلاح نصاب پر ہے۔ حضرت مولانا محمد علی صاحب مونگیری رحمۃ اللہ علیہ جیسا کہ قدیم نظام تعلیم کا ساختہ و پرداختہ اور اس کا بہترین نمونہ، وہ اس کا داعی، اور ہم بھی اس کے داعی، اور مولانا منت اللہ صاحب بھی اس کے موید۔ لیکن میں آپ سے کہتا ہوں کہ زیادہ مسئلہ نصاب کا بھی نہیں زیادہ مسئلہ محنت کا ہے اور اساتذہ کے پڑھانے کا ہے۔ قدیم نصاب سے وہ لوگ تیار ہوئے جو آج جدید نصاب سے تیار نہیں ہوتے ہیں۔ کیا بات ہے، حالانکہ یقینی بات ہے کہ قدیم نصاب سے جدید نصاب کی بعض چیزیں یقیناً بہتر ہیں۔ مثال کے طور پر جس زمانہ میں نفحۃ الیمن اور مقامات حریری پڑھائی جاتی تھی۔ اور نثر کی کوئی ڈھنگ کی کتاب نہ تھی جس سے زبان و ادب کا صحیح ذوق اور اظہار خیال کی صلاحیت پیدا ہو۔ اس وقت تو ایسے لوگ پیدا ہو گئے جنہوں نے بڑے بڑے کارنامے انجام دیئے۔ علامہ زبیدی پیدا ہوئے، مولانا غلام علی بلگرامی پیدا ہوئے، شیخ محسن بن یحیٰ ترہتی پیدا ہوئے۔ اور نواب صدیق حسن خان پیدا ہوئے، اور مولانا صدرالدین آزردہ پیدا ہوئے۔ اور

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اب جب کہ نثر کی اچھی اچھی کتابیں پڑھائی جارہی ہیں اور اس میں عربی زبان کے بہترین نمونے جمع کر دیئے گئے ہیں، آج ایسے لوگ نہیں پیدا ہو رہے ہیں۔ اگر نصاب اس کا ضامن ہوتا تو اب پیدا ہونا چاہیئے۔ اور ہمیں لوگوں کو دیکھ لیجیئے مولانا مسعود عالم صاحب ندوی ہمارے رفیق تھے اور ہمارے بڑے دوستوں میں تھے انہوں نے عربی لکھنے میں بڑا کمال پیدا کیا۔ اور انہوں نے پڑھا کیا تھا، یہی حریری وغیرہ پڑھی تھی۔ میرے زمانہ میں بھی مختارات وغیرہ لکھی گئی تھی۔ اپنی طالب علمی کے زمانے میں میں نے بھی حریری پڑھی اور دوسری کتابیں پڑھیں، تو اس میں بہت کچھ انحصار اساتذہ کی محنت اور فوق آفرینی اور طلبہ کی محنت اور جدوجہد پر ہے۔ نصاب معاون ہے میں اب بھی نصاب کے تغیر کا داعی ہوں، لیکن تنہا اس پر انحصار نہیں۔

**اصل بات** اصل میں شکایت تو یہ ہے کہ آپ حضرات نے محنت کرنی چھوڑ دی ہے آپ حضرات کے اندر ولولہ نہیں، مسابقت کا جذبہ نہیں، آپ حضرات کسی میں کامل ہونے اور درس کی قوت پیدا کرنے کو فخر کی چیز ہی نہیں سمجھتے، اور ہمارے اسلاف ایسے تھے کہ ان کو بادشاہی ملتی ہو تو مدرسی کی خاطر اس کو وہ قبول کرنے کو تیار نہ تھے۔ مدرس بننے میں وہ اتنا بڑا اعزاز سمجھتے تھے کہ وزارت کو ٹھکرا دیں، اور بعض بعض ایسے حضرات تھے کہ ہیں وزیر اور درس دے رہے ہیں، لکھنؤ میں وزیر آصف الدولہ کے زمانہ میں، سعادت علی خان کے زمانہ میں ہر روز انکے یہاں رات کو درس ہوا کرتا تھا اور دن کو وزارت کا کام ہوا کرتا تھا۔ ایسی بہت سی آپ کو مثالیں ملیں گی۔ تفضل حسین علامہ، ریاضی کے بہت بڑے عالم گزرے ہیں، یہ وزیر او دھ تھے۔ لیکن درس اسطرح دیتے تھے کہ گویا صرف مدرس ہیں۔ ایسی بہت سی مثالیں ہیں لیکن اب ہمارے آپ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کے اندر مدرس بننا وجہ افتخار نہیں رہا۔ بلکہ ہم اس سے شرماتے ہیں کہ ہم مدرس بن جائیں، تو ایک بات آپ سے یہ کہنا ہے کہ داخلی طور پر آپ استعداد درست کیجیے، محنت کیجیے" اور پتہ پانی کیجیے ...... اور دل ماریئے اور کسی فن میں کمال پیدا کیجیے۔

آج ہمارے مدارس میں اس وقت جو بہت بڑا مسئلہ ہے جس کو کرائسس کہنا چاہیئے وہ ہے مدرس کا مسئلہ۔ آج مدرس نہیں مل رہے ہیں۔ ہماری حالت یہ ہے کہ ہم اتنی بڑی درسگاہ لئے بیٹھے ہیں لیکن ہم چاہتے ہیں کہ ہمیں دو تین مدرس بعض فنون کے مل جائیں وہ نہیں مل رہے ہیں۔ اور دیوبند کو اس وقت شیخ الحدیث نہیں مل رہا ہے۔ اب یہ بات آپ کے لئے راز نہیں رہی کہ دیوبند میں شیخ الحدیث کا مسئلہ مناسب طریقہ پر حل نہیں ہو سکا۔ آج مولانا منت اللہ صاحب اس کے رکن رکین ہیں۔ اور وہ خاص کمیٹی جس نے یہ فیصلہ کیا اس میں وہ شریک ہیں، لیکن وہ بھی مطمئن نہیں ہیں۔ میں بھی مطمئن نہیں ہوں، کوئی مطمئن نہیں، یعنی جو دار العلوم کی روایت تھی، جو دار العلوم کا معیار تھا اس کے مطابق ابھی مسئلہ حل طلب ہے۔ کوئی مدرس نہیں مل رہے ہیں، اس لئے میں کہتا ہوں، یہ کام آپ کریں، آپ بالکل نہ دیکھیں کہ آپ گوشے میں پڑے ہوئے ہیں، آپ دیوبند میں نہیں پڑھ رہے ہیں، آپ ندوہ میں نہیں پڑھ رہے ہیں۔ ان باتوں میں کچھ نہیں رکھا ہے۔ آپ یہاں کمال پیدا کیجیے، دیوبند آپ کا محتاج ہو گا "ندوہ آپ کا طالب ہو گا۔ میں آپ کو لکھے دیتا ہوں کہ آپ جس وقت کسی فن میں کمال پیدا کریں۔ دیوبند میں آپ کی جگہ محفوظ، ندوہ میں آپ کی جگہ محفوظ۔

**دینی صلاحیت پیدا کیجیے** ایک بات تو آپ سے یہ کہنا ہے، اور دوسری

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بات یہ' اور اس کے ساتھ ساتھ اپنے اندر دینی صلاحیت پیدا کیجیے۔ آپ کے اندر علمائے ربانی کے کچھ اوصاف ہوں' آپ کے اندر اس سیرت کی جھلک ہو جو ان بزرگوں میں تھی۔ حضرت مولانا محمد علی صاحب' ان کے معاصرین اور ان کے ساتھیوں میں تھی' کچھ استغنار ہو' کچھ اللہ تبارک و تعالیٰ سے تعلق ہو کچھ آپ کو عبادت میں ذوق آئے۔ عوام کی سطح سے آپ کی سطح بلند ہو' اب یہ دو چیزیں ہوئیں۔ فن میں کمال' اور تعلق مع اللہ' یعنی جو علمائے ربانی کا شعار تھا کہ ان کے دیکھنے سے خدا یاد آتا تھا' ان کے پاس بیٹھنے سے آخرت کی یاد تازہ ہوتی تھی اور دل میں گداز اور ایک قسم کی حرارت پیدا ہوتی تھی۔ خدا کی محبت جوش مارتی تھی' کسی درجہ میں وہ بات پیدا ہو۔ یہ تو آپ کو داخلی طور پر کرنا ہے۔

**خارج کے دو کام** خارجی طور پر میں دو باتیں آپ سے کہوں گا کہ یہ آپ کے کرنے کے کام ہیں۔ یہ میں اس لئے نہیں کہہ رہا ہوں کہ میں اس وقت ایک ایسی مجلس میں گفتگو کر رہا ہوں۔ جس میں امیر شریعت تشریف رکھتے ہیں' اور جہاں اس نظام سے وابستہ بہت سے لوگ ہیں۔ میں بالکل دیانتہً آپ سے عرض کر رہا ہوں' اَلْمُسْتَشَارُ مُؤْتَمَنٌ آپ نے جب میرا استقبال کیا ہے۔ مجھ پر اعتماد کیا ہے تو مجھے کہنا چاہیئے کہ ایک کرنے کا کام یہ ہے کہ آپ کم سے کم صوبہ بہار و اڑیسہ میں امارت کے نظام کو پھیلا یئے۔ اور پورے صوبہ میں اس کا جال پھیلا دیجیئے۔ کوئی گاؤں اور کوئی قصبہ اس سے خالی نہ ہو۔ یہ آپ کے اس صوبہ کے لئے اتنی بڑی نعمت ہے کہ مجھے اگر رشک آتا ہے اہل بہار پر تو اسی پر آتا ہے۔ یہاں اور بہت سی رشک کے قابل چیزیں ہوں گی۔ میں ان کا انکار نہیں کرتا' لیکن مجھے سب سے زیادہ یہ رشک آتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ان کو اس نعمت سے نوازا ہے' کہ یہاں ایک نظام شرعی قائم ہے' اور لوگ اس کی قدر نہیں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



سمجھ رہے ہیں، اور بہت سے لوگ اس نظام کو کمزور کرنے کی کوشش کرتے رہتے ہیں۔ میں آج ریل پر کہہ رہا تھا کہ میری سمجھ میں نہیں آتا کہ ہمارے بڑے سے بڑے آدمی سے قیامت میں سوال ہوگا کہ تم نے بغیر شرعی نظام کے زندگی گزاری، تمہارا کوئی نظام نہیں تھا کتنی سخت حدیثیں آئی ہیں کہ بعض مرتبہ آدمی کانپ جاتا ہے، تو میں آپ سے صفائی کے ساتھ یہ کہتا ہوں، مولانا ہوتے یا نہ ہوتے میں یہی کہتا کہ آپ کا پہلا فرض یہ ہے یہاں سے نکلنے کے بعد آپ اس امارت شرعیہ کے کام کو وسیع اور مستحکم کریں اور سارے صوبے میں اس کی شاخیں بنائیں۔ اڑیسہ کے حالات سے میں زیادہ واقف نہیں ہوں، لیکن کم سے کم بہار اور اڑیسہ کے بھی اگر طلبہ یہاں ہوں تو میں ان سے بھی کہتا ہوں کہ دونوں صوبوں کو اس نظام کے دامن میں لانے کی کوشش کریں۔ اور اس نظام سے ایسا مربوط کردیں کہ پورے صوبہ میں زندگی بالکل شرعی طریقے پر گزرنے لگے۔ اور بلکہ بہت اچھا ہوتا کہ جو صدقات اور زکوٰۃ وغیرہ کا نظام ہے۔ شریعت کی تفصیلات وغیرہ کے ساتھ کہ مثلاً اموال ظاہرہ کی زکوٰۃ جمع کی جائے۔ اموال باطنہ کے متعلق نہیں کہتا۔ اور اگر اس کا موقع ہو تو آخر حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے پہلے وہ نظام بھی نافذ تھا۔ بہرحال یہ آپ کا پہلا کام ہے۔ میں اس کام پر کسی کام کو ترجیح نہیں دیتا۔ آپ نے اگر یہ کام کرلیا تو آپ نے نہ صرف اس مدرسہ اور جامعہ رحمانیہ کا حق نمک ادا کیا اور اس کے ساتھ آپ نے وفاداری کی اور اس کے سپوت ثابت ہوئے، بلکہ آپ نے اس وقت دینی مدارس کے فرزندوں میں ایک امتیازی مقام پیدا کیا۔

دوسری چیز دینی مکاتب کا قیام ہے۔ معاف کیجئے گا میں اس وقت عربی مدارس

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کی افادیت کا اتنا قائل نہیں ہوں کہ قصبے قصبے میں ہوں اور ہر جگہ دورہ ہو، اور ہر جگہ بخاری شریف ضرور ختم ہو، لیکن ان مکاتب کی ضرورت زیادہ ہے یعنی مسلمانوں کو دین کے مبادیات سے واقف کرانا، اردو کا تحفظ اور دینیات سے واقفیت اور حلال وحرام اور اس سے بڑھ کر کفر و ایمان اور توحید و شرک، اِن کا امتیاز ان کو ہو جائے۔

ہمارے ملک میں آج تیزی کے ساتھ کمیونزم لایا جا رہا ہے اور کوئی موقع کوئی فرصت کوئی لمحہ اس کے لئے ضائع نہیں کیا جا رہا ہے۔ ہم آپ یہاں بیٹھے ہوئے ہیں اور تیزی کے ساتھ ہندوستان بدل رہا ہے۔ ہر چیز کو نیشنلائز کیا جا رہا ہے۔ یونیورسٹیوں کی باری آگئی۔ مسلم یونیورسٹی کی باری آگئی۔ کل مدارس کی باری آسکتی ہے، تو اس کے لئے مکاتب کا جال بچھا دیجیے، اور مساجد کو مسلمانوں کی زندگی کا مرکز بنایئے۔ سب سے آخر میں انقلاب کے قدم جہاں پر پہنچیں گے وہ مسجدیں ہیں، اس لئے آپ ایسی جگہ اپنے مرکز بنایئے، جہاں دیر میں انقلاب پہنچے یا وہاں تک انقلاب پہنچتے پہنچتے قیامت آجائے ممکن ہے موقع ہی نہ ملے تو آپ مساجد کو مرکز بنایئے اور کثرت سے مکاتب قائم کیجیے۔ اور بالکل اس کی پرواہ نہ کیجیے کہ آپ نے مدرسہ میں یہ پڑھا تھا، اور وہ علوم عالیہ اور معارف اور حقائق پڑھے تھے اور اب یہاں بچوں کو پڑھا رہے ہیں، دیہاتیوں سے باتیں کر رہے ہیں۔ آپ نے علم ضائع کیا کبھی اس کا خیال نہ کیجیے، مقصود اللہ تعالیٰ کی رضا ہے اور اسلام کا تحفظ۔ یہ دو محاذ ہیں۔ یہاں رہتے ہوئے استعداد پیدا کرنا اپنے علم میں کمال پیدا کرنا۔ اچھے مدرس بنانا۔ اور باہر امارت شرعیہ کا نظام اور مکاتب کا قیام۔ اگر آپ نے یہ دو چیزیں کر لیں تو آپ و أما ما ينفع الناس فيمكث في الارض کے مصداق ہوں گے۔ اور کوئی بے رحم بے درد ہاتھ کوئی ظالم ہاتھ اور کوئی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


نقلاب وتغیّر آپ کے نقش کو نہیں مٹا سکتا۔ اور آپ کو اپنی جگہ سے نہیں ہٹا سکتا
ور سچی بات ہے کہ آپ کے لئے کوئی انقلاب نہیں ہے۔ آپ کے لئے کوئی تغیّر نہیں ہے۔
س لئے کہ آپ نے اپنی نافعیت ثابت کر دی۔ اور اللہ تبارک وتعالیٰ کے یہاں اس
ے لئے خاص طور پر ضمانت ہے جو دین کے ذریعہ دین کے راستہ میں اپنی نافعیت
ابت کر دے۔ جب ہی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ فرمایا تھا" ان تہلک
ھٰذہ العصابۃ لن تعبد" اے اللہ تیری عبادت کا انحصار ان پر ہے۔ تیری
وحید کی منادی کا انحصار ان پر ہے۔ آپ بھی ثابت کر دیجئے کہ اللھم ان تہلک
ھٰذہ العصابۃ لن تعبد فی ھذہ الارض کم سے کم یہیں ہندوستان کے
متعلق کہہ دیجئے پھر کوئی آپ کا بال بیکا نہیں کر سکتا۔

بس بھائیو! اگر آپ نے میری یہ باتیں یاد رکھیں، ہو سکتا ہے اس میں آپ کوئی
جوش خروش نہ پائیں کوئی خطابت نہ پائیں۔ کوئی علمی تحقیق نہ پائیں لیکن یہ آپ کے
کام کی باتیں ہیں، تو انشاء اللہ آج سے دس برس کے بعد معلوم ہوگا کہ آپ نے ایک
بہت بڑا احصار قائم کر لیا۔ نہ صرف اپنے لئے بلکہ تمام مدارس کے لئے اور دینی دعوت
اور اس کے کام کے لئے، اگر یہ نہیں ہے تو مجھے ان دینی مدارس کے بند ہونے کا بہت
خطرہ ہے، اس کا اندیشہ ہے کہ ان کی جائدادوں کو اور ان کے وسائل کو اپنے انتظام
میں لینے کا بہت جلدی مطالبہ شروع ہو جائے۔ اور ہم اس کا مقابلہ نہ کر سکیں لیکن
اگر آپ نے اللہ تعالیٰ کے یہاں مدد کا استحقاق پیدا کر لیا۔ اور یہاں آپ نے زندہ رہنے
کا استحقاق ثابت کر دیا تو انشا اللہ پھر انقلاب کی کوئی دست برد آپ کو مٹانے میں
کامیاب نہیں ہو سکتی۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



رحم کی اپیل پر کوئی قوم زندہ نہیں رہ سکتی اور اگر یہ نہیں تو محض تاریخ کے سہارے محض روایات کے سہارے اور محض رحم کے استغاثے کے بل پر اسکی بنیاد پر نہ کوئی جماعت رہ سکتی ہے نہ کوئی ادارہ رہ سکتا ہے نہ کوئی تنظیم رہ سکتی ہے۔ اگر آپ کسی پیام کے منتظر ہوں تو میرا پیام آپ کے سامنے یہی ہے۔ اگر آپ کسی درخواست کو سن سکیں تو میری یہ آپ سے درخواست ہے۔ اگر آپ کسی مشورے کے طالب ہوں تو میرا آپ کو یہی مشورہ ہے، اس کے علاوہ کچھ کہنے کی ضرورت نہیں۔

میں دعا کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ آپ کی صلاحیتوں کو پروان چڑھائے۔ آپ بڑے خوش قسمت ہیں کہ ایک بڑی شخصیت کے ساتھ وابستہ ہیں۔ ایک مرکز کے ساتھ وابستہ ہیں، اور وہ مرکز ایسا ہے کہ علم سے بھی اس کا تعلق ہے۔ اور امارت سے بھی اس کا تعلق ہے۔ مدارس سے بھی اس کا تعلق ہے میں دعا کرتا ہوں کہ آپ ان کے دامنِ تربیت میں پورے طور پر پرورش پائیں، ترقی کریں، اپنی صلاحیتوں کو پروان چڑھائیں۔ اور اپنے علم سے ملت کو ملک کو اور مسلمانوں کو فائدہ پہنچائیں۔

وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العلمین

www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


# اعتراف نعمت

خداوند کریم ورحیم اپنے بندوں پر جس قدر انعامات واکرامات کا نزول فرماتے ہیں اور جن بیشمار احسانات سے نوازتے ہیں ان کا شکر ادا کرنا ضعیف وناتواں انسانوں کے لئے کہاں تک ممکن ہے لیکن ان نعمتوں اور نوازشوں کا صحیح معنوں میں اعتراف بھی بہت اونچی اور لائق صد آفریں چیز ہے۔ درحقیقت "اعتراف نعمت" ہی انسانوں کو مزید نعمتوں کا مستحق قرار دیتی ہے۔ انسان کی ساری کامیابیوں کا راز اور اس کے کمالات کا ماحصل اپنے عجز کا اقرار اور اللہ تعالیٰ کی غیر محدود نعمتوں کا اعتراف ہے۔ اس کے بغیر مقام شکر حاصل نہیں ہو سکتا ہے اور رضائے الٰہی پا نہیں سکتے ہیں۔ اس حقیقت کا اعتراف انسانیت کا کمال ہے اور اس سے انکار زوال آدمیت ہے۔

منجملہ اور احسانات کے جو ہم جیسے ضعیفوں وناتوانوں پر خداوند قدوس نے فرمائے ہیں اس کا سب سے بڑا فضل وکرم یہ ہے کہ اس نے ہمیں علم دین جیسی عظیم نعمت سے مالا مال ہونے اور اس نسبت سے عالم اسلام کی ایک ممتاز علمی درسگاہ دارالعلوم ندوۃ العلماء حاضر ہوکر اس چشمۂ روحانی سے حسب طلب وتڑپ سیراب ہونے کا موقع نصیب فرمایا ہے۔ ذالک فضل اللہ یوتیہ من یشاء واللہ ذوالفضل العظیم ہم اس نعمت کی جتنی بھی قدر کریں کم ہے۔ خدا سے دعاگو ہیں کہ وہ ہمیں اس کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

حصول علم دین کے تعلق سے سرزمین ندوہ میں قدم رکھنے کے بعد جہاں اور بہت سارے ذرائع اور وسائل طالبان علوم نبوت کی ضیافت اور سیرابی کے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



لئے مہیا کئے جاتے ہیں وہاں ادارے کے سرپرستوں، ذمہ داروں، ملک و بیرون ملک کے یکتائے روزگار، ماہرین فن علماء، ادباء اور مفکرین کے خطبات اور مقالات کا بھی ایک گرانقدر سلسلہ ہے جن سے مہمانانِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم غیر شعوری طور پر متاثر ہوتے ہیں اور انکے اندرونی جذبات وخیالات ایک بہترین انداز میں نشو ونما پاتے ہیں اور طلباء کے حالات ومستقبل پر ان کے نمایاں اثرات ظاہر ہوجاتے ہیں۔ بسا اوقات محض کسی مخلص کی ایک مخلصانہ تقریر اور تحریر سے زندگیوں میں انقلاب اور فکر ونظر میں تغیر و تبدل آجاتا ہے اور زندگی کے سمندر میں بجائے جمود کے تموّج پیدا ہوجاتا ہے۔ اس کی کئی مثالیں پائی جاتی ہیں۔

اسی سلسلے کی ایک کڑی حضرت الاستاذ مولانا سیّد ابوالحسن علی ندوی ناظم دارالعلوم ندوۃ العلماء کی گیارہ تقریروں کا مجموعہ ہے جو موصوف نے طلبائے علوم دین سے مخاطب ہوکر کیں۔ ان میں سے آٹھ تقریریں دارالعلوم ندوۃ العلماء میں مختلف موقعوں پر کیں، دو تقریریں دارالعلوم دیوبند میں ہوئیں نیز ایک تقریر جامعہ رحمانیہ مونگیر میں کی گئی۔ ان تقاریر میں اکثر تقریریں پندرہ روزہ "تعمیر حیات" لکھنؤ میں شائع ہوچکی ہیں۔ ہمیں اندازہ ہے اور اسکا اعتراف بھی ہے کہ مولانا کی یہ تقریریں ہم طلباء کے لئے بے حد مفید ثابت ہوئیں اور انہوں نے اس کا اچھا اثر قبول کیا، اور بہت سے وہ طلباء جو حالات حاضرہ سے متاثر تھے یا ذہنی پریشانیوں میں مبتلا اور احساس کمتری کا شکار تھے انہوں نے ان تقریروں سے اپنے اندر ایک نئی قوت محسوس کی اور اپنی ذہنی پریشانیوں کو رفع کیا، ہمیں یقین ہے کہ یہ تقاریر کا مجموعہ قارئین کے حق میں بھی مشعل راہ اور "سراغِ زندگی" ثابت ہوگا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اب یہی تقریریں کتابی شکل میں نفع عام کی غرض سے منظر عام پر لائی جا رہی ہیں۔ حضرت مولٰنا مدظلہ العالی کی رضامندی، مولٰنا محمد الحسنی ایڈیٹر البعث الاسلامی کی نظر ثانی و اصلاح کے بعد ان کے گرانقدر مقدمے کے ساتھ انجمن طلبائے بھٹکل کو اس کی اشاعت کی سعادت نصیب ہو رہی ہے۔ فللّٰہ الحمد! امید ہے کہ اس کتاب سے تمام مسلمان بالعموم اور مدارس عربیہ کے طلباء بالخصوص فائدہ اٹھائینگے اور اپنی زندگیوں میں اس کے کچھ نہ کچھ اثرات محسوس کریں گے۔

اب ہم ان تمام حضرات کے مشکور ہیں جنہوں نے اس کتاب کی طباعت و اشاعت میں دلچسپی لی اور اپنے مشوروں سے نوازا، خصوصاً ہم حضرت مولٰنا محمد الحسنی صاحب (ایڈیٹر البعث الاسلامی) کا شکریہ ادا کرتے ہیں کہ انہوں نے ابتداتا انتہا ہماری ہمت افزائی فرمائی اور ہر قسم کی اعانت فرماتے رہے۔ مولانا شمس الحق صاحب ندوی اور مولانا غفران صاحب ندوی بھی شکریہ کے مستحق ہیں جنہوں نے تقریروں کے جمع کرنے اور کتابت و طباعت کے سلسلے میں ہماری مدد فرمائی۔ آخر میں ہم ہمارے محسن و خیر خواہ مولٰنا محمد فاروق صاحب بھٹکلی ندوی (مقیم حال دمشق) کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتے ہیں، جنکی عرق ریزی، محنت و کاوش نے نہ صرف اس انجمن کو وجود بخشا بلکہ ہمارے اندر ہمت و جذبہ پیدا کرنے میں ہمہ وقت معین و مددگار رہے۔ اور جن کے مفید مشورے اس راستے کی تیرگیوں میں ہمارے لئے مشعل راہ ثابت ہوئے، ہمیں قوی امید ہے کہ موصوف آئندہ بھی ہمیں اپنے گرانقدر مشوروں سے محروم نہیں رکھیں گے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اللہ تعالیٰ ان حضرات کو بہترین بدلہ عطا فرمائے اور ہم لوگوں کو اپنی رضا اور خدمت دین کے سلسلہ میں مزید اقدام کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

انجمن طلبائے بھٹکل
دار العلوم ندوۃ العلماء لکھنؤ
۲۵ ررجب المرجب ۱۳۹۳ھ مطابق ۲۶ راگست ۱۹۷۳ء

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

# مفکرِ اسلام مولانا سید ابوالحسن علی ندویؒ

## کی چند اہم شاہکار تصنیفات

تاریخ دعوت و عزیمت مکمل (چھ حصے)
مسلم ممالک میں اسلامیت اور مغربیت کی کشمکش
انسانی دنیا پر مسلمانوں کے عروج و زوال کا اثر
منصب نبوت اور اُس کے عالی مقام حاملین
دریائے کابل سے دریائے یرموک تک
تذکرہ فضل الرحمٰن گنج مراد آبادیؒ
تہذیب و تمدن پر اسلام کے اثرات و احسانات
تبلیغ و دعوت کا معجزانہ اسلوب
مغرب سے کچھ صاف صاف باتیں
نئی دنیا (امریکہ) میں صاف صاف باتیں
جب ایمان کی بہار آئی
مولانا محمد الیاسؒ اور اُن کی دینی دعوت
حجاز مقدس اور جزیرۃ العرب
عصر حاضر میں دین کی تفہیم و تشریح
تزکیہ و احسان یا تصوف و سلوک
مطالعہ قرآن کے مبادی اصول
سوانح شیخ الحدیث مولانا محمد زکریاؒ
خواتین اور دین کی خدمت
کاروان ایمان و عزیمت
سوانح مولانا عبدالقادر رائے پوریؒ

نبی رحمتؐ مکمل (دو حصے)
حدیث کا بنیادی کردار
معرکۂ ایمان و مادیت
پرانے چراغ (تین حصے)
ارکان اربعہ
نقوشِ اقبال
کاروانِ مدینہ
قادیانیت
تعمیرِ انسانیت
حدیثِ پاکستان
اصلاحیات
صحبتے با اہلِ دل
کاروانِ زندگی (سات حصے)
مذہب و تمدن
دستورِ حیات
حیاتِ عبدالحیؒ
دو متضاد تصویریں
تحفۂ پاکستان
پاجا سراغِ زندگی
عالمِ عربی کا المیہ

ناشر: فضلِ ربی ندوی — فون 6601817 - 6600896
مجلسِ نشریاتِ اسلام ناظم آباد مینشن ۱۔ کے ۳ ناظم آباد ۱ کراچی
اسٹاکسٹ: مکتبہ ندوہ قاسم سینٹر، اردو بازار، کراچی
فون - 2638917